کم بس چن نلی یا جلنے کی نلی کو ایک لمبی بھٹی مین رکھدیتے ہین اور باہستگی گیس چراغ شرارکے جلتے ہوئے اوسکے نیچے رکھنے سے سرخ حرارت تک گرم کردیتے ہین اور اس ترکیب سے ہر جزو نلی علیحدہ علیحدہ اور بتدریج گرم ہوجاتا ہے اور بہت سے شعلے اوس حصہ نلی کے نیچے رکھتے ہین جہان وہ شی رکھی ہوئی ہوتی ہے تاکہ جلنا اوسکا اچھی طرح سے ضبط کیا جائے جب یہہ تجویز ایسی معلوم ہو کہ اسکے اندر سے ہوا کا گذر نہین ہوسکتا تو اوس جز نلی کو جو متصل کاگ کے ہے اور جس مین کلورائیڈ پڑا ہوتا ہے گرم کیا جاتا ہے اور جب قریب ۲۰ و ۲۵ حصہ سنٹی میٹر اس نلی کے سرخ گرم ہوجاوین تو اوس حصہ نلی کو جس مین وہ شی پڑی ہو آہستگی سے گرم کیا جاتا ہے جب تک بُلبُلے کاربانک ایسڈ کے جاری رہین جب تک وہ شی بالکل تمام جلجاوے

جب گیس نکلنے سے موقوف ہوجاوے تو کچھہ لحظہ تک تمام نلی کو گرم کیا جاتا ہی اور جب پوٹاشس کا عرق کم بس چن نلی کے قریب کی بلب مین واپس جانے لگتا ہے بباعث جذب کرنے کاربانک ایسڈ کے بتیلا سرا ایکا توڑا


D
E
C
A
A
F
F
B

کرنے سے جو کسی مقرر مقدار مرکب کی جلانے سے پیدا ہوئی جس مین
وزن کاربان اور ہیڈروجن کا جو کسی شی مین ہے معلوم دریافت ہو جاتا ہے

آرگنک مرکب کو خالص آکسیجن گیس مین یا خالص کاپر آکسائیڈ کے ہمراہ ملاکر
جلایا جاتا ہے جو اپنے آکسیجن کے ساتھہ ہیڈروجن یا کاربان کو سرخ
حرارت پر دید بینے کو طیار رہوتا ہے

اور دونون طریق مین حاصل اس جلانے کو جمع کرکے وزن کیا جاتا ہے
ایک وزن شدہ تعداد عموماً ہوگا۔ گر ہم کسی سخت چیز کی جو آکسائیڈ کاپر کے
ذریعہ تحقیقات کرنی منظور ہو ایک جلانے کی نلی مین ڈالیجاتی ہے اور یہہ
نلی قریب کی ۵۰ یا ۹۰ سنٹی میٹر کے طول مین ہونی چاہیئے ایک سر سے
کی طرف کو باریک ہونی چاہیئے اور دوسرے سرے کیطرف کھلی ہونی چاہیئے
پیشتر اسکے شی تحقیقات طلب اس نلی مین ڈالیجاوے خالص خشک آکسائیڈ
آف کاپر قریب ۱/۳ طول نلی کی اوسمین بہری جاتی ہے اور اس شی کو آکسائیڈ
کی ہمراہ بذریعہ تار پیتل کے اچھی طرح ملایا جاتا ہے اور بعد ازان اور تازہ آکسائیڈ
اوسمین ملایا جاتا ہے اور تار کو بہت احتیاط سے نکالا جاتا ہے تاکہ ذرہ
شی کا اوسکی ہمراہ لگا ہو نہ رہے اور تب تمام نلی کو پر کیا جاتا ہے آلہ واسطے
جمع کرنے پانی کے بذریعہ اچھی پکی ڈاٹ کے کہلی سرے نلی کے ساتھہ جوڑا جاتا
ہے یہہ آلہ ایک نلی مین ہوتا ہے جسمین خشک سامدار کلورائیڈ آف کالشیم ہوتا
ہے اور اوسکو بہت احتیاط سے وزن کیا ہوا ہوتا ہے اور یہہ شی کامل
طور پر پانی اور بخار پانی کے جذب کر لیتا ہے جو جلنے سے پیدا ہوا ہو

اشیاء جنکا فیصدی ساخت اور مجموعی وزن یکسان ہو مختلف اصول کے واقع ہونے سے جن سے کہ حاصل جمیع تعداد ذرون کی یکسان ہو جاوی پیدا ہوتی ہین لیکن انسے مرکبات مختلف بنتے ہین ذیل کے اجسام ایمن سے ہین

پروپلیا مائین	میتھایل اتھیلیا مائین	ٹرائی میتھیلیا مائین
ن ک۳ ھ۷ ھ۲	ن ک ھ۳ ک۲ ھ۵ ھ	ن ک ھ۳ ک ھ۳ ک ھ۳
ڈائی پروپایل ایتھر	میتھایل امایل ایتھر	ایتھایل بوٹائل ایتھر
ک۳ ھ۷ ا ک۳ ھ۷	ک ھ۳ ا ک۵ ھ۱۱	ک۲ ھ۵ ا ک۴ ھ۹
بیوٹرک ایسڈ	میتھایل پروپایونیٹ	ایتھایل ایسٹیٹ، پروپایل فورمیٹ
ک۳ ھ۷ ا ا ھ	ک ھ۳ ا ا ک۲ ھ۵	ک۲ ھ۵ ا ا ک۲ ھ۳، ک۳ ھ۷ ا ا ک ھ

دریافت کرنا ساخت مرکبات کاربان کا

کاربان اور ہیڈروجن کے مقدار کا دریافت کرنا چونکہ تمام آرگنک مرکبات مین کاربان ہوتا ہے اور اکثر مین ہیڈروجن بہی ہوتی ہے - ان دونون اجزا کا دریافت کرنا ایک امر ضروری ہے - اور طریق تحقیقات تمام آرگنک مرکبات کے لئے یکسان ہی ہوتا ہے - اور اسکی بنیاد اس امر پر ہے کہ جب کسی مرکب کاربان کو سرخ حرارت تک گرم کیا جاوے تو کاربان بالکل جلجاتا ہے اور کاربانک ڈائی اکسائڈ بنجاتا ہے اور ہیڈروجن سے پانی بنجاتا ہے پس ان دونون حاصل کے مقدار کو وزن

خیر کا ہیوٹائل الکوہال | ٹرشیری بیوٹائل الکوہال

ک ھ٣
ک ھ٣
ک ھ
ک ھ٢ ھ ا
ک ھ٢ ھ ا

ک | ک ھ٣
ک ھ٣
ک ھ٣
ھ ا

اتھیلین کلورائڈ | اتھیلیڈین کلورائڈ

ک ھ٢ ک ل
ک ھ٢ ک ل

ک ھ ک ل ٢
ک ھ٣

جب مرکب نا پر ہوں تو اس سے زیادہ تعداد کے آسی سومر ممکن ہین۔ جب ہیڈروجن کے ذرے مختلف مقامات مین موجود ہون۔ آسی سومیرزم خوشبودار سلسلون مین اون ہی باعثون سے پیدا ہوتا ہے جیسے پارافین کے سلسلہ مین

٣ پولیمیرزم

مرکبات جنمین یکسان فیصدی ساخت ہو لیکن مجموعی وزن مختلف ہو پولیمر کہلاتے ہین اور اسطرح سے ایک سلسلہ مرکب ہیڈروکاربان کا معلوم ہے جس مین وو چند ہیڈروجن کے کاربان کے ذرون سے ہین اتھلین ک٢ ھ٤ پروپالین ک٣ ھ٦ بیوتھلین ک٤ ھ٨ امیلین ک٥ ھ١٠ ذیل کے اشیا بھی نیز پولیمر ہین۔ آلڈی ہائیڈ ک٢ ھ٤ ا۔ اکرلڈی ہائیڈ ک٤ ھ٨ ا٢ پارالڈی ہائیڈ ک٦ ھ١٢ ا٣

بیان میٹامیرزم

ک ھ۳ ک ھ۳ ک ھ۲ ک ھ۳ ک ھ۳ اور چوتھی قسم ک۴ ھ۱۰ انتقال ایکذرہ ہیڈروجن سے ساتہہ ک ھ۳ کے مجموعہ کے پیدا ہوتی ہے اور یہہ انتقال ذرون کاربان کے ساتہہ جو انجام سلسلہ پر واقع ہین یا درمیانی کے ساتہہ واقع ہوسکتا ہے اور اسطرحسے یکسان اشیا پیدا ہو جاتے ہین

ک ھ۳ اور ک ھ ک ھ۳
ک ھ۲ ک ھ۲
ک ھ۳ ک ھ۳

دوسری علامت سی تین یکسان علامات موجود رہتی ہین | ک ھ۳ ک ھ۲ ک ھ۲ ک ھ۳

ک ھ۳ ک ھ ک ھ۳
ک ھ۲ ک ھ۳
ک ھ۲
ک ھ۳ ک ھ۳

بڑی بڑے اعلے اجزا اس سلسلے کی ممکن تعداد آئی سومر بڑہتے جاتے ہین مرکب پارافین کے سلسلے کی ان ہئدرائڈ مین سے انتقال ایک یا زیادہ ذرون ہیڈروجن ساتہہ دوسرے عناصر یا مجموعون ذرون سے پیدا ہو جاتے ہین اور مطابق اسکے کہ حسطرح یہہ انتقال ایک یا زیادہ ذرون کاربان کے ساتہہ واقع ہوتا ہے ویسی ہی صورتین یکسانی کی پیدا ہونگی اور ذیل کی علامات سی سادہ امین سے اچھی طرح ظاہر ہونگی۔

پروپایل ایڈرائڈ	آئی سو پروپایل ایڈرائڈ
ک ھ۳	ک ھ۳
ک ھ۲	ک ھ ا
ک ھ۲ ا	ک ھ۳

نورمل بوٹایل الکوہال	سکینڈری بیوٹایل الکوہال
ک ھ۳	ک ھ۳
ک ھ۲	ک ھ۲
ک ھ۲	ک ھ ا ھ
ک ھ۲ ا ھ	ک ھ۳

ہین اور مونو بیسک ایسڈ طیار ہوجاتا ہے اور ورنہ علامت عام تعلق مرکب کی ظاہر نہین ہوسکتی اسلیئے ایک ایک مرکب کی کئی معقول علامات ہوسکتی ہین اور اِس طریق پر اکثر مفید طور سے اسٹیک ایسڈ کو ذیل کی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے ک ا ھ ہ ھ ا ۔ اِس سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسٹیک ایسڈ مین ۲ ذرے کاربان کے ملے ہوئے پائے جاتے ہین جن سے ایک مین ۳ ذرہ ہیڈروجن سے ملا ہوا ہے اور ایکذرہ ڈائڈ آکسیجن اور مونیڈ ہیڈر اکسایل سے ملا ہوا ہے اور یہہ یاد رکھنا بھی ضروریات سے ہے علامت سے ٹھیک ٹھیک مقام ذرون کا مجموعہ مین ظاہر نہین ہوتا ہے لیکن اِس سے صرف صورت چلن علامت چلن کی معلوم ہوتی ہے ہمین اکثر علامت معقول اور فرضی مختلف قسم کی ایک ہی شئی کے مطابق عمل اور خواص کی ظاہر کرنی ہوگی استعمال کرنی پڑے گی

آئی سومیرزم - یا یکسانی کا

کاربان کے مرکب جن مین فیصدی ساخت یکسان ہوتی ہے اور جو ساخت کیمیائی اور ظاہری خواص مین مختلف ہوتی ہین آسومیرک کہلاتی ہین اور یہہ یکسانی کئی ایک مرکب سے پیدا ہوتا ہے یکسانی محدود منشار مین اون مرکبون کا تعلق کیجاتی ہے جو مجموعہ مین برابر تعداد کاربان کے ذرون کی رکھتے ہین سلسلہ ہیڈرو کاربان جنکی عام علامت ک ن ھ ۲ ن + ۲ تو حالت یکسانی مختلف طریق انتظام کاربان کے ذرون سے پیدا ہوتا ہے اول تین رقمین اِس سلسلہ کی کوئی یکسان یا آئی سومیرک خاصیت نہین رکھتی ہین

چاہیئے

بیان علامت فرضی اور معقول کا

سب سے سادہ طریق ساخت آرگنک مرکبون کے تحریر کرنیکا یہ ہے کہ تعداد اجزا کی ذرون کا پاس پاس تحریر کردیا جاوے مثلاً ک۲ھ۶ ایتھایل ہیڈرایڈ ک۲ھ۶ا ایتھایل الکوہال ک۲ھ۷ن ایتھایل اماین - ک۲ھ۴ا۲ اسٹی ٹک ایسڈ - اِن سے وزن مجموعی اشیا کا معلوم ہوتا ہے اور اسکو علامت فرضی بولتے ہین - بلا تعداد مرکبات کاربان پر اکثر واقع ہوتا ہے کہ دو سے زیادہ اجسام کی ساخت کیمیائی یکسان ہوتی ہے یعنی اون مین تعداد عناصر کی یکسان ہوتی ہے اگرچہ اون کے اوصاف کیمیائی اور ظاہری مین فرق ہوتا ہے تاکہ اِن یکسان اجسام کی تمیز کیجاوے علامت معقول کا استعمال کرنا واجب معلوم ہوتا ہے تاکہ کیمیائی خواص اور اونکے تفرقہ کا خیال سمجھہ مین آجاوے مذکورہ بالا مرکبون کو ذیل کی معقول علامات سے تحریر کیا جاتا ہے - ایتھایل ہیڈرایڈ ک۲ھ۵ھ ایتھایل الکوہال ک۲ھ۵اھ ایتھایل امائن ک۲ھ۵ان ھ۲ اسٹیک ایسڈ ک۲ھ۳ا ا ھ اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مونہڈ اصول ک۲ھ۵ اول مرکب مین پایا جاتا ہے اور الکوہال کو بطور واٹر کے تصور کرنا چاہیئے جسمین ایکذرہ ہیڈروجن کا ایتھایل سے منتقل ہوا ہے اور ایتھایل امائن اسی نسبت مین آمونیہ کے ساتھہ واقع ہے علامت اسٹیک ایسڈ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکو بھی الکوہال تصور کرنا چاہیئے جس مین دو ذرے ہیڈروجن کے ایکذرہ آکسیجن سے منتقل ہوئے ہے

اتھیلی کلورائیڈ ک ل ۲ ھ ۴ ک ل ۲

اتھیلین الکوہال ک ۲ ھ ۴ ھ ۲ و۲ پروپائین کلورائڈ ک ۳ ھ ۶ ک ل ۲ پروپالین الکوہال ک ۳ ھ ۶ ھ ۲ ا اور ٹرائیڈ اصول سے ذیل کے اشیا طیار ہوتے ہین ٹرائی کلورہیڈرائین یا گلسرایل ٹرائی کلورائیڈ ک ۲ ھ ۵ ک ل ۳ - گلسرین یا گلسرایل الکوہال (ک ۳ ھ ۵ ھ ۳ و۳) ا

تمام اشیاء جو مشابہہ مذکورہ بالا کے ہین یا اون سے نکالیجاتے ہین فیٹی پرامین مجموعہ آرگنک اجسام کے کہلاتے ہین اور دیگر مرکب کاربان کے بھی معلوم ہین جو بہ تصور کئے جاتے ہین لیکن اسمین کاربان کے ذرے بہت آپس مین خفیف طرح ملے ہوئے ہوتے ہین اور بڑا مجموعہ ان اجسام کا آرومیٹک جو خوشبودار مجموعہ آرگنک اجسام کے کہلاتا ہے ۔ مثلاً علامت بنزول ک ۶ ھ ۶ ہے اور جسم مین ۱۸ طاقتین اتصال ۲۴ مین سے ۶ ذرون کاربان کے ۔ اتصال کاربان سے ساتھہ کاربان کے پُر ہوجاتے ہین

یہہ دریافت ہوچکا ہے کہ خواہ کیسے ہی کاربان کے ذرے آپسمین ملے ہوئے ہون طاقتین اتصال کی جو باقی اور پُر نہین ہوتی ہین جفت ہوتی ہین ۔ اس سے اور نیز او النٹ خاصیت کاربان سے پایا جاتا ہے کہ حاصل جمع ذرون مونیڈ اور ٹرائیڈ عنصر کے کاربان کے ساتھہ ملکر ایک عدد جفت ہونی چاہئیے حالانکہ تعداد ڈائیڈ عنصر کے اسطرح سے محدود نہین ہے

اول ہمکو خواص اور طریق سے بننے بعض نہایت ضروری مرکبات فیٹی جماعت کے مطالعہ کرنے چاہئیے اور آرگنک اجسام کے خوشبودار سلسلہ کے خلاصہ وصاف بیان کئے

اور اسی ہیڈروجن کو مونواٹامک ہیڈراکسایل اصول کے ساتھہ منتقل ہونے سے ھ ا ہر ایک ہیڈرایڈ مین ضروری مرکب کی جماعت بنتی ہے جسکو الکوہال بولتے ہین۔

مونو کاربان کا سلسلہ
ک ھ۳ ا د میتایل الکوہال

ڈائی کاربان کا سلسلہ
ک۲ ھ۵ ا ایتایل الکوہال

ٹرائی کاربان کا سلسلہ
ک۳ ھ۷ ا پروپایل الکوہال

مجموعہ مرکب عناصر کے میتایل ک ھ۳ - ایتایل ک۲ ھ۵ اور پروپایل ک۳ ھ۷ - یہہ کئی مرکب تمام اشتقاق مین بلا تقسیم قایم رہتے ہین اور ہر ایک سلسلہ کو عجیب خاصیت دیتے ہین معدنی کیمسٹری مین بہی اصول پائے جاتے ہین۔ بعض اونین سے مونیڈ بعض ڈائیڈ ترائیڈ یا ٹٹریڈ ہوتے ہین ویسی ہی کاربان مرکبات کے درمیانین بعض اصول موجود ہین جنہین ایک سے زیادہ کشش اتصال بدون پورے کے ہوتی ہے اور جو اِس وجہ سے زیادہ ذرون کے یا پولے اٹامک اصول ہوتے ہین

اسیطور پر میتی لین ک ھ۲ ایتی لین ک۲ ھ۴ - اور پروپائین ک۳ ھ۶ ڈائیڈ ہین اور ہر ایک مین دو ذرے ہیڈروجن کے مقابل کے ہیڈرو کاربان سے کم ہین - حالانکہ گلسرایل ک ھ۳ ۵ ٹرائیڈ ہے جسمین ۳ ذرے ہیڈروجن کے پروپائل ہیڈرائیڈ سے کم ہین

یہہ اجسام بڑی جماعت مرکبات کی پیدا کرتے ہین اور ہر ایک مین اصول مجموعہ کاربان اور ہیڈروجن کے ذرون کا ہے - مثلاً ڈائیڈ اصول سے

مقابلہ کر سکتے ہین اور ہر ایک مختلف کاربان کا سلسلہ ایسا تصور ہو سکتا ہے کہ جنہین مجموعہ ذرون کاربان اور ہیڈروجن کا ہوتا ہے اور جو ویسا ہی عمل ان مرکبات مین کرتا ہے جیسے مرکبات دھات مین عمل کرتی ہے اور اسکو نام مرکب اصول یا عنصر کا دیا گیا ہے

اور ہر مرکب عنصر جو ہر ایک مین ان اصول مین سے پایا جاتا ہے ہئڈرو کاربان ہے اور اسمین ایک ذرہ ہیڈروجن کا اصلی نمونہ سے کم ہے اور ہر ایک کو ان مین سے ہئڈرائڈ اصول کا بولتے ہین اور مجموعہ ہیڈروجن کا تصور ہونا چاہیئے جسمین ایک ذرہ ہیڈروجن کا بذریعہ مرکب عنصر یا اصول کے منتقل ہو جاتا ہے

مونو کاربان کا سلسلہ

ھ | مثلاً ک ھ۳ میتایل ہئڈرائڈ ۔ اور ک ۲ ھ ۵
ھ | ھ ھ

ڈائی کاربان کا سلسلہ ٹرائی کاربان کا سلسلہ

ایتھائل ہئڈرائڈ ک۳ھ۷ | پروپائل ہئڈرائڈ
ھ

اگر ایکذرہ ہیڈروجن کا اصول مین سے نکالکر اوسکے بدل ایکذرہ کلورین کا منتقل کر دیوین تو اوسکے مقابل کا کلورائڈ لیا رہ جاتا ہے مثلاً

مونو کاربان کا سلسلہ ڈائی کاربان کا سلسلہ


ک ھ۳ | میتایل کلورائڈ ک۲ھ۵ | ایتھائل کلورائڈ
ک ل ک ل

ٹرائی کاربان کا سلسلہ

اور ک۳ھ۷ | پروپائل کلورائڈ
ک ل

قوتین اتصال کی پُر ہوجاوین مثلاً کاربان مانوآکسائڈ اور ادوے فینٹ
لیس دونون بلاواسطہ ک ل ۲ سے ملجاتی ہین تاکہ پر مرکب بنجاوین اور جو
قاعدہ مذکورہ بالا کے مطابق ہین حالانکہ برعکس اِسکے ک ۲ ا یا ک ۲ ھ ۲ کے
ساتھہ اتصال کلورین کا پانیین ناممکن معلوم ہوتا ہے ذیل کے بیان یا
تشریح ان تینون قسم کے مرکبون کے بننے یا اتصال کے طریق کو زیادہ
واضح کردیوے گی

مونو کاربان　　ڈائی کاربان　　ٹرائی کاربان



ان شکلونسے واضح
ہوتا ہے کہ ک ھ ۴ کا
اینین ہونا ضروریات
سے ہے اور یہہ ہونا یا ایزاد کرنا تجربہ سے کیا جاتا ہے اور زیادہ بلند پیچدار
کاربان کے مجموعہ اتصال سادہ اور کم درجہ کے ملنے سے پیدا ہوجاتے ہین
اور یہہ ہی کم درجہ کے مرکب اپنے باری ہین مرکب عناصر سے پیدا ہو سکتے ہین
اسکے ۱۵ سلسلے تک ایسے مرکب سے جو اسطریق سے مصنوعی طور پر ملائے گئے
گئے ہین ہم آگاہ ہین اور اسمین ایک سے ۱۵ ذرہ تک کاربان کے پر کرنے
والے مقدار ہیڈروجن سے ملے ہوئے پائے جاتے ہین اور ہر ایک مرکب
سلسلہ کا بنیاد ہر ایک تعداد مخصوص مرکبات کا پیدا کرتا ہے ۔ اور انہین
ایک مشترک اجزا ہوتی ہے اور اپنی جماعت کی مشابہت اونمین پائی جاتی ہے
مرکب جو یک جنس مونو ڈائی ٹرائی اور اس سے زیادہ بلند کاربان کے
مجموعون سے حاصل ہوتے ہین معدنی دہات کے مرکبات سے بیشک

بلکہ اتصال دو ذری ڈائمینڈ کے ساتھہ ہے یا ایک مونیڈ اور ایک ٹرائیڈ یا ایک
ذرہ ٹٹرہیڈ کے ساتھہ ملکر پورے ہوجاتے ہین مثلاً کاربان ڈائی اگسایڈ ک ا۲
اور کاربان ڈائی سلفائیڈ مین کاربان دو ذرون ڈائیڈ سے پر ہے
ہیڈروجن سایانائیڈ ھ ک ن - ک مونیڈ اور ٹرائیڈ سے پُر ہے

جب دو ذری ٹٹراولنٹ کاربان اتصال پاتے ہین تو ایک نیا اصول یا
مجموعہ ذردان کا بنجاتا ہے سادہ طور اس دو بارہ سے بارہ کاربان کے
عنصر ملنے کا یہہ ہی کہ اتصال ایک کشش کا چار کشش کاربان کے ذرہ سے
ساتھہ ایک کشش دوسرے ذری کے چار طاقتوین سے ہے یعنے اسطور سے
دو طاقتین دور ہوجاتی ہین اور باقی اور ۶ طاقتین غیر سیر
باقی رہتی ہین جو قابل اتصال ہین اسلئے جب کہ ک ھ۴ ایک نمونہ مونو کاربان کے
سلسلہ کا ہے اور ک۲ ھ۶ سلسلہ ڈائی کاربان کا نمونہ ہے اور ک۳ ھ۸
ٹرائی کاربان کے سلسلہ کا ہے اور کوئی مرکب ان سلسلوں کا معلوم نہین ہے
جس مین تہر تو یا ۱ ذری مونیڈ سے زیادہ کے پائے جاوین

کاربان

دوسرے مجموعہ اجسام کے بہی موجود ہین جنمین تمام قوتین کاربان اتصال کی پوری
پوری بہہ نہین ہین مثلاً کاربان آگسایڈ روبی فنیٹ گیس ک۲ ھ۴۔ ان
اشیاء کو ناپرہ مرکب بولتے ہین اور انمین عجیب خاصیت بلاواسطہ اتصال
دیگر عناصر کے ساتھہ ایسے مقدار مین پائی جاتی ہے جس سے کہ خالی

ــــ مختلف تناسب سے ساتھہ ایک یا زیادہ اور عناصر کے پیدا ہوتے ہین مثلاً
ہیڈروجن آکسیجن اور نٹروجن - حالانکہ تعداد ذرون ان عناصر کی جو کسی
مجموعہ اکثر آرگنک اجسام مین پائے جاتے ہین بکثرت ہے مثلاً شوکر یعنے
چینی مین ۴۵ اور اسٹیارین مین ۱۱۷ ذری مرکب اجزا کے ہین کثرت مرکبات
کاربان کا باعث اصلی اور خاص خاصیت کاربانین تلاش کرنا چاہیے
اور کاربان مین بہی طاقت انضمام اپنے ساتھہ اور ذرون سے بہت زیادہ ہے تاکہ
پیچدار مرکب پیدا ہو جاوین اور ان مرکبات مین اجتماع کاربانکا ذرون
ہیڈروجن آکسیجن نٹروجن یا اوس فرق کے ساتھہ ہوتا ہے اور یہہ آپسمین
ایسے پیوستہ ہوے ہین ایک کیمیائی شئی بنجاتی ہے
کاربان ٹٹرا والنٹ ـــــ ہے سادہ مرکب کاربان کا مارش
گیس ہے ک ھ۴ - اس مرکب مین چارون اتصال کے اکایان کاربان
کے ذری کے اتصال ۴ ذرون ہیڈروجن کے ساتھہ ملکر پر یا تسکین یافتہ
ہوئے ہوے ہین اور اس لئے مارش گیس کو ک ھ۴ پر مرکب بولتے
ہین اور یہہ ذری کسے اور مونیڈ کے بہی یہہ خاصیت پر کر دیوینگے اور حقیقت
مین ہمین معلوم ہوتا ہے کہ ایک یا زیادہ (چار) ذرون ہیڈروجن مین سے
کلورین کے ساتھہ بتدریج منتقل کر سکتے ہین اور تب اسطریق سے ذیل
کے مرکب انتقال کے پیدا ہو جاتے ک ھ۴ ک ھ۳ ل ک ھ۲ ل۲
ک ھ ل۳ ک ل۴
چار قوتین اتصال کاربان کی ذری کی صرف چار ذرون مونیڈ ہی پر تسکین ہو سکتی ہے

آرگنک کیمسٹری

یا کیمسٹری مرکبات کاربان کی

آرگنک کیمسٹری کو کیمسٹری کاربان کے مرکبات کی بولتے ہین اکثر ان مرکبات مین سے حیوانات اور نباتات کے اجسام مین سے پہلے سے طیار ملتے ہین اور یہی وجہہ ہے کہ اس شاخ علم کو آرگنک کیمسٹری بولتے ہین ان ارگنک کیمسٹری سے یہہ حصہ اسواسطے علیحدہ نہین کیا جاتا ہی کہ ان دونون کے اجسام کے بننے کے قواعد مین کچہہ فرق ہوتا ہے لیکن اسلئے کہ آرگنک مین تعداد مرکبات کی بکثرت ہی اور اونکی ساخت پیچدار ہے اور یہہ بعد مطالعہ سادہ معدنی کیمسٹری کے مرکبات پہر انکو تجربہ کیا جاتا ہے۔ بعض آرگنک اشیا ساخت اور طرز بننے مین معدنی اشیا سے بالکل فرق رکہتے ہین یعنی اونمین ساخت عنصردار پائی جاتی ہے اور وہ باعث حیواناتی اور نباتاتی زندگی کے بلاواسطہ پیدا ہوتے ہین ایسی عنصردار ساخت سادہ سل مین پائی جاتی ہے جو ہیچ جاندار ساخت کا ہے اسکو مصنوعی طور پہ عناصر اجزا سے طیار نہین کر سکتے حالانکہ مقدار یا سیال آرگنک جسم عناصر سے طیار ہو سکتے ہین اول خصوصیت جو کاربان کی مرکبات مین پائی جاتی ہے اونکی تعداد غیر معمولی ہے اور جو تعداد کہ اب تک معلوم ہے تمام اور عناصر کے مرکبات سے بہت زیادہ ہے اور نئی مرکب روزانہ معلوم ہو جاتے ہین دویم خصوصیت ان مرکبات کی یہہ ہے کہ وے تمام اتصال کاربان

ہے

کیمسٹری سیاروں کی

وہ دلایل اور طریق تجربہ بحر ہوا سیاروں کے کیمیائی ساخت دریافت
کرنے کیلئے عمل مین آتے ہین کیونکہ یہہ از خود روشن آفتاب ہین لیکن تجربہ
کی مشکلات زیادہ ہین اور نتایج اسوجہہ سے پورے نہین ہین تاہم اونپر کچھ شک
اور شبہہ نہین ہے تمام سیاروں کی سپکٹرم مین سیاہ خط ہین لیکن یہہ
آفتاب کے سیاہ خطوں سے مختلف ہین اور آپسمین بھی اختلاف رکھتے
ہین اسلیئے ہم نتایج نکال سکتے ہین کہ بحر ہوا آفتاب اور سیاروں کی مختلف
ہین بہت سے اشیاء اس زمین کے سیاروں کی ہوا مین دریافت ہوئے
ہین مثلاً سیارہ مین جسکو آلڈہی باران بولتے ہین ہیڈروجن میگنیشیم
کالشیم - آیرن ٹیلیوریم - انٹمونی - بسموتھہ اور مرکری پائے جاتے
ہین اور شعری ایسس سوڈیم میگنشیم اور ہیڈروجن پائے جاتے ہین
بعض نیوبلا کے سپکٹرم کے دیکھنے سے بڑا فرق نظر آتا ہے - سیاروں
کا سپکٹرم اور آفتاب کا سپکٹرم آپسمین اسقدر مطابقت رکھتے ہین کہ ہر
ایک مین روشنی زمین اور یہہ روشن زمین پر سیاہ خطون سے تقاطع ہوئی
ہین لیکن سپکٹرم نیوبلا کی صرف روشن خطون سے بنی ہوئی ہین مثلاً
ہیڈروجن نیٹروجن ہاکسی اور دھاتے اسلئے یہہ سمجھا جاتا ہے کہ یہہ نیوبلا صرف
مجموعہ جلنے گیس کے ہین اور آفتاب اور سیاروں کی طرح سخت اور سیال
اجسام اپنے اندر نہین رکھتے ہین جنکے گرد بحر ہوا ہو

تشریح وجود سیاہ خطون کے آفتاب کے سپکٹرم مین جو روشن
خطون آفتاب کے ساتھہ مطابقت رکہتے ہین اب خوب عیان ہوجاتی
ہے یہہ سیاہ خط سفید روشنی کی گذر سی جو جلتے بخار ایسی وہات مین سے
گذرتی ہے اور جو آفتاب کے بحر ہوا مین موجود ہین اور یہہ بخار اوس قسم کی
روشنی جذب کرلیتے ہین جو ان سے خود نکلتی ہے اور آفتاب کے بحر ہوا مین
یہہ دہاتین حالت جلتے گیس مین پائی جاتی ہین

سفید روشنی سخت یا عرق مجموعہ سے جو بہت سخت گرم ہے اور آفتاب کے اندر
واقع ہے نکلتی ہے سیاہ خطون اور روشن ارضی دہات خطون کی
مطابقت دیکہکر ہمکو پورا یقین پائے جانے ان دہاتون کا آفتاب مین ہوتا
ہے اور پندرہ دہاتین آفتاب مین ابتک پائی گئی ہین - آیرن - سوڈیم
میگنشیم - کالشیم - کرومیم - نکل - کاپر - زنک - سٹرانشیم - کیڈمیم
مینگنز - بیریم - الومنیم - ٹٹانیم - ہیڈروجن بہی آفتاب مین پائی جاتی
ہین - بلکہ یہہ عنصر تمام روشن مقامات آفتاب کے گرد بکثرت پایا جاتا ہے
اور وہان اسکا حلقہ بطور جلتی ہوئی گیس کے ہے اور اسکو آفتاب
کا کرا ہو سفیر بولتے ہین اور مجموعہ جلتے ہوئی ہیڈروجن کے بلندیون آفتاب
سے ہزارہا میل اوپر اوبہری سرخ بلندیون نظر آتے ہین بہر عت
جلتے ہوئے ہیڈروجن کی سطح آفتاب پر بہت ہے - آفتاب کے طوفان
لوکیر نے دریافت کئے ہین ایسے سخت اور تیز ہوتے ہین کہ ہماری ارضی
سخت سے سخت طوفان اونکے مقابلہ پر صرف ہوا ہا رکے معلوم ہوتی

آفتاب کی روشن خطوط آیرن سے۔ وجود آیرن کا آفتاب
مین ہونے سے ہے اور اگر ایسا ہے تو آفتاب کی سپکٹرم سیاہ خط
یون معلوم ہوتے ہین

وجہہ اور تشریح

ایک تجربہ سے تبلائی جاتی ہے جس مین روشن دہات کے خط اولٹائی
جاتے یا سیاہ خطونمین مبدل کئے جاتے ہین مثلاً روشن زرد سوڈا
کا خط جو فران ہافر کے خط ڈال سے مطابقت رکہتا ہی سیاہ خط معلوم کرایا جا
سکتا ہے اگر کرنین سفید روشنی کی مثلاً آکسی ہیڈروجن شعلہ کی ایسی
شعلہ مین سے گذاری جاوی جسکو سوڈی سے رنگین کیا ہوا ہو اور پہر سپکٹر
اسکوپ کے سوراخ پر گرائی جاوین تو بجائی سوڈا سپکٹرم کے روشن زرد ڈبل
خط دیکہنی کے جو سیاہ زمین پر ہو ایک سیاہ ڈبل خط جو مقام اور چوڑائی
مین سوڈا کے ساتہہ مطابقت رکہتا ہے۔ مسلسل سپکٹرم سفید روشنی
کو کاٹتا ہوا نظر آویگا۔ اسجگہ شعلہ نی اوس قسم کی روشنی جذب کری جس
قسم کی کہ اس سے نکلتی ہے اور اسوجہہ سے کمی تیزی اوس مقام سپکٹرم
مین واقع ہوئی اور سیاہ خط پیدا ہو گیا ہی اور اسیطرح سے سپکٹرم
بہت سے اور چیزون کے اولٹائے گئے ہین اور ہر ایک حالت بخارہ
مین اوس قسم کی کرہ مین جذب کر لیتا ہے جس قسم کی کرنین اوسکے
وجود سے نکلین اور اسلئے ایسی کرنون کے لئے دُہندلا ہوتا ہے

روشنی کے خطوط سے مختلف ہوتے ہین اسلیئے یہہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے
کہ فران ہافر کے خط کسی طور پر آفتاب کے جسم کے اندر پیدا ہوتے ہین اور
حال مین اونکے پیدا ہونیکا باعث کرکاف نے دریافت کیا ہے اور
اِس سے بنیاد کیمسٹری آفتاب اور سیارون کی ڈالی گئی ہے اگر مقام اُن
سیاہ خطون کا آفتاب کی سپکٹرم مین روشن خطون کے ساتہہ جو دہاتون
کے ہوتے ہین بڑی طاقت کی سپکٹراسکوپ سے مقابلہ کیا جاوی مثلاً آیرن
میگنشیم اور سوڈیم تو یہہ دیکہا گیا ہے کہ ہر ایک یہہ روشن خط ہر ایک خاص
دہات کا نہ صرف مقام کے ساتہہ ہے بلکہ چوڑائی اور تیزی سیاہ خطوط
آفتاب کے ساتہہ مطابقت رکہتا ہے - پس اگر آلہ ایسے طور پر رکہا جاوے
کہ سپکٹرم آفتاب اور دہات کا ایکدوسرے کے اوپر نیچے میدان دوربین دکہائی دے
جاوین تو روشن خط دہات کی سیاہ خطون آفتاب مین جاری ہوجاتے ہین یا چلے جاتے
ہین اور دہات آیرن مین ساتہہ سے زیادہ ایسی مطابقت دیکہی ہے جسقدر
زیادہ زور کی کلان بین کی طاقت استعمال کیجاوے اوسیقدر زیادہ اور
ٹہیک مطابقت پائی جاتی ہے
حالانکہ اور دہاتون کے ساتہہ مثل گولڈ انٹمونی اور لیتہیم ایک ہی مطابقت
نظر نہین آتی ہے لیکن بعض دہاتون کی تمام روشن خطون کے لیئے سیاہ
خط آفتاب مین پائے جاتے ہین اِن امور سے یہہ صاف ظاہر ہے کہ روشن
خطون دہات اور سیاہ خطون آفتاب مین ضرور کچہہ تعلق ہے اور یہہ
مطابقت اونکی صرف ایک امر اتفاقیہ نہین ہے کیا مطابقت سیاہ خطون


کمسٹری آفتاب اور سیارون کے

اگر آفتاب شعاع سپکٹر سکوپ کے سوراخ پر گرائی جاوین تو یہہ معلوم ہے کر سپکٹرم آفتاب کا جو اسطرح سے بنے اون سپکٹرم سے جنکا ذکر ہوتا رہا ہے مختلف ہے اور اسمین خط روشن روشنی کا ہوتا ہے جو سرخ سے لیکر نافرمانی تک چلا جاتا ہے اور اِسکا تقاطع بہت سے سیاہ خطون سے ہوا ہوتا ہے جو مختلف ضروری موٹائی اور سیاہی رنگ کے ہوتے ہین اور یہہ خط ہمیشہ پائے جاتی ہین اور ہمیشہ یکسان مقام متناسبہ رکہتے ہین عام صورت آفتاب کی سپکٹرم جس سے مقام اکثر ضروری سیاہ خطون کا معلوم ہوتا ہے اور حرف ابجد سے ہر ایک مخصوص کیا گیا ہے ابتدائی کے نقشہ سے دیکھے جاتے ہین اگر اِن خطون سے نہ موجود ہونا بعض خاص کرنون کا آفتاب کی روشنی مین معلوم ہوتا ہے اور اونکو سایہ یا ایسا مقام تصور کرنا چاہیئے جس مین روشنی نہین ہے اور انکو فران ہافر کے خط بولتے ہین کیونکہ اِس نام کا حکیم جرمنی نے پہلے انکو دریافت کیا اور ٹہیک ٹہیک بیان کیا چند سال سے وجود اِن خطون کا بہت ضروری تصور کیا گیا کیونکہ اون کی مدد سے ساخت کیمیائی آفتاب اور بہت نزد و بعید دور کے ثوابت کا معلوم کرنا ممکن سمجھا گیا ہے سپکٹرم مہتاب اور سیارون کی یعنے جس سے روشنی آفتاب انعکاس کرتی ہے ویسے ہی خط بدون تبدیل مقام کے دکہاتے ہین لیکن ثوابت مین سیاہ خط نیز واقع ہوتے ہین لیکن یہہ سیاہ خط بلاواسطہ اور انعکاس نشدہ آفتاب کی

اور اوسمین سے گذر کر متوازی ہو جاتی ہین اور روشنی بعد پہٹ جانے کے ایک دوربین مین آن پڑتی ہے اور تصویر انگہیٹہ آنے سے اول ہر جگہ جاتی ہے

کرنین ہر ایک شعلہ سے دوربین مین گذار ریجاتی ہین۔ ایک قسم کے نصف برہنہ سوراخ مین سے اور دوسرے النکا اسی طرف پر زم مین سے نصف پائین حصہ سوراخ مین سے اور اسطرح سے دونون سپکٹرم میدان نظر مین آجاتے ہین تاکہ مقابلہ خطوط کا حسب منشا ہو جاوے چہوٹا روشن گیس کا شعلہ ایسے طور پہ رکہا جاتا ہے جس سے ایک سیدہ نقشہ نفی مین روشن ہو جاتا ہے اور یہہ سطح پر زم مین سے معلوم ہو جاتی ہے اور دوربین مین آن پڑتی ہے اور اس سے پیمائش ہو سکتی ہے خاص صورت سپکٹرا کی بذریعہ الکلاین آر رہتہ جو اس آلہ سے نظر آتی ہے نقشہ رنگین مین جو ابتدا سے مین اس کتاب کے ہے لکہا ہے نمبر اول آفتاب کا سپکٹرم ہے نمبر ۲ پوٹاشیم کے مرکبات کا سپکٹرم نمبر ۳ اوڈیم دہات کا سپکٹرم نمبر ۴ سسیشیم سپکٹرم نمبر ۵ رنڈیم سپکٹرم نمبر ۶ سبز شعلہ تہالیم کا نمبر ۷ سوڈیم سپکٹرم اور اسمین زرد خط ٹہیک اوس مقام پہ ہے جہان آفتاب کے خطوط مین خط ڈی واقع ہے نمبر ۸ سپکٹرم لیتہیم کا نمبر ۹ کلشیم کے مرکبات کا سپکٹرم نمبر ۱۰ سٹرانشیم کے مرکبات کا سپکٹرم نمبر ۱۱ پیچیدار سپکٹرم بیریم کے نمکون کا ظاہر ہے کہ یہہ خط ایکدوسرے پر واقع نہین ہوتے ہین اور اگر دو مختلف اشیا شعلہ مین ہون تو ہر ایک اجزا کا وجود اونکے خاص خطوط سے معلوم ہو سکتا ہے

اور اوسوقت اوس سے ایسی روشنی نکلتی ہے اور اِسکے عجیب خطوط تب
نظر آتے ہین جب اوسوقت اوسکی سپکٹرم کو ملاحظہ کیا جاوی - اکثر دہاتکے
لیئے عام شعلہ سے زیادہ حرارت مطلوب ہوتی ہے تاکہ اونکے بخار روشن ہوون
اور یہہ امر بذریعہ بجلی کے چنگاریون کے آسانی سے ہوسکتا ہے کیونکہ دونون
مقامون دہات ہین سے گذرنے کے وقت تہوڑا سا جز اسکا اوڑجاتا ہی
اور اوسکو اسقدر گرم کردیتا ہے کہ اوس سے عجوبہ روشنی نکلتی ہے
اور علی ہذا القیاس تمام دہاتین مثل آیوڈین کی مثلاً آیرن پلاٹینم
سلور گولڈ ہر ایک بذریعہ اپنی اپنی روشن خطوط کے شناخت ہوسکتے ہین
جو اوسکے سپکٹرم مین نظر آتے ہین مستقل گیس بہی اپنا اپنا خاص اور
عجیب سپکٹرم پیدا کرتے ہین اور جب الکلیز کو چنگاری گیس مین داخل
کیا جاتا ہے تو گرم ہوجاتا ہی اور روشنی پیدا ہونے سے سپکٹرم نظر
آتا ہے اور اگر چنگاری ہیڈروجن گیس اندر سے گذاری جاوی تو روشنی
جو اوس سے نکلتی ہے روشن سرخ ہوتی ہے اور اسکا سپکٹرم ایک سرخ
اور ایک سبز اور ایک نیلے خط کا ہوتا ہی اور نیٹروجن گیس کے چنگاری بہی
ارغوانی ہوتے ہین اور اسکا سپکٹرم پرزم کے ساتھہ دیکہا جاتا ہے
اور آلہ اس تجربہ کے لیئے جو استعمال کیا جاتا ہے سپکٹرا سکوپ
کہلاتا ہے اسمین ایک مثلثی شیشہ ہوتا ہے اور دوسرا اسمین ایک
نلی ہوتی ہے جس مین ایک باریک سوراخ ہوتا ہے
اور اس سوراخ کی راہ سے کرنین روشنی کی پرزم پہ آنکہ پڑتی ہین


e
e
d
b
a
f
g
h



ہے اسطور پر مرکبات لیتی ایم جنکا پہلے چار پتھر وغیرہ مین صرف وجود تصور
کیا جاتا تہا تحقیقات سپکٹرم سے معلوم ہوئے ہین عام ہین اور تمام
چشمون کے پانیو ہمین چاہ۔ تمباکو۔ دودہ۔ خون وغیرہ مین لیکن انکا
وجود ایسا کم ہے کہ سابق کے عناصر تحقیقات سے معلوم نہو سکے مثلاً
$\frac{1}{600000}$ اگر ہین ایم کا دریافت ہو سکتا ہے۔ اور ثبوت سپکٹرم کی
تحقیقات کی قدردانی کا یہہ ہے کہ چار نئے عناصر اس طریق سے دریافت ہوئے
ہین دو یعنی الکلاین دہاتین اوبدیم اور سیشی ایم پوٹاش اور سوڈا مین
بعض چشمو ہمین پائی گئی ہیو اور دو یعنی دہاتین تہالیم اور انڈیم آیرن پائیرٹس
اور زنک کی خام دہات ہین پائی ہین دونون یعنی الکلاین دہاتین ایسی
مشابہہ پوٹاشیم کی ہین کہ اوسکو معمولی طریق تحقیقات سے پوٹاشیم سے
الگ کرنا محال ہے لیکن اونکی سپکٹرم صاف مختلف قسم کی خط پائے جاتے
ہین جو پوٹاشیم کے سپکٹرم ہین نہین ہوتے ہین اور نہ کسی اور معلوم سپکٹرم مین
دکھائی دیتے ہین

اور تہالیم سے ایک سبز خط پیدا ہوتا ہے جو کسی اور سپکٹرم ایسے موقع پہ نظر نہین
آتی ہے اور انڈیم سے ایک عمدہ آسمانی نیلا خط پیدا ہوتا ہے

صرف وہی اشیا نہین ہین جو شعلہ کو خاص قسم کا رنگین کرتے ہین جو مخصوص
سپکٹرم پیدا کرتے ہین لیکن یہہ خواص ہر ایک عنصر مین پایا جاتا ہے
خواہ دہات ہو غیر دہاتی ہو سخت عرق یا گیس ہو اور یہہ تب نظر آتا ہے جب
عنصر کو ایسے گرم کیا جاوے کہ بخار ہو اور سوقت اوس سے نکلے روشن ہو

خط ہوتا ہے اور نافرمانی پوٹاشش کی سپکٹرم مین دو ایسے روشن خط ہوتے ہین ایک سرخ سری مین دوسرا نافرمانی سرے مین - یہہ عجیب خط ہمیشہ ایک ہی عنصر کے کیمیائی سے پیدا ہوتے ہین اور کسی معلوم شئی کے ذریعہ سے نہین پیدا ہوسکتے ہین اور مقام ان خطوط کا ہمیشہ مستقل ہوتا جیسا سپکٹرم شعلہ کا رنگ معہ مرکب سوڈیم اور پوٹاشیم کے نمکون سے ہو تو زرد کرن سوڈیم اپنے مقام پر اور سرخ نافرمانی خط پوٹاشیم کے اپنے مقام پر پائے جاوینگے اور یہہ خط ایسے معلوم ہونگے جیساکہ سوڈیم مین موجود ہی نہین ہے

رنگین شعلہ لیتھیم بیریم سٹرانشیم اور کالشیم علیحدہ علیحدہ عجیب سپکٹرم پیدا کرتے ہین جس سے وجود بادہ ہونا ان اشیاء کا بطور یقینی خواہ ملے ہوے ہون خط کے ہونے یا نہونے سے جو ہر ایک عنصر کے لئے موجود ہے دریافت ہوسکتا ہے

فوائد اس نئی طرز تحقیقات کے پورانہ طریقون پر نزاکت اور آسانی ہین ہین جس سے وجود عناصر مثلثی طور پر دریافت ہوسکتا ہے مثلاً کم سے کم $\frac{1}{180000000}$ حصہ گرین سوڈیم کا دریافت ہوسکتا ہے اور مرکبات بکثرت زمین پر پہیلے ہوئے ہین جسکا ہر زمین مین تصور کیا جاتا ہی اور نزاکت اس طریق کی اس سے ثابت ہوتی ہے کہ ہر ایک شئی جو ایک لحظہ کے لیے بھی ہوا مین کھلی پڑی رہی ہے مخصوص سوڈا کا خط پیدا کرتی ہے ہر ایک ذرہ خاک یا گرد کا کافی سوڈیم رکھتا ہے اور یہہ حال سپکٹرم مین پیدا کرتا

پوٹاشیم کے صرف ذرا نافرمانی رنگ پیدا کرتے ہین اور زرد رنگ سوڈا کی
بہت تیز نافرمانی رنگ پوٹاش سے ہوتا ہے اور تھوڑا سا وجود سوڈا
کا نافرمانی رنگ پوٹاش کو اگرچہ یہہ بکثرت موجود ہو روکدیتا ہے پھر بالکل رفع
ہو جاتا ہے اور ملاحظہ ایسا خوب ہوتا ہے اگر بجائے آنکھ سے دیکھنے
کے شعلہ کو مثلثی آئینہ سے ملاحظہ کیا جاوے اس مثلثی آئینہ مین روشنی
گذرنے کے وقت اپنی رفتار سے تجاوز کرتی ہے اور مختلف رنگ کے
کرن مختلف طور پر خمیدہ ہوتی ہے پس اگر ایک منبع سفید روشنی کا مثل
شعلہ بتی کی ملاحظہ کیا جاوے تو سب خط رنگین کرنون کے نظر آتے
ہین مرکب سفید روشنی اپنے مختلف رنگدار اجزا مین متفرق ہو جاتی
ہے اور اس رنگین وتار یا خط کو سپکٹرم بولتے ہین اور ہر ایک منبع
سفید روشنی کا یہہ ہے مسلسل سپکٹرم پیدا کرتا ہے سرخ سو لیکر جو
بہت کم خمیدہ ہے نافرمانی تک جو سب سے بہت خمیدہ ہونے والا ہے اور
یہہ رنگ مثل رنگون قوس قزح کی ہوتے ہین

اگر ان رنگ وار شعلون کو بوسیلہ مثلثی آئینہ کے ملاحظہ کیا جاوے اور
روشنی بذریعہ ایک تنگ سوراخ کے پرزم پر ڈالیجاوے تو یکلخت معلوم
ہو جائیگا کہ روشنی اسطور سے خمیدہ شدہ سفید روشنی سے مختلف ہوتی
ہے یعنی اسمین صرف خاص قسم کی کرنین ہوتی ہین اور ہر ایک رنگدار
شعلہ ایک سپکٹرم پیدا کرتا ہے جس مین چند روشن خط یا دھاریین
ہوتی ہین مثلاً سپکٹرم زرد سوڈا کے مین صرف ایک عمدہ روشن زرد

	دہاتین	آیرن جماعت کی	میگنیز ۵۵ آیرن کوبالٹ نکل ۵۸٫۷	دہاتین	گولڈ جماعت کی	ہیوڈیم ۱۰۳٫۳ روہی نیم ۱۰۳٫۴ پیلیڈیم ۱۰۶٫۶		گولڈ ۱۹۷ پلاٹینم ۱۹۴٫۵ آیریڈیم ۱۹۳ اوسمیم ۱۹۹ مرکیوری ۲۰۰
ڈاووانٹ	•	•	•	کاپر ۶۳٫۵	سلور ۱۰۸			
مونووالنٹ	ہیڈروجن ۱ لتھیم ۷	سوڈیم ۲۳	پوٹاشیم ۳۹٫۱۱ کالشیم ۴۰	روبیڈیم ۸۵٫۲ سٹرانشیم ۸۷٫۵	سیسٹی ایم ۱۳۳ بیریم ۱۳۷		تھالیم ۲۰۴ لیڈ ۲۰۷	
ڈاووالنٹ	بیریلیم ۹	میگنیشیم ۲۴	—	زنک ۶۵٫۳	کیڈمیم ۱۱۲			
ٹیٹراوالنٹ	بوران ۱۱	الومینیم ۲۷٫۵	—	—	انڈیم ۱۱۳	•	•	•

سپکٹرم

تحقیقات یا ہفت رنگ آفتاب کے ذریعہ تحقیقات موجودات اس سے ایک نئے قسم کی تحقیقات حال مین شروع ہوئی ہے۔ یہ امر مدت سے معلوم ہے کہ بعض اشیاے کیمیا علے الخصوص نمک الکلیز اور الکلاین ارتھ کے جب اچھی طرح پہونکنی سے گرم کئے جاوین یا کسی اور بیرنگ شعلہ کے ساتھ گرم کئے جاوین تو اس شعلہ مین ایک عجیب رنگ پیدا کرتے ہین اور اس رنگ کے پیدا ہونے سے وجود اشیار کا معلوم ہوجاتا ہے لیکن اگر بہت سے نمک موجود ہون تو صرف آنکھ سے دریافت کرنا محال ہوتا ہے کیونکہ رنگ تب مرکب ہوتا ہے اور ایک دوسرے کی شناخت مین ہرج واقع ہوتا ہے مثلاً مرکب سوڈیم کے خوب زرد رنگ پیدا کرتے ہین اور مرکبات

ذرا اور طور سے دیکھا جاوے تو بہت سے عناصر مین ایک اور نسبت پائی
جاتی ہے مثلاً یہہ اکثر ہوتا ہے کہ عناصر مقابل کے سطر کے ہمشکل یا
یکسان کیمیائی خواص پاس کے مقابل کی سطر والے عناصر سے مطابقت
رکھتے ہین مثلاً وانیڈیم فاسفرس کے ساتھہ آکسیکلورائیڈ کے اوڑجانے
والے خواص اور ہمشکل ہونے والیڈیٹ سے ساتھہ فاسفیٹ کی مطابقت
رکھتا ہے اور کیمیائی خواص نیوبیم کے ساتھہ کرومیم اور مولیڈینم کے
ساتھہ مطابقت رکھتا ہے اور یہہ دونون اخیر کے عنصر سلفر کے ساتھ
ہمشکل ہین مثلاً کرومیٹ والیڈیٹ اور سلفیٹ ہمشکل ہے اور ویسے
ہی کلورین اور میگنیز پرمیگنٹ اور پرکلوریٹ کے ہمشکل ہونے سے آپس
مین نسبت رکھتے ہین اِسطرحسے سلور کاپر اور مرکری کے مشابہہ ہے لیکن
چونکہ مونیڈ ہے اور ہمشکل نسبت اِسکی ساتھہ سوڈیم کے ہے اسواسطے اِسکو
قریب الکلیز دھات کے رکھا جاتا ہے یہہ عجیب تناسب جو پیدا ہوتے
ہین صرف اتفاق سے پیدا نہین ہو جاتے ہین لیکن اوسکی وجہ ابتک
ہماری سمجھ مین نہین آئی ہے

ٹیٹراوالنٹ ہیکساوالنٹ		کاربان ۱۲	سلیکان ۲۸	ٹیٹانیم ۵۰	—	زرکونیم ۹۰ء۶	ٹن ۱۱۸	•
ٹرائی وا پنٹاوالنٹ	نیٹروجن ۱۴	فاسفرس ۳۱	وانیڈیم ۵۱ء۳	آرسنک ۷۵	نیوبیوم ۹۴	انٹیمونی ۱۲۲	ٹنٹالم ۱۸۲	بسموتھ ۲۱۰
ہک والنٹ	—	—	کرومیم ۵۲ء۴	—	مولبڈینم ۹۶	—	ٹنگسٹن ۱۸۴	
ڈاوالنٹ	آکسیجن ۱۶	سلفر ۳۲	—	سلینیم ۷۹ء۵	•	ٹیلوریم ۱۲۸	•	•
مونوالنٹ	فلورین ۱۹	کلورین ۳۵ء۵	—	برومین ۸۰	—	آیوڈین ۱۲۷		

عمل کرتے ہین اور اسمین سے مسلسل نمک بنتی ہین اعداد ان نمکون کو مجموعی
اسوسیئشم کے تصور کرنا چاہیئے جسمیان ہیڈرو جن جزوی ڈوائی اٹامک
یا ٹیٹر اٹامک پلاٹینم کے ساتھہ منتقل ہو جاتے ہین

تقسیم عناصر

ذیل کی فہرست اور نقشہ مین نام اون تمام عناصر کے ہین جنکے وزن ذراتی اچھی طرح دریافت ہو چکے ہین اور اون کو مختلف جماعتون مین مطابق اونکے وزن اتصال کے ترتیب دیا گیا ہے مثلاً کاربان کے جماعت نٹروجن کی جماعت - کلورین کی جماعت - اور الکلاین دہاتون کی جماعت اور الکلاین ارتھہ کی جماعت ان جماعتون مین عناصر عمودی سطر مین تقریباً مساوی وزن ذراتی رکھتے ہین

لتہیم ۷ سوڈ ۲۳ پوٹاس ۳۹ روبیڈیم ۸۵٫۲ سیشیم ۱۳۳

کلشیم ۴۰ سٹرانشیم ۸۷٫۵ بیریم ۱۳۷ - آیوڈین ۱۲۷

آیرن ۱۹ کلورین ۳۵٫۵ برومین ۸۰

نٹروجن ۱۴ فاسفرس ۳۱ آرسنک ۷۵ انٹیمونی ۱۲۵

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مادہ مین وہی خواص پیدا ہو جاتے ہین جب وزن ذراتی ۱۶ یا ۴۵ یا ۵۰ اکائی کے ساتھہ بڑہ جاوے - عناصر آپ ان جماعتون کے عمودی طور پر رکھے ہوئے ہین کیونکہ اون سب کی وزن ذراتی تقریباً یکسان ہین اور یہی حال گو لڈ کی جماعت کا ہے اور جب اس فہرست کو

پلاٹی نم نٹریٹ مین کاسٹک پوٹاش بصف مقدار ڈالنے سے طیار ہوتا ہے - جب اس ہئڈریٹ کو گرم کیا جاوے تو اول اسمین سے پانی دور ہوجاتا ہے اور اگر اور گرم کیا جاوے تو آکسیجن دور ہوجاتی ہے اور باقی دھات رہجاتی ہے - پلاٹی نم ڈائی کلورائڈ سبز ناحل ہونے والہ سفوف ہے جو پلاٹی نم ٹٹراکلورائڈ کو ۲۰۰ درجہ تک گرم کرنے سے طیار ہوتا ہے

پلاٹی نم ٹٹراکلورائڈ

علامت پا ل کل ۴

ضروری مرکب پلاٹی نم کا ہے دہات کو نٹرو ہئڈرو کلورک ایسڈ مین داخل کرنیسے طیار ہوتا ہے زرد سُرخ رنگ کا عرق ہوتا ہے اور اوسکو اوڑانے سے قلمین ٹٹراکلورائڈ اور ہ ک ل کی طیار ہوجاتی ہین ٹٹراکلورائڈ اکثر القلائین کلورائڈ سے ملکر ڈبل سالٹ پیدا کرتے ہین یہہ معہ کلورائڈ پوٹاشیم روبوڈیم سیسیئم اور آمونیم پانی مین حل نہین ہوتے اور سب ہم شکل ہین اور اسکی قلمین مکعب ہوتی ہین اور ڈبل سالٹ سوڈیم کا حل ہونے والا ہے اور اسکی بڑی بڑی قلمین ہوتی ہین

پلاٹی نم ڈائی کلورائڈ

پر جب آمونیہ اثر کرے تو اس سے عجیب طرح کے مرکب پیدا ہوتے ہین جسمین پلاٹی نم نیٹروجن اور ہئڈروجن ہوتی ہے اور یہہ اشیا مثل بیسون کی

خام دھات کو مٹی مین ڈالکر اکسی ہئڈروجن کے دہو کنے سے گرم کیا جاتا
ہے اور اِس ترکیب سے ایک خالص مرکب پلاٹی نم ایریڈیم رہوڈیم پیدا
ہوجاتا ہے باقی اجزا یا ناقصات سخت حرارت سے اوڑ جاتے ہین یا کروسیبل
کے لایم سے دور ہوجاتے ہین یہہ ایلائی مرکب کئی باتون مین خالص دہات
پلاٹی نم سے بہتر ہے بہت سخت ہوتا ہے اور ایسڈون مین پلاٹی نم سے کم
حل ہوتا ہے پلاٹی نم کا صاف سفید رنگ ہوتا ہے اور ہوا مین کیسے ہی حالت
مین زنگدار نہین ہوتا ہے نہایت نا پگھلنے والی دہات اور صرف اکسی ہئڈروجن
کے شعلہ سے پگہل سکتی ہے معمولی ایسڈون مین حل نہین ہوتا ہے مگر نیٹرو
ہئڈروکلورک مین حل ہوجاتا ہے اور اِس وجہ سے کیمیا خانہ مین پلاٹی نم کے
برتن بہت استعمال ہوتے ہین بڑی حرارت پر الکلیز اسپر تاثیر کرتے ہین
جب بہت باریک سفوف اسکا ہو تو مسامدار پلاٹی نم مین بڑی طاقت اپنے
سطح پر گیسون کو کثیف کرنے کی ہے ۔ اور جب آکسیجن اور ہئڈروجن
مین مسامدار پلاٹی نم ڈالا جاوے تو دونون گیسون آپسمین ملکر بڑک
اوٹہتے ہین اور پانی بنجاتا ہے

پلاٹی نم مونو آکسائڈ

علامت پ ل ا

سیاہ سفوف ہے اور گرم کرنے سے آسانی سے متفرق ہوجاتا ہے اور
اس سے ناپائدار مرکب بنتے ہین پ ل ا ۲ بطور ہوری ہئڈروجن کے

ہین ۲گ ک ل ۴ + ۶ ای س ا ۴ = ۲گ + ۲ ای ۳ ۲ س ا ۴ + ای ۲ ک ل ۶ - اور جب مرکب دونون ٹن کلورائیڈ کا ڑائی کلورائیڈ آف گولڈ مین ڈالا جاوے تو پرپل آف کاشیس طیار ہوجاتا ہے

پلاٹی نم

علامت پ ل

وزن اتصال ۱۹۷ وزن متناسبہ ۲۱۰ - پلاٹی نم نایاب دہات ہے اور اکثر خالص قدرتی پائی جاتی ہے اور پانچ اور دہاتون کے ساتھہ اسکے مرکب مصنوعی طیار ہوتے ہین مثلاً پلاٹی نم ایریڈیم آسمیم رہوڈیم - اور رہوتہنیم - یہہ مرکب مصنوعی ملک سیبریہ اور برازیل مین پایا جاتا ہے پورانہ پتھر ونکین پایا جاتا ہی - پورانہ طریق نکالنے دہات یہہ ہے کہ خام دہات کو نٹرو ہائیڈرو کلورک ایسڈ مین حل کیا جاتا تہا اور تب پلاٹی نم کو معہ چند دیگر دہاتون کے کلورائیڈ آف آمونیم کی ہمراہ تہ نشین کیا جاتا تہا جو ڈوبل کلورائیڈ آف پلاٹی نم اور آمونیم ہوتا ہے ۲ن ہ۴ ک ل + پ ل ک ل ۴ اِسکو گرم کرنے سے دہات پلاٹی نم مسامدار نکل آتی ہے اور اِس مسامدار مجموعہ کو جب گرم ہو تو کوٹا جاوے اور دبایا جاوے تو دہات کی صورت مین آجاتا ہے اور ذرے پلاٹی نم کے آپس مین ویسے گرم ہونے کے وقت پیوست ہوجاتے ہین جیسے لوہے کے ذرے پیوست ہوجاتے ہین - ایک نیا طریق طیار کرنے پلاٹی نم کا اب نکالا گیا ہے

ک ل ٣ ا ٢ بیبیون کے ساتھہ ملکر مرکب آ رینٹ پیدا کرتے ہین مثلاً پوٹاسیم
آرمیٹ یا گ ا ر ٢ میگنیشیا یا زنک اکسائیڈ - گولڈ کلورائیڈ مین داخل
کرنے سے گولڈ ٹرائی اکسائیڈ پیدا ہوتا ہے آکسائیڈ بطور ربھوری تلچھٹ یا
کے تہ نشین ہوتا ہے اور اوسمین سے زنک نٹرک ایسڈ مین حل کر کے
جدا کیا جاتا ہے - گولڈ ٹرائی آکسائیڈ گولڈ اور اکسیجن مین روشنی کے اندر
رہنے سی متفرق ہو جاتا ہے اور جب اسکو ٢٥٠ درجہ تک گرم کیا جاوی
تب یہی وہات بنجاتی ہے نہایت ضروری مرکب ٹرائی اکسائیڈ کا فلمی
نیٹنگ گولڈ ہے - اور عرق سونے پر کثرت آمونیہ کے ساتھہ عمل
کرنے سے یہہ پیدا ہوتا ہے - زرد بھورا سفوف تہ نشین ہوتا ہے اگر
جب خشک ہو اور ١٠٠ درجہ تک گرم کیا جاوے یا ہتوڑی سے ٹہوکر
اسکو لگائی جاوے تو بھڑک اوٹہتا ہی گ کہ ل ٣ جب گولڈ کو نٹرو ہیڈرو
کلورک ایسڈ مین حل کیا جاوی تو پیدا ہوتا ہے اور یہہ نہایت ضروری
مرکب سونے کا ہے اور اسکو گولڈ ٹرائی کلورائیڈ بولتے ہین
دوسرا گولڈ مونو کلورائیڈ گ ک ل جب گ ک ل ٣ کو مقام جوشش ٹن
تک گرم کیا جاوے تو بطور نا حل ہونے والہ سفوف کے بنجاتا ہے گ
ک ل ٣ کے عرق کو جب اوڑایا جاوی تو قلمین مرکب گ ک ل ٣ اور
ھ ک ل کے بنجاتی اور گ ک ل ٣ الکلائین کلورائیڈ کے ہمراہ ہی قلمدار
مرکب پیدا کرتی ہے شناخت فرس سلفیٹ کے ساتھہ گولڈ کے عرق
بھورا تلچھٹ گولڈ کا دیتی ہے جسکو بہو کسی صورت خالص ہیت مین لا سکتے

اجزا مٹی کیچڑ وغیرہ کے بہہ جاتے ہین اور بہاری دھات برتن کے
پیندے مین بیٹھ جاتی ہے اور جب سخت پتھر و زمین سے سونا نکالنا
ہوتا ہے تو پہلے اونکو توڑا جاتا ہے اور بعد ازان اوسکو پارہ کی ہمراہ
ہلایا جاوے اور پہر سونا املگامیشن کی ترکیب سے نکل آتا ہے ۔ سونے
کا رنگ زرد ہوتا ہے اور ایک پتلا سا ورق سبز روشنی گذرنے دیتا ہے
نرم مثل لیڈ کی ہے اور اس سے تار بن سکتی ہے اور نہایت اچھی طرح
کٹ سکتا ہے کسی حرارت پر خشک یا تر ہوا مین اسپر زنگ ہنین لگتا
ہے اور سلفر اسپر مثل سلور کی تاثیر ہنین کرتا ہے اور سوا سلینک ایسڈ کے
کوئی اکیلا تیزاب اسپر اثر ہنین کر سکتا ہے لیکن کلورین اور نیٹرو ہیڈرو
کلورک کی موجودگی مین حل ہو جاتا ہے جب حرارت بہت تیز ہو تو سونا
ذرا سا اوڑ جاتا ہے ۔ خالص گولڈ طیار کرنے کی یہہ ترکیب ہے کہ معمولی
سونا کو نٹرو ہیڈرو کلورک ایسڈ مین حل کر لیا جاتا ہے اور بعد ازان
اوسمین عرق سلفیٹ آف آیرن کا ڈالا جاتا ہے جو فرک سلفیٹ بنجاتا
ہے اور گولڈ کو بطور بہوری تلچھٹ کے تہ نشین کر دیتا ہے ۔ گولڈ کا
انگلستان کا مرکب مصنوعی بحساب ۱۱ حصہ سونہ اور ایک حصہ تانبہ کا
یعنے ۳۳ ، ۸ حصہ فیصدی اسمین تانبہ ہوتا ہے ۔ یہہ مرکب زیادہ
سخت اور قابل پگھلنے کی ہے لیکن ایسا مثل سونے کی کوٹ ہنین سکتا
گولڈ آکسیجن سے ملکر گولڈ سب آکسائیڈ گ ۲ او اور گ ۲ او ۳ پیدا کرتا
ہے اینمن کوئی بھی ایسڈون کے ساتھہ ملکر نمک ہنین پیدا کرتا ہے لیکن

مین حل ہوجاتا ہے - سلور سلفائیڈ قدرتی پایا جاتا ہے اور نیز عرق نٹریٹ آف سلور مین ھ۲ س داخل کرنے سے بطور سیاہ سفوف کے نیچے بیٹھ جاتا ہے (۱) چاندی آسانی سے شناخت ہوسکتی ہے اسکا کلورائیڈ سفید تلچھٹ ہوتا ہے جو پانی اور ھ ن ا۳ مین حل نہین ہوتا مگر آمونیہ مین حل ہوجاتا ہے اور اسکے نمکوین سے ہوکنی کے سامنے گرم کرنے سے چاندی نکل سکتی ہے اور نیز اسکے نمکوین سے بذریعہ پارہ تانبہ اور لوہے کے نکل سکتی ہے اور اندازہ سلور کا بطور کلورائیڈ یا دھات کے ہوسکتا ہے

بیان گولڈ یا سونہ کا

علامت گ

وزن اتصال ۷ء۱۹۶ وزن متناسبہ ۱۹۶ء۳ - سونا ہمیشہ دھات خالص کی صورت قدرتی پایا جاتا ہے - بطور رگون کے - پورانہ تہ نشین شدہ پتھرون مین پایا جاتا ہے اور نیز ایسے پتھرون کے برادہ مین پایا جاتا ہے اکثر دریاؤن کی ریت مین پایا جاتا ہے اور اگرچہ بہت کم مقدار مین پایا جاتا ہے تاہم بہت دنیا کے حصونمین پھیلا ہوا ہے جب تک سونے کے کھیت کالی فورنیہ اور آسٹریلیا کے معلوم نہ ہوئے تھے تو ایک قسم کی آیرن پائیریٹس سے سونا نکالا جاتا تھا - واسطے نکالنے سونے کے ریت کو جس مین یہہ پایا جاتا ہے ایک برتن مین ڈالکر دھویا جاتا ہے جس سے ہلکہ

دیر ہوتی ہے اور سلفیدر رنگ زیادہ گہرا ہوتا ہے رنگ کے بدلنے کا باعث تفرقہ کلورائیڈ کا ہے اور س ل کل اور ھ ک ل پیدا ہوجاتے ہین جب ارگنک اشیاء پاس موجود ہون تو یہہ تفرقہ بہت جلد واقع ہوتا ہے اور اس امر پہ بنیاد تصویر عکس کی ہے سلور کلورائیڈ ۲۶۰ درجہ پر پگھلتی ہے اور زیادہ حرارت پر اوڑجاتی ہے۔ جب زنک اور ھ ۲ س ا۴۔ اِسمیز ڈالاجاوے تو دھات چاندی نکل آتی ہے۔ کلورائیڈ آف سلور خالص پانی مین بالکل حل نہین ہوتا ہے لیکن ھ ک ل مین اور عرق س وک ل مین حل ہوجاتا ہے اور عرق آمونیہ مین بہت آسانی سے حل ہوجاتا ہے نیز عرق سوڈیم ہیپوفاسفایٹ مین حل ہوجاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہہ نمک واسطے قایم کرنے عکس کی تصویر کے کام مین آتا ہے۔ کیونکہ نا تبدیل شدہ چاندی کے نمکون کو یہہ حل کردیتا ہے اور اسطرح سے تصویر قایم ہوجاتی ہے

سلور برومایڈ

علامت س ل ب ر

جب عرق سلور نٹریٹ الکلاین برومایڈ مین ڈالاجاوے تو سلور برومایڈ بطور سفید تلچھیٹ کے نیچے بیٹھ جاتا ہے اسپر روشنی کا اثر ہے۔ آمونیہ اور ہیپوسلفائیٹ مین حل ہوجاتا ہے یسلور ائیڈ ائیڈ س ل آ ۲ نزید معروف ہے پانی اور آمونیہ مین حل نہین ہوتا لیکن الکلاین ہیپوسلفائیٹ

سلور ڈای اکسائیڈ۔ تاثیر اوزون سے چاندی پر بھی طیار ہوتا ہے

سلورنٹریٹ

علامت س ل ن ا۳

نہایت ضروری حل ہونے والا نمک سلور کا ہے سلور کو نٹرک ایسڈ مین حل کرکے قلمین بنانے سے مستطیل قلم بنتی ہین برابر مقدار سرد پانی اور نصف مقدار گرم پانی مین حل ہوجاتا ہے اور چار حصہ الکوہالمین حل ہوجاتا ہے گرم کرنے سے پگھلتا ہے اور جب اسکی بتیان بنائی جاوین تو اوسکو اونر کاسٹک بولتے ہین جب اِس نمک کو ہوا اور روشنی مین ارگنک اشیار کے پاس رکھین تو متفرق ہوجاتا ہے اور سیاہ شئی اغلبًا سب اکسائیڈ پیدا ہوجاتا ہے اِسکو سیاہ نا مٹنے والی سیاہی بنانے کے لئے استعمال کرتے ہین

سلور کلورائڈ

علامت س ل ک ل

ناحل ہونے والا نمکونمین سے بہت ضروری ہے اور قدرتی بھی پایا جاتا ہے اسکو ہارن سلور بولتے ہین اور نٹریٹ آف سلور اور کلورائڈ کے عرق کو ملایا جاوے تو مثل دہی کی تہ نشین ہوتا ہے جب اِسکو روشنی مین ڈالا جاوے تو گلابی رنگ ہوجاتا ہے اور حسبقدر فعل روشنی کو

جہان اہندہن نہایت گران ہے ایک اور طریق سے سلور نکالیجاتی ہے سلور نہایت صاف سفید رنگ ہوتا ہے اور اسکی دمک ہوا مین خراب نہین ہوتی ہے لیکن اسکو جب پگہلایا جاوے بڑی مقدار آکسیجن کی قریب ۲۲ گنا زیادہ حجم سے جذب کرلیتی ہے اور سخت ہونے پر اسکو نکال دیتی ہے اور اسکو اصطلاح مین چاندیکا ہتو کہا بولتے ہین - چاندی حرارت اور بجلی کی عمدہ کنڈکٹر ہے اور خوب کٹ سکتی ہے ایک گرام وزن مین سے ۲۶۰۰ میٹر لمبائی مین تار بن سکتی ہے سلفر سلور سے بلا واسطہ ملجاتا ہے اور زیورات چاندی اسی باعث خراب ہوجاتے ہین - سلور نٹرک ایسڈ مین حل ہوجاتی ہے نٹریٹ اور نٹرک آکسائیڈ بنجاتے ہین -

سلور خالص حالت مین بہت فنون مین بکثرت استعمال ہوتی ہے لیکن تہوڑا سا کاپر اسکے ساتھہ ملایا جاتا ہے تاکہ اس سے سکہ بنایا جاوے یا برتن طیار کیئے جائین انگریزی سکہ مین ۷،۵ حصہ فیصدی تانبہ ہوتا ہے اور فرانسیسی مین ۱۰ حصہ فیصدی تانبہ ہوتا ہے سلور کے آکسیجن کی ہمراہ تین مرکب ہین اول انہین سے سلور سب آکسائیڈ کہلاتا ہے س ل ۲ ا یہہ سیاہ سفوف ہے جو جلدی متفرق ہوجاتا ہے دویم ایک بڑی بیس ہے جبکو سلور مونو آکسائیڈ بولتے ہین ل ۲ ا اور کاسٹک پوٹاش کو کسی نمک حل ہونے والہ مین ڈالا جاوے - مثل نٹریٹ س تو نیچے بیٹہہ جاتا ہے اس آکسائیڈ سے جو گرم کرنے سے سلور اور آکسیجن مین متفرق ہوجاتا ہے معمولی نمک سلور کے طیار ہوتے ہین ٹیٹرا سلور

پائی جاتی ہے - گلینہ مین بھی تھوڑسیی پائی جاتی ہے اور لیڈ مین سے
جو گلینہ سے طیار کیا ہو منافع سے نکل سکتی ہے اور طریق نکالنے سلور کا
اس بات پر موقوف ہے کہ قلمون بنانے کی ترکیب سے سلور تھوڑی سی
لیڈ مین جمع ہوسکتی ہے دہات لیڈ قلمین بنکر علیحدہ ہوجاتا ہے اور پیچھے
ایک بیش قیمت مرکب رہجاتا ہے اور جب قریب ۳۰۰ اونس کے چاندی ہی ٹن
رہجاوے سلور ہوجاوے تو ترکیب کیوپی لی شن سے علیحدہ کیجاتی ہے اسمین
مرکب کو اوپر جوف دار بستر چوانی کویلہ کی بہٹی مین پگہلایا جاتا ہے اور اسپر
ہوا پہونچائی جاتی ہے تو لیڈ کا آکسائیڈ ہوجاتا ہے - یہہ آکسائیڈ کچہہ
پگہلتا ہے کچہہ بہہ جاتا ہے اور کچہہ مسامدار بستر بہٹی مین نیچے گرتا ہے اور وہان
سلور حالت دہات مین رہتی ہے

دیگر خام دہاتون سے سلور نکالنے کے لئے ترکیب امالگامی شن یعنے
پارہ کی ہمراہ مرکب بنانے کے استعمال کرنی چاہیئے اور چاندی دار خام
دہاتین سلفر والی مین ملک جرمنی مین مختلف طور پر چاندی نکالنے مین
خام دہات کو کہانے کی نمک کی ہمراہ گرم کیا جاتا ہے جس سے سلفائیڈ کلورائیڈ
بنجاتا ہے مرکب کو پیپہ مین ڈالکر گہومایا جاتا ہے اور ٹکڑہ لوہے کے اور
پانی بہی داخل کیا جاتا ہے آیرن سلور کو دہات کردیتا ہے اور جب یہہ
بخوبی عملدرآمد ہوجاوے تو پارہ داخل کیا جاتا ہے اسمین پارہ نیکل طرحکا
مرکب بنجاتا ہے اور سلور اگر سونا بہی موجود ہون تو حل ہوجاتے ہین ٹپکانے
سے پارہ نکل آتا ہے اور باقی ناقص سی سلور پیچہے رہجاتی ہے امریکہ مین

کیومیل کی ہمراہ کثرت پوٹاش سے ملا کر رکہنے سے طیار ہوتا ہے جب اسکو
روشنی مین رکہا جاوے یا ۱۰۰ درجہ تک گرم کیا جاوے تو مرکری اور اگسائیڈ
مین متفرق ہو جاتا ہے

مرکیورس نٹریٹ

علامت م ر ۲ (ن ا ۳) ۲

ڈالیوٹ نٹرک ایسڈ کی کثرت مرکری پر تاثیر کرنے سے طیار ہوتا ہے
مرکب مرکری کے آسانی سے شناخت ہو سکتے ہین اول سیاہ مرکیورک
سلفائیڈ نٹرک ایسڈ مین حل نہین ہوتا ہے دوسرا جب کسی مرکب
مرکری کو کاربونیٹ آف سوڈا کی ہمراہ نلی مین گرم کیا جاوے
تو ذرہ پارہ کا طیار ہوجاتا ہے سیوم دہات مرکری تانبہ پر جمع ہوجاتی ہے
جب کسی حل ہونے والا نمک مین کلورائیڈ ڈالا جاوے تو کیومیل تہ نشین
ہوتا ہے۔ اور جب مرکیورک نمکو ںمین ائیڈائیڈ آف پوٹاشیم ڈالا جاوے
تو سرخ ائیڈائیڈ آف مرکری نیچے بیٹھ جاتا ہے

بیان سلور

علامت س ل

وزن اتصال ۱۰۸ - وزن متناسبہ ۱۰۷،۵ چاندی زمانہ قدیم سے معلوم ہے
قدرتی پائی جاتی ہے نیز سلفر برومین انٹمونی اور کلورین سے ملی ہوئی

درجہ پر پگھلتا ہے اور ۲۹۰ درجہ پر جوش مین آتا ہے جب اسکے عرق
مین آمونیہ ڈالا جاوے تو سفید ثقلچھیٹ تہ نشین ہو جاتا ہے جو آمونیم مرکری
کلورائیڈ ہوتا ہے ن ھ ۲ م رک ل مرکیورک سلفائیڈ م رس سنابار
یا شنگرف قدرتی پایا جاتا ہے اور مرکری اور سلفر کو گرم کرنے سے بھی طیار
ہو جاتا ہے جب مرکیوری کے عرق مین ھ ۲ س داخل کرنے سے تہ نشین
ہوتا ہے تو سیاہ ہوتا ہے لیکن اوڑانے سے سُرخ اور قلمدار بنجاتا ہے

مرکیورس کلورائڈ یا کیلومیل

علامت م ر ۲ ک ل ۲

عموماً ۳ حصہ باریک شدہ پارہ اور ۴ حصہ م رک ل ۲ کو ملا کر گرم کرنے
سے طیار کیا جاتا ہے۔ دھات لنصف مقدار کلورین کیج سیوبلی میٹ سے
ملجاتی ہے اور ایکذرہ کیلومیل کا طیار ہو جاتا ہے مثلاً م رک ل ۲
+ م ر = م ر ۲ ک ل ۲
کیلومیل اوڑائی جاتی ہے اور اِسکی سخت چکی بنجاتی ہے اسکو سفوف کرکے
پانی سے خوب دھونا چاہیئے تاکہ حل ہونے والا م رک ل ۲ سے پاک ہو جاوے
کیلومیل سفید سفوف ہے جو پانی مین حل نہین ہوتا ہے پوٹاش اور آمونیا
سے متفرق ہو جاتا ہے طبابت مین کام آتا ہے

مرکیورس آکسایڈ

علامت م ر ۲ ا

طبابت مین بہت مفید ہین - مرکری ڈائیڈ ہاٹ ہے اور اس سے مرکیوئیر
اور مرکیورس ہمک بنتے ہین -

مرکیورک آکسائیڈ

علامت م ر ا

نٹریٹ کو ذرا سا گرم کرنے سے یا دہات کو ہوا مین حرارت ۶۰۰ درجہ پہ
گرم کرنے سے طیار ہوتا ہے اور یہہ آکسائیڈ سرخ قلمدار سفوف معلوم ہوتا
ہے اور جب عرق نٹریٹ مین پوٹاشش کے ڈالنے سے تہ انشین ہوتا ہے
تو یہہ ڈول زرد سفوف ہوتا ہے

مرکیورک نٹریٹ

علامت م ر (ن ا۳) ۲

پارہ یا آکسائیڈ مین نٹرک الیسڈ ملانے سے طیار ہوتا ہے

مرکیورک کلورائیڈ کروسیوبلی میٹ

علامت م ر ک ۲

مرکیورک سلفیٹ اور س ودک ل کو خوب اچھی طرح مساوی حصونمین ملا اور گرم کرنے
سے یا جب مرکیوری کلورین مین جلے تب طیار ہو جاتا ہے یہہ سخت
زہر ہے پانی مین حل ہو جاتا ہے اسکی قلمین ہشت پہلو ہوتی ہین

جاتا ہے لیکن اسکی خام دھات سلفائیڈ آف مرکری سنابار یا شنگرف ہے
جو ملک سپین الیریا کالی فورنیہ چین اور جاپان مین پایا جاتا ہے دھات
آسانی سے علیحدہ ہو سکتی ہے سلفائیڈ کو گرم سے سلفر جلکر اوڑ جاتا ہے اور
پارہ بھی اوڑ جاتا ہے اور مٹی کی نلیون سے کثیف کیا جاتا ہے معمولی حرارت
پر صرف پارہ ایک سیال دھات ہے اور منفی ۴۰ درجہ پر منجمد ہو جاتا ہے اور تب
اسکی قلمین ہشت پہلو ہوتی ہین سخت حالت مین کٹ سکتا ہے اور تب
اسکا وزن متناسبہ ۱۴٫۱ ہے ۳۵۰ درجہ پر جوش مین آتا ہے اور پھر حرارت
مقیاس الحرارت ہوائی دریافت کیجاتی ہے معمولی حرارت پر اس سے تھوڑے سے
بخار نکلتے رہتے ہین اور مقدار وزنی اسکی بخار کی بمقابلہ ہوا کے ایک کے
۶٫۹۷ ہے اور اسکا بخار ۱۰۰ اگنا ہیڈروجن سے بھاری ہے۔ خالص
پارہ کو خشک یا تر ہوا مین زنگ نہین لگتا لیکن جب اسکو ۳۰۰ درجہ تک گرم
کیا جاوے تو بتدریج آکسیجن جذب کر لیتا ہے اور آکسائیڈ بنجاتا ہے کلورین
آیوڈین اور برومین اور سلفر سے پارہ بلا واسطہ ملجاتا ہے۔ ہ ک ل اسپر
تاثیر نہین کرتا ہ۲ س ۴ گرم کرنے سے سلفرس ایسڈ اور مرکیورس سلفیٹ
طیار کرتا ہے اور نٹرک ایسڈ نٹرک آکسائیڈ اور مرکیورک نٹریٹ پیدا
کرتا ہے۔ پارہ فنون مین سونے اور چاندی خام دھاتون مین سے نکالنے
کے لئے اور آئینون پر قلعی کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اسکے عرق مین
اگر لوہا یا تانبہ ڈالا جاوے تو پارہ اوسپر خاکی رنگ مین جمجاتا ہے اور اگر
اوسکو ملا جاوے تو صیقل ہو جاتا ہے۔ پارہ اور اوسکے مرکب

علامت ک ۲ ا

قدرتی ہشت پہلو شکل مین مثل لعل کی پایا جاتا ہے مساوی مقدار آکسائیڈ آف کاپر اور برادہ کاپر کو ملاکر گرم کرنے یا سلفیٹ آف کاپر کے عرق چینی کے شربت کے ساتھہ ملاکر گرم کرنے سے مصنوعی طور پر طیار کیا جاتا ہے کیونکہ چینی آکسائیڈ کو سب آکسائیڈ مین تبدیل کر دیتی ہے جو خوب عمدہ سرخ سفوف ہوتا ہے - اس آکسائیڈ سے گلاس مین سرخ لعل کی طرح کا رنگ پیدا ہوتا ہے ایسڈون کی ہمراہ اِس سے بیرنگ نمک پیدا ہوتے ہین جو ہوا مین سے بہت جلد آکسیجن جذب کرکے کیپرک مرکب مقابل بنجاتے ہین ایسین سے ضروری کیپرس کلورائیڈ اور آکسائیڈ آف کاپر اور برادہ کاپر کو ھ ک ل مین حل کرنے سے طیار ہوتا ہے ک ۲ ک ل ۲ اور یہہ سفید قسم ہے اور اسمین ایک عجیب خاصیت کاربونک آکسائیڈ کے جذب کرنے کی ہے نمک کاپر کے سخت زہر ہین اور معلوم ہو سکتے ہین - اول اسکا سلفائیڈ ناحل ہونے والا ہوتا ہے دوم اسکا ہائیڈریٹ نیلا ہوتا ہے گرم کرنے سے سیاہ ہوجاتا ہے سیوم آمونیہ کی ہمراہ نیلا رنگ پیدا ہوتا ہے - چہارم آیرن کہ جب یہہ اسکے عرق مین رکہا جاوے سرخ دہات کاپر بیٹھہ جاتی ہے

بیان مرکری

علامت م ر

وزن اتصال ۲۰۰ وزن متناسبہ ۵۹۶ و ۱۳۱ - پارہ قدرتی حالت مین

ہیڈرد جن ڈائڈ کاپر سے مبدل ہوئے ہین اور بہت سے مرکب ایسے معلوم ہین اور یہ پیدا ہوتا نیلے رنگ کا شناخت موجودگی کاپر کی ہے

کاپر نٹریٹ

علامت کیمیائی ک (ن ا۳) ۲ + ۶ ھ ۲ ا

کاپر کو ھ ن ا۳ مین حل کرنے سے طیار کیا جاتا ہے اور اسکی قلمین طیار ہو سکتی ہین

ک ا ک ل ۲ جب کاپر کو کلورین کے پاس لاوین یا آک یڈ کو ھ ک ل مین حل کرین اس سے سوئی کی طرحکی قلمین بنتی ہین اور پانی اور الکوہال مین حل ہو جاتی ہین ک ا ک ل ۲ + ۲ ھ ۲ ا اور یہ الکوہال کا عرق خوب سبز شعلہ سے جلتا ہے - کاپر سلفائید جو ایڈ عرق نمک کاپر مین ھ ۲ س داخل کرنیسے نیچے بیٹھ جاتا ہے نا حل ہونے والا مرکب ہے کاپر کاربونیٹ خالص حالت مین کبھی پایا نہین جاتا ہے کیونکہ سبز تلچھیٹ جو الکلائین کاربونیٹ کے ڈالنے سے تہ نشین ہوتا ہے وہ مین ہائیڈریٹ آکسائیڈ بھی ہوتا ہے ک ک ا ۳ + ک ا ھ ۲ ا ۲ اور پتھر میلاکائیٹ کی ساخت بھی ایسی ہی ہے کاپر سلفیٹ مین سوڈیم آرسنائیٹ ڈالنے سے ہرا یا دل یا شیل گرین تہ نشین ہوتا ہے اور یہ اور رنگ کے کام مین آتا ہے

کیپرس آکسائیڈ یا رڈ آکسائیڈ

جب کاپر کو ہوا مین گرم کرین تو پیدا ہوتا ہے اور اِس سے نیلے اور سبز رنگ کپرک عکس بنتے ہین۔ اور کیمیا خانہ مین آکسیجن بہنے کے لئے آرگنک اشیا کے جلانے کے لئے بہت استعمال کیا جاتا ہے جب کسی کاپر کے نمک مین الکلی ڈالیجاوی تو ہیڈریٹد آکسائیڈ آف کاپر بطور نیلے تلچھٹ کی تہ نشین ہوجاتا ک اھ٢ ا٢ - اور جب اِسکو ١٠٠ درجہ تک گرم کیا جاوے تو پانی دور ہوجاتا ہے اور اِن ہیڈرس آکسائیڈ بطور سیاہ سفوف کے نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ کپرک آکسائیڈ ایسڈون مین حل ہوجاتا ہے اور نمک علحدہ بنجاتی ہین

کاپر سلفیٹ

علامت ک س ا٤ + ٥ ھ٢ ا

اِسکو نیلا تھوتیا بولتے ہین آکسائیڈ آف کاپر کو سلفیورک ایسڈ مین حل کرنے سے طیار کیا جاتا ہے اس سے بڑی بڑی قلمین بنتی ہین جو ڈبل شہر ای ہوتی ہین جب اسکو گرم کیا جاوے تو تمام پانی نکلجاتا ہے اور پیچھے سفید سفوف رہجاتا ہی اگر اِسکو اور گرم کیا جاوے تو پھر باقی آکسائیڈ رہجاتا ہے کاپر سلفیٹ کپڑہ چھاپنے۔ ہرا پول بنانے اور سبز وک گرین اور دیگر رنگ بنانے مین بہت استعمال ہوتا ہے کاپر سلفیٹ اور دیگر کاپر آمونیہ کی ہمراہ خوب نیلا عرق پیدا کرتے ہین جس سے ایک عجیب مرکب قابل قلمون کے بننے کی پیدا ہوتا ہے ک اس ا٤ + ٣ ن ھ٣ - اِس مرکب کو آمونیم سائنیٹ تصور کرنا چاہیئے جسمین د ہ ف

نہین ہوتی ہے لیکن اگر اسکو سُرخ حرارت پر گرم کیا جاوے تو جلدی جلتا ہے
آکسائیڈ کے بنجاتے ہین لیکن بہاپ سرخ حرارت پر دہات کاپر سے متفرق
نہین ہوتی ہے باریک سفوف شدہ کاپر ہدکل مین حل ہوجاتا ہے اور
ہیڈروجن نکلجاتی ہے جب سلفیورک ایسڈ کی ہمراہ گرم کیا جاوے تو سلفر نکلتا ہے
کاپر سلفیٹ بنجاتا ہی اور جب ھدن ۱۳ کے ساتھہ گرم کیا جاوے تو کاپر ان ۱۳
بنجاتا ہے اور نائٹرک آکسائیڈ خارج ہوجاتا ہے اکثر مرکب مصنوعی کاپر کے
ضروری ہین - مثلاً پیتل تین حصہ کاپر اور ایک حصہ زنک ہوتا ہے
یہہ کاپر سے سخت ہی اور اس سے فنون مین آسانی سے کارروائی ہو سکتی ہے
ایک سے ۲ حصہ فیصدی لیڈ ڈالنے سے خاصیت پیتل کی اچھی ہوجاتی ہے
زرد دہات مین جو جہازون کی حفاظت کے لئے کارآمد ہے ۶۰ حصہ کاپر ہوتا ہے
ہے بل میٹل گن میٹل اور دیگر مصنوعی مرکبات کاپر اور مختلف مرکبات ٹن
کے ہین جب اسکو آہستہ سے سرد کیا جاوی تو اوسمین عجیب خاصیت سختی
اور نزاکت کی پائی جاتی ہے اور اگر اسکو بہت جلد اچانک سرد کیا جاوے
مثلاً سرد پانی مین ڈالنے سے تو فوراً نرم اور قابل کوٹنے کے بنجاتے
ہین کاپر دو آکسائیڈ بنتا ہے اور اس سے دو قسم کے مرکب کیپرس اور کیپرک بنتے
ہین - کیپرک مرکبون مین ایک ذرہ اور کیپرس مین دو ذری دہات کے ہوتے ہین

کیپرک آکسائیڈ - بلیک آکسائیڈ - مونو آکسائیڈ

علامت ک او

ہوتا ہے بڑی مقدار کاپر کے نکالنے کی سکے لئے مثلاً کاربونیٹ یا آکسائیڈ مین
ہے بہت آسان طرز سے ہے مثلاً اِن دونونکو معہ کاربان او سلیکہ کے
ہوادار بہٹی مین ری ڈیوسس کیا جاتا ہے لیکن جب اِس دہات کو کاپر یا
پراٹس مین سے نکالنا ہو تو بہت مشکل ہے اسصورت مین خام دہات کو
اکثر دفعہ گرم کیا جاتا ہے تاکہ کیپرس سلفائیڈ آکسائیڈ مین مبدل ہوجاوے
اور تب گرم شدہ خام دہات معہ ریت یا سلیکہ کی گہنگر کی ہوادار بہٹی مین
پگہلائی جاتی ہے۔ اِس عمل مین کیپرس آکسائیڈ سلفائیڈ مین بدلتا ہے
اور آئیرن آکسیڈائز ہوکر سلیکہ سے ملکر ہلکے پنے والے گہنگر پیدا کرتی
ہے اور ناقص کیپرس سلفائیڈ پگہلکر تہ بہٹی مین گرتا ہے اِسکو ناقص دہات
بولتے ہین اور اِس عمل کو کئی بار کرنے سے فائن میٹل طیار ہوجاتی ہے۔ دہات
کاپر سلفر سے آزاد کرنے کے لئے سلفائیڈ کو ہوا مین گرم کیا جاتا ہے اور پگہلایا جاتا
ہے جس سے سلفر ڈائی آکسائیڈ طیار ہوجاتا ہے اور اوڑ جاتا ہے اور خالص دہات کاپر مین طیار
ہوجاتی ہے ک ۲ س + ۲ ک ۲ ا = س ا ۲ + ۶ ک ا تاکہ کچہہ بہی آکسائیڈ
اِسکے اندر باقی نرہے پگہلے ہوئے کاپر کو لکڑی سے ہلایا جاتا ہے۔ دہات
کاپر کا رنگ سرخ ہے قابل کوٹنے تار کہینچنے کے اور اِسمین لزوجت بہی
پائی جاتی ہے۔ ایک تار دو میلی میٹر موٹے کیلوگرام کے وزن کو سہارا
دلیکتی ہے سرخ حرارت پر پگہلتی ہے اور سفید حرارت پر ذرہ سی اوڑ جاتی
ہے اور ہیڈروجن گیس کے شعلہ کو ذرہ سا سبز رنگ کر دیتی ہے بجلی اور
حرارت کی عمدہ کنڈکٹر ہے معمولی حرارت پر کاپر تر یا خشک ہوا مین آکسیڈائز

زرد ناحل ہونے والا نمک اور بطور رنگ کے کام آتے ہین
لیڈ کے مرکب اسا نیسے شناخت ہو سکتے ہین اول سیاہ سلفائیڈ
سوڈا لیوٹ نٹرک ایسڈ مین حل ہوجاتا ہے دوم ناحل ہونے والا سلفیٹ
سے۔ سیوم زرد ایڈائیڈ یا کرومیٹ سے چہارم اسکا مجموعہ پیدا ہو سکتا ہے
سکتا ہے جب اسکو کاربونیٹ آف سوڈا مین گرم کیا جاوے

بیان کاپر

علامت ک ا

وزن متناسبہ ۶۳ء۴ - کاپر ایک بڑی ضروری دہات ہے جو فنونمین
استعمال کیجاتی ہے زمانہ قدیم سے معلوم ہے قدرتی پائے جاتے ہیں اور خام
دہات توہین سے آسانی سے نکالیجا سکتی ہے خالص دہات شمالی امریکہ اور
دوسرے ملکو مین شکل مکعب اور ہشت پہلو مین بکثرت پائے جاتے ہین
جو سوڈا الشیں کے عمل مین طیار ہوا تہا۔

اسٹرانشیم

علامت اس

وزن اتصال ۸۷٫۵ ۔ یہہ عنصر کالشیم سے بہت کم مقدار مین پایا جاتا
ہے ۔ اور صرف چند پتھرونمین خاصکر سٹرانشیم نائیٹ یا کاربونیٹ اور سلفیٹ
آف سٹرانشیم مین پایا جاتا ہے بعض چشمونکے پانی مین بہت پایا جاتا ہے
وہات زردی مایل سفید رنگ کی ہے اور پگہلے ہوئے کلورائڈ مین سے
بذریعہ بجلی کے طیار کیجاتی ہے ۔ اپنے خواص مین مثل کالشیم کی بہت ہے
اسکا وزن متناسبہ ۲٫۵۲ ہے جب ہوا مین گرم کیجاوے تو جلتی ہے اور مونو
آکسایڈ سٹرانشیہ بنجاتا ہے ۔

جب اسکو خشک کیا جاوے تب بھی اسمین ۲ ھ ۲ ا ر ہجاتا ہے اور ایک جوفدار مجموعہ بنجاتا ہے اور جو نمی کو بڑی رغبت سے اوٹھا لیتا ہے اور گیسون کو خشک کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جب اِس مجموعہ کو بہت گرم کیا جاوے تو یہہ پگہلجاتا ہے اور اُسکا پانی علیحدہ ہوجاتا ہے

سفید کرنے والہ سفوف یا کلورائیڈ آف لایم کا بیان

علامت ک ر ک ل ۲ ک ر ۲ ک ل ا

یہہ مرکب کلورائیڈ آف کالشیم اور ہیپوکلورائیڈ آف لایم کا ہے اور بجھے ہوئے چونہ پر کلورین کی تاثیر سے طیار ہوتا ہے - اگر صاف عرق سفید کرنیوالے سفوف کا تہوڑی مقدار آکسائیڈ آف کوبالٹ یا کابہ سے ملاکر گرم کیا جاوے تو آکسیجن ہیپوکلورائیٹ کی بتدریج نکل آتی ہے - اور کلورائیڈ آف کالشیم پیچھے رہجاتا ہے اِسکی وجہ یہہ ہے کہ بڑے آکسائیڈ وہان کے اوّل طیار ہوتے ہین لیکن بباعث حرارت کے متفرق ہوجاتے ہین اور آکسیجن نکل آتی ہے جس سے کم آکسائیڈ بنجاتے ہین جو دوسرے ہیپوکلورائیٹ پر اثر کرتا ہے اور اسطرح سے عمل جاری رہتا ہے یہہ ناممکن نہین معلوم ہوتا کہ فعل میگنیز ڈائی آکسائیڈ کا کلورائیٹ آف پوٹاشس مین سے آکسیجن نکلنے مین اِس قسم کا ہے

حل ہونے والا کالشیم کلورایڈ بنجاتا ہے اور آمونیہ کاربونیٹ بنجاتا ہے
ویسے پانی کو جو حل شدہ کاربونیٹ سے سخت ہو پانی لایم واٹر کے السی طور
سے ڈالنے سے کہ کثرت کاربانک الیڈ کی بے تاثیر ہوجاوے نرم کر سکتے
ہین

کالشیم سلفیٹ

علامت ک، س الہ

یہہ بطور پتھران ہئڈرایٹ کے پایا جاتا ہے اور ۲ ھ۲ ا کے ساتھہ ملا ہوا بطور
سیلی نائیٹ کپ سسم اور آلا باسٹر کے پایا جاتا ہے۔۔ لہ حصہ پانی مین حل
ہوجاتا ہے اور ایک عام نقص چشمونکے پانی مین پایا جاتا ہے۔ اسکو مستقل
سختی بولتے ہین کیونکہ یہہ جوشش دینے سے دور نہین ہوسکتی ہے گپ سسم
جب تھوڑا سا گرم کیا جاوے تو اسمین سے پانی دور ہوجاتا ہے اور تب اِسکو
پلاسٹر پیرس کا بولتے ہین اسکو جب پہر تر کیا جاوے تو ۲ ذرہ ے پانیکے
جذب کر لیتا ہے اور سخت ہوجاتا ہے اور اِس سے سانچے طیار ہوتے ہین

کالشیم کلورایڈ

علامت ک، ک ل ۲

جب لایم سٹون یا سنگ مرمر کو ھ ک ل مین حل کیا جاوے تو یہہ حل
ہوجانے والا نمک طیار ہوجاتا ہے اگر یہہ عرق کو اوڑا یا جاوے تو سیر نگ
سوئی کی طرح قلمین ہئڈریٹیڈ کلورایڈ کی بنجاتی ہین ک ک ل۲+۲ ھ۲ ا

اور سلیکان کا واقع ہوتا ہے اور اِس عمل سے سختی مرکب کی واقع ہوتی ہے ہیڈرالک چُو اور سکو یوتے ہین جو پانیکے اندر سخت ہوجاوے اور ناقص لایم کو جسکے اندر مٹی اور سلیکان ہو گرم کرنے سے طیار ہوتا ہے ایک مرکب سلیکیٹ آف لایم اور الومینہ کا سفوف تر کرنے سے پیدا ہوتا معلوم ہوتا ہے تب یہہ سخت ہو جاتا ہے اور تب اسپر پانی پھر تاثیر نہین کر سکتا ہے چونہ زراعت مین بہت کام آتا ہے اِسکا فعل اول زایل کرنا نباتات کی کثرت کا زمین مین سے ہوتا ہے اور دوم پوٹاش کو زمین مین سے جو سلیکیٹ سے ملا ہوا ہو ہماری مٹی سے علیحدہ کر دیتا ہے

کالشیم کاربونیٹ

یہہ نمک بکثرت پیدا ہوا پایا جاتا ہے مثلاً چاک لایم سٹون کورل اور رنگ مرمر اور اکثر اہین سے بقیہ باریک سمندری جانوروں کے ہین کاربونیٹ آف لایم کالکسپار شکل مین پایا جاتا ہے اور ارگونایٹ کی صورت مین ششش پہلو ہوتا ہے اِسلئے یہہ شی دو شکل رکہتی ہے اور یہہ پانی مین حل نہین ہوتا ہے لیکن ایسے پانی مین جسکے اندر کاربانک ایسڈ گیس ہو حل ہو جاتا ہے اور تب ایسے پانیکو پانی سخت عارضی کہتے ہین اور جب اِس پانیکو جوش دیا جاوے تو ایک تہ اِسکی نیچے بیٹھ جاتی ہے کیونکہ کاربانک ایسڈ گیس دور ہو جاتی ہے اور مشہور صدمہ انجن سٹیم کے بویلر کا اِسی تہ سے ہوتا ہے اگر تھوڑا سا نوشادر بایلر مین دیا جاوے تو بننا اِس تہ کا رک سکتا ہے

کو بجلی کے ذریعہ سے متفرق کرنے سے یا ایڈ ایڈ مین سوڈیم گرم کرنے سے طیار کیجاتی ہے ہلکی زرد رنگ کے وہات ہے جو آسانی سے ہوا مین آکسیجن جذب کرسکتی ہے اور جب ہوا مین گرم کیجاوے تو روشن شعلہ سے جلتی ہے اور اکسایڈ آف کالشیم بنجاتا ہے

کالشیم اکسایڈ یا لایم

علامت ک ر ا

سفید یا سیاہ سنگ مرمر ایک برتن مین جس مین ہوا لگ سکے سرخ حرارت تک گرم کرنے سے طیار کیا جاتا ہے کثرت سے لایم عمارت کے لئے لایم ستون پتھرونکو کوئیلہ کی ہمراہ پزاد ونمین ملاکر گرم کرنے سے طیار کیا جاتا ہے۔ کاربونک ایسڈ دور ہوجاتا ہے اور کاسٹک لایم یا ان بجہا چونہ پیچھے رہجاتا ہے خاص لایم ستون نا پگھلنے وار سفوف ہے جو پانی سے بہت جلدی ملجاتا ہے۔ بڑی حرارت پیدا ہوتی ہے اور خود بطور سفید سفوف کے جسکو کالشیم ہیڈر اکسایڈ بولتے ہین گر پڑتا ہے۔ یہہ ہیڈر ایٹ ذرہ سا ہی حل ہوجاتا ہے ایک حصہ چونہ ۷۰۰ حصہ سرد پانی مین حل ہوجاتا ہے اور گرم پانی کے ۱۳۰۰ حصہ مین ایک حصہ حل ہوجاتا ہے اور تب اس سے لایم واٹر طیار ہوتا ہے اور یہہ مثل ہیڈریٹ کی بڑی کشش واسطے جذب کرنے کاربونک ایسڈ ہوا کے رکھتا ہے اور ماسنی صیبت کا باعث یہی ہے کہ گچ کی مضبوطی اور سختی اس سے ہوتی ہے گچ مرکب بجھے ہوے چونہ اور ریت کا ہے اور بہت دیر مرکب چونہ

ہئڈراکسایلمائین

علامت ن ھ ۳

یہہ شی بطور مرکب ہے کے درمیان آمونیہ اور واٹر کے تصور ہوئی ہے یا اسکو آمونیہ تصور کرنا چاہیئے جس مین ایکذرہ ہیئڈروجن کا ہئڈراکسایل سے منتقل ہوا ہے اور یہہ کہار بنیاد جو ایسڈون سے ملکر نمک پیدا کرتی ہے ہئڈراکسایلمائین خالص حالت مین کبہی علیحدہ نہین کیا گیا۔ لیکن اسکا عرق طیار ہوا ہے یہہ بیرنگ کے بوعرق ہوتا ہے جس مین تیز کہاری تاثیر ہوتی ہے۔ اسکو ٹیکاتے آگ پر جز اس اصول کی بدون تبدیل کے کچہ آتی ہے اور باقی متفرق ہو جاتا ہے اور آمونیہ ہو جاتی ہے ہئڈراکسایل بلا واسطہ اتصال نئٹرک ایسڈ اور ہیئڈروجن کے بہی طیار ہو سکتی ہے۔ یا نئٹرایٹ یا نئٹریٹ کے ریڈیوس ہونے سے بہی طیار ہو سکتی ہے اسکے نمک مثل آمونیم کے نمکو نکے ہوتے ہین

دہاتین الکلائین ارتہہ کی۔ کالشیم

علامت ک ر

وزن اتصال ۲۰ وزن متناسب ۴۰۰۱۔ کالشیم بڑا اجزا ابتدا پتہرون کا جس سے زمین بنی ہوئی ہے بناتی ہے اور بڑی مقدار مین سلسلہ پہاڑون لائیم سٹون چاک جپسم اور پہاڑی لائیم سٹون کی بناتی ہے۔ دہات کلورایڈ آف کالشیم

گیس کے عرق مین سلفیورک ایسڈ کے ڈالنے سے یہہ نمک بکثرت پایا جاتا ہے اور
قدرتی بہی ملتا ہے یہہ سلفیٹ پٹہکری کے بنانے مین اور کہات مین
استعمال ہوتا ہے

آمونیم سلفائڈ

علامت (ن ھ۴) ۲ س

اگر خشک سلفریٹیڈ ہیڈروجن اور خشک آمونیہ گیس کے کثرت سی باہم ملائی جاوی اور
حرارت منفی ۱۸ درجہ کی ہووی تو یہہ مرکب بیرنگ قلمون مین علیحدہ ہوجاتا ہے معمولی
حرارت پر سلفائیڈ مین سے آمونیہ اوڑجاتی ہے اور رتب قلمدار مجموعہ ہئڈرو سلفائڈ
مین جو بڑا اوڑجانے والا جسم ہے بدل جاتا ہے ن ھ۴ ھ س اور جو ۵۰ درجہ
کی حرارت سے زیادہ پر آمونیہ اور سلفریٹیڈ ہیڈروجن بہی متفرق ہوجاتا ہے
عرق اسکا کیمیا خانہ مین بہت استعمال کیا جاتا ہے اور عرق آمونیہ کو سلفریٹیڈ
ہیڈروجن کے ساتہہ سیر کرنے سے طیار کیا جاتا ہے - بیرنگ عرق مین بدبو ہوتی
ہے اور متفرق کرنے سے اور باقی سلفائیڈ کے بننے سے بہی جلدہی زرد رنگ
ہوجاتی ہے - نمک آمونیہ کے تیز بو آمونیہ کے نکالنے سے پہچانی جاتی
ہے جب اسکو کاسٹک لائم کی ہمراہ گرم کیا جاوے - ایسڈ ٹارٹریٹ اور
ڈبل پلاٹینک کلورائیڈ دونون ناحل ہونے والے ہین - مثل مقابلی کے پوٹاش
کی مرکبون کی ہے ان شناختون سے ان دونون مین تمیز کرنا مشکل ہے اسلئے
واسطے شناخت پوٹاش کے جب آمونیہ کے نمک موجود ہون اول گرم کرنے سے
آمونیہ کو دور کرلینا چاہیے -

علامت ن ھ۴ ن ا۳

آمونیہ کو نائٹرک ایسڈ کے ساتھہ بے تاثیر کرنے سے طیار ہوتا ہے اور اسکی قلمین لغبیے شفاف سویون کی طرح ہوتی ہین پانی مین بہت حل ہوجاتا ہے اور جب ۲۵۰ درجہ سے زیادہ گرم کیا جاوے تو پانی اور نائٹرس اکسائیڈ گیس مین متفرق ہوجاتا ہے

آمونیم فاسفیت نارمل نمک

علامت (ن ھ۴) ۳ ف ا۴

جب فاسفارک ایسڈ اور آمونیہ کو تیز کرکے عرق مین ملایا جاوے تو سرد ہوتے وقت نمک قلمون کی صورت مین علیحدہ ہوجاتا ہے خشک ہونے پر اسمین سے آمونیہ دور ہوجاتی ہے اور نیا نمک (ن ھ۴) ھ۲ ف ا۴ رہجاتا ہے جسکی قلمین ایک جانب ٹیڑہی ہوتی ہین —

اس عرق کو جوش دینے سے نمک ن ھ۴ ھ۲ ف ا۴ بنجاتا ہے اور اسکی قلمین مربع بنتی ہین جلانے پر یہہ تمام نمک لقبیہ میٹا فاسفارک ایسڈ کے چھوڑ جاتے ہین آمونیم سوڈیم فاسفیٹ ن ھ۴ س و ھ ف ا۴ یا مکروکاسمک نمک ایسی شی ہے جسکو بھونکنے کے تجربات مین بہت استعمال کرتے ہین

آمونیم سلفیٹ

علامت (ن ھ۴) ۲ س ا۴

سال آمونیک - نوشادر - کیچے ہوئے آمونیہ کے عرق کو ہئڈروکلورک ایسڈ کے ساتھہ تاثیر کرنے سے طیار ہوتا ہے - اور اوسکو اوڑاکر خشک کیا جاتا ہے - دوسری ترکیب یہہ ہے کہ سلفیٹ آف آمونیم کو کلورائیڈ آف سوڈیم کی ہمراہ اوڑانے سے یہہ طیار ہو جاتا ہے صعود شدہ مجموعہ سخت ریشہ دار ہوتا ہے پانی مین حل ہو جاتا ہے اور عرق مین سے قلمین اِسکی باقاعدہ طرز کی پیدا ہو جاتی ہین گرم کرنے سے بدون پگہلنے کے اوڑ جاتا ہے

آمونیہ کاربونیٹ

نارمل نمک ن ھ۴)۲ ک ا۳ - ایک ناپائیدار مرکب ہے اور ہوا مین جلنے سے متفرق ہو جاتا ہے اور آمونیہ اوڑ جاتی ہے نوشادر کو چاک کی ہمراہ گرم کرنے سے ایک سفید شفاف نمک اوڑ جاتا ہے جو کاربونیٹ آف آمونیہ تجارت کا ہوتا ہے یہہ حقیقت مین ایک مرکب کاربونیٹ آف امونیہ اور کاربان ڈائی اکسائیڈ کا ہے - ن ھ۴)۲ ک ۳ ا ۸ ک ۲ ا ۳ ن ھ۴ اسمین بو آمونیہ کی پائی جاتی ہے اور یہہ پانی اور کاربانک ایسڈ گیس ہوا مین سے جذب کر لیتا ہے اور تب ہیڈروجن آمونیم کاربونیٹ کا پانی کاربونیٹ مین تبدیل ہو جاتا ہے ھ ن ھ۴ ک ا۳ - یہہ نمک بے ڈول ہوتا ہے مثل مقابل کے نمک پوٹاش کی - اور اکثر کہات گوآنو مین پایا جاتا ہے

آمونیم نٹریٹ

تہوڑے پانی مین حسل ہو جاتے ہین تمام اوڑجانے والے مرکب الیتی ایم کے
کرمزی رنگ شعلہ کو دیتے ہین اور انکی صفت رنگی مین ایک زرد اور ایک سرخ
خط دیکہا جاتا ہے اور اس سے یہہ پہچانا جاتا ہے

آمونیم اور نمک آمونیہ کے

الکلینز دہاتون کی ہمراہ نمک آمونیہ کے دیکہنی چاہیئی کیونکہ خواص کیمیائی
مین وہ بالکل مشابہت انکے ساتہہ ظاہر کرتے ہین ان نمکو مین وجود ایک
دہات آمونیم کا مان لینا چاہیئے اور اگر اس شی کو ایک ذرہ پوٹاشیم یا سوڈیم
سے تبدیل کیا جاوے تو مقابل کا نمک آمونیم کا طیار ہوجاتا ہے مثلاً
پ ک ل / پ ہ س ہو اور پ ہ س اور ن ہ ۲ س عنصر آمونیم ن ہ ۴ آزاد
حالت مین طیار کیا گیا ہے سیاہ نیلے رنگ کا عرق ہے جسکے اندر دہاتی
ونک پائی جاتی ہے اور بڑی دباو اور کم حرارت پر یہہ قایم رہ سکتا ہے -
اور بڑی جلدی ہیڈروجن اور آمونیہ مین متفرق ہوجاتا ہے - اما لگام
آمونیم کا سوڈیم کے امالگام کو کلورائیڈ آف امونیم کے عرق مین ڈالنے سے طیار
ہوسکتا ہے سوڈیم کلورائڈ طیار ہوجاتا ہے اور اور آمونیم جو اسطرح سے علیحدہ ہے
ہوا مرکری سے ملجاتا ہے جس سے عجیب طرحکا ہلکہ پہولا ہوا دہاتی مجموعہ بنجاتا
جو عرق کے سطح پر آجاتا ہے لیکن جلدی ہیڈروجن آمونیہ اور مرکری مین
علیحدہ ہوجاتا ہے

آمونیم کلورائد

س و ۲ س س ا ل م ۔ ۱۰ ھ ۲ ا ۔ اسکو تجارت مین گلابر سالٹ بولتے ہین
اور ان ہیڈ رس کو اسس سلفیٹ مین سالٹ کیک بولتے ہین بہت سے چشمونکے پانی
مین پایا جاتا ہے اور طبابت مین استعمال ہوتا ہے اور بڑی مقدار
مین گلاس بنانے مین کام آتا ہے ۔ باقی ضروری نمک سوڈیم کے سوڈیم
ہیپو سلفائیٹ س و ۲ س ۲ ھ ۲ ا ۲ + ۴ ھ ۲ ا ۔ اور چند دیگر جنکا ذکر
آگے ہو چکا ہے

عام خواص مرکبات سوڈیم

تمام نمک سوڈیم کے سوائے انٹمونیٹ کے پانی مین حل ہوجاتے ہین موجود
سوڈیم کے مرکبات کا موجود ہونے زرد رنگ سے جو شمع کو ہوتا ہے پہچانے
جاتے ہین اور ہفت رنگی سوڈیم کی ایک عمدہ ذیل خط سے خاص جو آفتاب کے
ہفت رنگ مین خط ڈال کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے پہچانی جاتی ہے

سیسی ایم اور روبڈیم دونون دھات نایاب ہین انگور وغیرہ سلیکیٹ
مین پوٹاشیم کے ہمراہ مین پائی جاتی ہے ۔

لیتھی ایم وزن اتصال ۷ وزن متناسبہ ۰٫۵۹ ۔ کلورائڈ کو بذریعہ بجلی
کے متفرق کرنے سے دھات طیار ہوتی ۱۸۰ درجہ پر پگھلتی ہے ۔ اور سب
معلوم دھاتو یمن سے ہلکی ہے آگے اس دھات کو نایاب تصور کیا جاتا تھا
دودھ تماکو اور انسان کے خون مین پائے جاتے ہے تناسب کیمیائی درمیان
مین الکلیز اور الکلاین ارتھ کے واقع ہے ہیڈریٹ کاربونیٹ اور فاسفیٹ

ہیڈروجن سوڈیم کاربونیٹ یا بائی کاربونیٹ آف سوڈا

علامت ھ س وک ا۳

قلمدار کاربونیٹ آف سوڈا کو کاربونک ایسڈ گیس کے اندر رکھنے سے طیار ہوتا ہے سفید قلمدار سفوف ہے گرم کرنے سے جلدی سے پھر کاربونیٹ آف سوڈا مین تبدیل ہوجاتا ہے بائی کاربونیٹ طبابت مین کام آتا ہے اور اس سے جوش کرنے والے پینے کے شربت بھی طیار کئے جاتے ہین


سوڈیم نٹریٹ


علامت س و ن ا ۳

پیرو اور شمالی چلی مین پایا جاتا ہی اور اسکو سوڈا یا چلی شورہ بولتے ہین بڑی بڑی مقدار مین بطور کھاٹ کے استعمال کیا جاتا ہے اور نیز نٹرک ایسڈ اور شورہ بنانے کے لئے کام آتا ہے کیونکہ یہہ شورہ دیسی ارزان ہوتا ہے اس غرض کے لئے گرم عرقیہ پر کلورائیڈ آف پوٹاشیم کا اس نمک سے ملایا جاتا ہے سرد ہونے پر نٹریٹ آف پوٹاش کی قلمین علیحدہ ہو جاتی ہین اور سوڈیم کلورائیڈ عرق مین رہجاتا ہے

سوڈیم سلفیٹ

ستون اور ۱/۷ حصہ کوئلہ کو ایک ہوا دار بھٹی مین گرم کیا جاتا ہے اور اس
بھٹی کو بالنگ فرنیس بولتے ہین جسکا نقشہ ذیل مین درج ہے تاوقتیکہ یہ
پگہل جاوے اور مذکورہ بالا عمل ایسا قابل ہوجاوے اور تب اسکو لوہے
کے ہاتہ گاڑیون مین ڈالکر سرد ہونے کو چھوڑ دیتے ہین - اور تب اس عمل
کو عموماً بلیک ایش عمل بولتے ہین کیونکہ اس راکہہ کا رنگ سیاہ ہوتا ہے
بعد ازان عمل جدا کرنا سوڈیم کاربونیٹ کا کالشیم سلفائیڈ اور دیگر ناقصات
سے ہوتا ہے اور یہہ کام آسانی سے آکسیڈیشن یا پانی مین کہولنے کی ترکیب سے
ہوسکتا ہے اسمین کاربونیٹ آف سوڈا پانی مین حل ہوجاتا ہے - اگر
عرق کو اوڑانے سے جسکے لئے فالتو حرارت بھٹی کی کام آتی ہے اور گرم ہوا
اوپر کڑاہی کے گذر کرتی ہے جسمین یہہ عرق پڑا ہوتا ہے - بقیہ کو جلانے
سے سوڈا ایش تجارت کے لئے پیدا ہوتی ہے قریب ۲۰ لاکہہ ٹن اس د
ک ل کے کہاک بنانے کی لئے انگلستان مین سالانہ خرچ ہوتی ہے اور اس سے
اسقدر سوڈا کاربونیٹ طیار ہوتا ہے جسکی قیمت ۲ ملین پونڈ ہوتے ہین
سوڈا ایش تجارتی مین ۴۸ سے ۵۶ حصہ فیصدی کاسٹک سوڈا بطور کاربونیٹ
ہائیڈریٹ کے ہوتا ہے باقی ناقصات ہوتے ہین جس مین سلفیٹ کلورائیڈ
اور سلفائیٹ ہوتا ہے اگر سوڈا ایش کو پانی مین گذارا جاوی اور پہر عرق کو
ٹھنڈا کرکہا جاوی تو بڑی بڑی قلمین ایک جانب کو ٹیڑہی ہائیڈریٹ کاربونیٹ
آف سوڈا علیحدہ ہوکر بیٹہ جاوے گی بعض مقامون مین سوڈیم کاربونیٹ بطور
پہول کے پایا جاتا ہے اور نیز خشک ہوئی جہیلون کے پیٹ مین پایا جاتا ہے


S L A G



F
C
B
E
D
A

بالکل پاک ہوتے ہین اور پہر یہہ بخار بذریعہ نلی ڈال کے بہٹی مین چلی جاتی ہے اور حال کے پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ سے یہہ حکم جاری ہوا ہے کہ سوڈا کاربونیٹ بنانے والون کو ۹۵ حصہ فیصدی ہیڈروکلورک گیس کثیف کرنا چاہیئے اور اتنی عمدگی اور کمال سے یہہ کثیف ہونا عمل مین آتا ہے کہ خارج ہوئے گیس سلور نٹریٹ مین ذرہ سی کثافت بہی پیدا نہین کرتی ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ذرہ بہی الہڈ گیس باقی نہین رہی جب سالٹ اور رالیٹڈ کے مرکب کو کچہہ عرصہ کڑاہی لوہے مین گرم ہوئی ہو چکا ہو اور خشک ہو جاوسے تو پہر بذریعہ کواڑون کے جو نقشہ مین عیان ہین اوپر چہ لبون پہلو کے بہٹیون کے گرایا جاتا ہے جہان آگ اور گرم ہوا آگ کے تفرقہ کو کامل کر دیتی ہے - اور سوڈیم سلفیٹ اور ہیڈروکلورک بنجاتے ہین

دوم ترکیب سوڈا الیش کی - اِس ترکیب مین اول سوڈیم کاربونیٹ بنایا جاتا ہے اور بعد ازان اسکو علیحدہ اور صاف کیا جاتا ہے اول تبدیل کیمیائی جو سالٹ کیک کو سوڈا الیش مین بدلنے کی ہوتی ہے وہ یہہ ہے کہ پہلے سوڈیم سلفائیڈ بنجاتا ہے اور وہ اسطرحسے ہوتا ہے کہ اسکو سفوف شدہ کوئلہ سے ملاکر گرم کیا جاتا ہے س و ۲ س ا ۴ + ک ۴ = س و ۲ س + ۴ ک ا - عمل تبدیل مین سوڈیم سلفائیڈ چاک یا لائم سٹون کی ہمراہ ملاکر گرم کیا جاتا ہے تاکہ سوڈیم کاربونیٹ بنجاوے مثلاً س و ۲ س + ک ر ک ا ۳ = س و ۲ ک ا ۳ + ک ر س یہہ دونون عمل یک لخت ہی ہوجاتے ہین بلکہ مرکب ۱۰ حصہ سالٹ کیک ۱۰ حصہ لائم

دوم بنانا سوڈیم کاربونیٹ کا یا سوڈا ایش کا سالٹ کیک مین سے اسکو سوڈا ایش کی ترکیب بولتے ہین

اول - ترکیب سالٹ کیک کی - اسمین نمک کو بذریعہ سلفیورک ایسڈ کے متفرق کرتے ہین - اور یہہ عمل ایک بھٹی مین کیا جاتا ہے جسکو سالٹ کیک فرنیس بولتے ہین نقشہ بھٹی کا ذیل مین درج ہے اسمین ایک بند بڑے لوہے کی کڑاہی ہوتی ہے جو بھٹی کے اندر رکھی جاتی ہے جسکے نیچے آگ جلائی جاتی ہے اور دو ہوادار بھٹیان اسکے پہلو مین ہوتی ہین اور انکے چولہون پر نمک بالکل متفرق کیا جاتا ہے قریب چودہ پندرہ من نمک کے کڑاہی پر ڈالا جاتا ہے اور اوسپر سلفیورک ایسڈ گرایا جاتا ہے ہیڈروکلورک ایسڈ گیس خارج ہوتی ہے اور بذریعہ انگیٹھی کے دخان وغیرہ کے نکلجاتی ہے اور اسکے بعد برج یا سکربرین سے گذرتی ہے جسمین کوک یا اینٹین پانی سے ترکئے ہوئے پڑے ہوتے ہین تمام ایسڈ اس ترکیب سے کثیف ہوجاتا ہے اور صرف وہان گرم ہوا خارج بھٹی سے ہوتی ہے اس کل نقشہ ذیل مین درج ہے - ایسڈ بخار سالٹ کیک بھٹی مین سے ایک برج مین جاتی ہے جو ۹۰ فیٹ بلندی مین ہے اور اسوقت ان ایسڈ بخارون کو پانی اوسی راستہ مین گرتا ہوا ملتا ہے اس ترکیب سے نرم ایسڈ بذریعہ ایک نلی کے نیچے برج مین چلا جاتا ہے اور ناجذب ہوئے ہوئے دہوئین وغیرہ ایک اور نلی کی راہ دوسرے برج مین چلے جاتے ہین اور وقت صعود کرنے کے گرتے پانی سے ملتے ہین اور جب بخار اس برج کی چوٹی پر پہونچتے ہین تو ایسڈ کا



سوڈیم کلورائیڈ نمک خوردنی

علامت س وک ل

اِس نمک مین سے تقریباً تمام دیگر مرکب سوڈیم کے طیار ہوتے ہین طبقات اس نمک کے مختلف مقام دنیا مین پائے جاتے ہین۔ علی الخصوص چیشائر۔ گالیشیہ ٹیرل سپین اور ٹران سوآنہ مین ملک پنجاب مین پنڈدادنخان کیوڑہ اور کالاباغ مین سمندر کے پانی مین سے اوڑلنے سے اور منجمد کرنے سے طیار کیا جاتا ہے جب آہستگی سے تہ نشین ہووے تو سوڈیم کلورائڈ کی ٹہیک مکعب شکل ہوتی ہے اور ۲ حصہ پانی مین ۱۵ درجہ پہ حل ہو جاتا ہے۔ اور گرم پانی مین سرد پانی سے زیادہ حل ہوتا معلوم نہین ہوتا ہے

سوڈیم کاربونیٹ

علامت س و۲ ک ا۳

یہہ شی جسکو تجارت مین سوڈا ایش بولتے ہین انگلینڈ مین بکثرت بنایا جاتا ہے اور گلاس و صابن بنانے اور سفید کپڑا کرنے کی لئے اور دیگرہ مطالب فنون کے لئے بہت طیار کیا جاتا ہے اولمین اسکو بیریلیہ یا راکہہ سمندری بوٹی سے طیار کیا کرتے تہی اور اب بالکل اسکو سمندر کے نمک سے ایک سلسلہ کیمیائی ترکیب سے طیار کرتے ہین اور ترکیب دو حصو نمین منقسم ہے

اوّل بنانا سوڈیم سلفیٹ یا سالٹ کیک کے ترکیب کا سوڈیم کلورائیڈ مین سے

ہوجاتا ہے اور نمی ہوا مین سے بڑی جلدی جذب کرلیتا ہے اور س و ھ ا
یا سوڈیم ہیڈر اکسائیڈ بنجاتا ہے اور جس مین سے پانی بہر طرف حرارت کے ذریعہ
سے جدا نہین ہوسکتا لیکن سوڈیم کی ہمراہ گرم کرنے سے آکسائیڈ مین تبدیل
ہوسکتا ہے مثلاً س و ھ ا + س و = س و ۲ ا + ھ

سوڈیم ڈائی آکسائیڈ

علامت س و ۲ ا ۲

ایک سفید زرد سا سفوف ہے اور جب سوڈیم کو آکسیجن مین ۲۰۰ درجہ تک گرم
کیا جاوے تو تیار ہوجاتا ہے پانی مین حل ہوجاتا ہے لیکن عرق جلدی ہی متفرق
ہوجاتا ہے آکسیجن نکلجاتی ہے اور باقی س و ھ ا رہجاتا ہے

سوڈیم ہیڈر اکسائیڈ

علامت س و ھ ا

کاسٹک سوڈا - سفید سخت جسم ہے سرخ حرارت سے کم پر پگہلتا ہے اور مقابل کے
پوٹاشیم کے مرکب سے کم اوڑجانے والا ہے پانی مین بہت حل ہوجاتا ہے بطور کاسٹک
کے عمل کرتا ہے اور بڑا سخت کہاہر اور صابن بنانے مین کام آتا ہے بکثرت
کاسٹک سوڈا کے بنانے مین پانی لایم - اور کاربونیٹ آف سوڈا کو جوش دیا
جاتا ہے اور صاف عرق کو پہر اوڑایا جاتا ہے مثلاً ک و ا + س و ۲ ک ا ۳
ھ ۲ ا = ک و ک ا ۳ + (س و ھ ا) ۲

بھی وہی ہین جو پوٹاشیم کے طیار کرنے کے ہوتے ہین اور دھات اوڑھ کر پہاڑہی تیل مین قطرہ قطرہ ہو کر آن پڑتی ہے سوڈیم سفید دھات مثل چاندی کی ہوتی ہے معمولی حرارت پر نرم ہوتی ہے - اور ۹۶،۵ درجہ پر پگہلتی ہے سرخ حرارت سے کم پر اوڑ جاتی ہے اور بیرنگ بخار پیدا کرتی ہے جب پانی پہ ڈالی جاوے تب پانی کے اجزا علیحدہ کر دیتی ہے ہیڈروجن علیحدہ ہو جاتی ہے اور سوڈا بنجاتا ہے اگر پانی کو گرم ہو یا بذریعہ نشاستہ کے گاڑھا ہووے تو آلہ دھات کا ایسا گرم ہو جاتا ہے کہ ہیڈروجن جلنے لگتی ہے مرکبات سوڈیم اکثر دنیا مین ہین ہر ایک ذرہ خاک مین اونکا وجود ہے اور ابتدا ہے پتھرون مین بکثرت پائے جاتے ہین اور سمندر کے نمک سے بہت سے پائے جاتے ہین خاصکر نمک خوردنی ۳۹ حصہ فیصدی پانی کے ہوتا ہے - اور کثرت سے سوکل و پ گالیشیا مین پایا جاتا ہے پہلے سوڈیم کاربونیٹ سمندر کی پودون کی راکھ سے طیار کیا جاتا تہا اور پوٹاشیم کاربونیٹ زمین کے پودون سے طیار ہوتا ہے لیکن حال کے زمانہ مین سوڈیم کاربونیٹ سوڈیم کلورائیڈ سے طیار ہوتا ہے

سوڈیم آکسایڈ

وہ مرکب سوڈیم اور آکسیجن کے ہین مثلاً سوڈیم آکسائیڈس و ۲ ۱ - اور سوڈیم ڈائی آکسائیڈس و ۲ ۱۲ سوڈیم آکسائیڈس و ۱۲ جب سوڈیم کو خشک ہوا یا آکسیجن مین آکسیڈائز کیا جاوے تو تیار ہو جاتا ہے اور سفید سفوف طیار

ہے جسکو ہیڈروجن پوٹاشیم سلفائیڈ بولتے ہین

عام خواص مرکبات پوٹاشیم کے

تمام مرکبات پوٹاشیم نافرمانی رنگ کا شعلہ پیدا کرتے ہین اور ہفت رنگی اسکی ابتدا مین درج ہے ہفت رنگی مین دو خط ہوتے ہین ایک سرخ مین اور ایک نافرمانی مین)۔ تقریباً تمام نمک پوٹاشیم کے پانی مین حل ہوجاتے ہین نا حل ہونے والے پوٹاشیم پرکلوریٹ ایسڈ ٹارٹریٹ آف پوٹاشس جو بطور سفید سفوف اور تلچھیٹ کی نیچے گر پڑتا ہے۔ جب عرق پوٹاشس مین ٹارٹیرک ایسڈ کثرت سے ڈالا جاوے اور پوٹاشیم پلاٹینم کلورائیڈ پ ک ل + پ ل ک ل تہ نشین ہوتا ہے جب پرکلورائیڈ آف پلاٹینم کسی حل ہونے والے نمک مین ڈالا جاوے اور یہ ہی تمام شناخت پوٹاشس کے نمکون کی ہے

سوڈیم

علامت س د

وزن اتصال ۲۳۔ وزن متناسب ۹۷ر۔ اسکو ہی حکیم سر ہمفری ڈیوی صاحب نے سوڈا مین سے بجلی سے علیحدہ کرکے معلوم کیا پوٹاشیم سو زیادہ آسانی سے کاربونیٹ آف سوڈا کو کاربان کے ذریعہ سے آکسیجن دور کرکے طیار کرلیتے ہین اور دیگر دہاتون کے بنانے کی خاطر بکثرت اب طیار کیجاتی ہے خاصکر میگنشیم اور الومینم کے لئے اور ارزان اسکے طیار کرنے کی

پانی مین ذرا سا حل ہوجاتا ہے اور بڑی بڑی قلمون مین علیحدہ ہوجاتا ہے
اور حل ہونے والا کالشیم کلورائڈ حل ہوا ہوا رہ جاتا ہے

پوٹاشیم ایڈائڈ

علامت پ آ

کاسٹک پوٹاش مین آیوڈین حل کرنے سے طیار ہوتا ہے اسکی قلمین مکعب ہوتی ہین اسکو اوڑاکر جلانے سے طیار ہوجاتا ہے

پوٹاشیم سلفیٹ

علامت پ۲ س ا۴

سمندر اور زمین کے پودون کی راکھہ مین پایا جاتا ہے پانی مین تھوڑا سا حل ہو سکتا ہے ہیڈروجن پوٹاشیم سلفیٹ پانی مین خوب حل ہوجاتا ہے اور نٹرک ایسڈ کے بنانے کی ترکیب مین طیار ہوتا ہے

پوٹاشیم سلفائیڈس

پوٹاشیم سلفر سے ملکر بہت سے مرکب پیدا کرتا ہے مثلاً پ ۲ س اور پ ۲ س ۲ پ ۲ س ۳ اور پ ۲ س ۵ پانی مین حل ہوجاتے ہین اور ایسڈ کے ساتھہ ملکر سلفرٹیڈ ہیڈروجن پیدا کرتے ہین سلفرٹیڈ ہیڈروجن عرق پوٹاشیم مین داخل کرتے ہین جب تک کہ وہ پڑہ ہوجاوے ایک مرکب طیار ہوتا

کے بارود کی بناوٹ مختلف قوموں کی ذیل میں درج ہے

انگریزی	نائٹیر ۷۵	کوئلہ ۱۵	سلفر ۱۰
پروشین	۷۰	۱۳،۵	۱۱،۵
چارمینس	۷۵،۵	۱۴،۵	۹
فرنچیس	۷۵	۱۲،۵	۱۲،۵

پوٹاشیم کلورائیڈ

علامت پ ک ل

یہہ بعض مقامات مین مثل نمکین تلچھٹ کی سطر اس فرقہ مین واقع ہوتا ہی اور سمندر کے پانی مین بکثرت پایا جاتا ہے اِسکی قلمین مکعب ہوتی ہین۔ اور اس سے پوٹاشش کے نمک بنانے کے لئے بہت کام آتا ہے

پوٹاشیم کلوریٹ

علامت پ ک ل ا۳

فعل کلورین کا پوٹاش کے اور پیدا ہونا اِس نمک کا آگے بیان ہو چکا ہے۔ بکثرت کلوریٹ آف لایم کو متفرق کرنے سے طیار کیا جاتا ہے۔ اور کلوریٹ آف لایم کلورین گیس گرم لایم واٹر مین داخل کرنے سے طیار ہوتا ہے جو کلورین پ ک ل مین سے پیدا ہوتی ہے مثلاً ک ۶ ۲ ک ل ا۳ + ۲ پ ک ل = ک ا ک ل ۲ + ۲ پ ک ل ا۳ ۔ پوٹاشیم کلوریٹ سرد

جولایم اور پوٹاشش سے ملکر نٹریٹ پیدا کرتا ہے ۔ نمکون ان دونون جگہ
سے حاصل ہوسکتا ہے ۔ اوس مٹی یا تلچھٹ کو پانی مین ڈالکر جوشش دیتے
ہین اور کاربونیٹ آف اوسکے اندر واسطے متفرق کرنے نٹریٹ آف کالشیم کے
ڈالدیتے ہین اور شورہ کی قلمین بنکر نکل آتی ہین شورہ کی قلمین معین ہوتی ہین
سات حصہ پانی مین ۱۵ درجہ کی حرارت پر حل ہوجاتا ہے اور اپنی مساوی مقدار
پانی مین حل ہوجاتا ہے تقریباً نصف مقدار اسکے اسمین آکسیجن ہوتی ہے
اور کاربان یا کسی اور جل اوٹھنے والہ کی ہمراہ گرم کرنے سے اس آکسیجن کو دیدیتا
کردیتا ہے اور اسوجہ سے آتشبازی اور بارود کی ساخت مین بہت کام آتا ہے
بارود جو بامرکب شورہ کوئلہ اور گندھک کا ہوتا ہے وقت بارود کے
جل اوٹھنے کے تفرقہ ذیل واقع ہوتا ہے آکسیجن شورہ کے کاربان کو لیکر
ملکر ک ا۲ اور ک ا ۲ پیدا کرتی ہے نٹروجن آزاد ہوجاتی ہے اور سلفر
پوٹاشیم کے ساتھ جاتا ہے اسلیے بارود پانی کے نیچے یا بند مقام مین جل
ہوسکتا ہے کیونکہ اسکے اندر ہی آکسیجن جو ضروری واسطے جلنے کے ہوتی ہے
موجود ہوتی ہے اور بڑی بھڑک اوٹھنے کی طاقت بڑی مقدار گیس کی سخت
نکلنی ہوتی ہے اور بہت جلد حرارت کی ترقی ہوتی ہے جس سے مقدار یکبارگی
اوسکی ایسی کثیر ہوتی ہے جسکو بھڑک بولتے ہین ۔ استعمال سے معلوم ہوا ہے
کہ عمدہ بارود وہ ہوتا ہے جسمین دو مجموعہ شورہ ایکذرہ گندھک اور تین ذرہ
کاربان کے ہون لیکن تفرقہ جو وقت بھڑکنے کے معلوم ہوتا ہے مذکورہ بالا
تفرقہ سے پیچدار ہوتا ہے اور مساوات مین اوسکا بیان کرنا مشکل ہے بندوق

تنے کی نسبت سے زیادہ پوٹاشش ہوتا ہے پوٹاشیم ٹارٹریٹ کو سرخ حرارت تک گرم کرنے سے اور پانی مین حل کرکے علیحدہ کرنے سے صاف کاربونیٹ آف پوٹاشش حاصل ہوسکتا ہے۔ پانی ہوا کے اندر سے جذب کر لیتا ہے اسلئے ڈالی کیوسنٹ ہے۔ پانی مین بہت حل ہو جاتا ہے اور سرخ لٹمس کو نیلا کر دیتا ہے۔ اور اسمین بڑی کھاری تاثیر ہوتی ہے

ہیڈروجن پوٹاشیم کاربونیٹ
یا بائی کاربونیٹ آف پوٹاشش

علامت پ ہ ک ا۳

جب ہ۲ ک ا۲ کا عرق کاربونیٹ آف پوٹاشش مین گذار جاتا ہے تو بائی کاربونیٹ طیار ہو جاتا ہے۔ یہ ڈائی بے سک کاربانک ایسڈ تصور ہو جانا چاہیئے ہ۲ ک ا۳ جسمین سے ایک ذرہ ہیڈروجن کا ایکذرہ پوٹاشیم سے تبدیل ہوا ہے سفید نمک ہے اور پانی مین مثل کاربونیٹ کی حل نہین ہوتا اور عرق اسکا نیوٹرل ہوتا ہے۔ پوٹاشیم نٹریٹ نائیٹر شورہ یا سالٹ پیٹر یہ ضروری نمک بعض مقامات خشک گرم ملکومین بطور پھول کے پایا جاتا ہے خاصکر ہندوستان مین اور نیز یہ ترکیب شورہ بنانی سے بھی طیار ہوسکتا ہے اور وہ مرکب ہے کہ مادہ حیوانات بڑے بڑے انبارون مین جمع کرکے لکڑی راکھ چونے سے ملاکر ہوا مین رکھا جاتا ہے مادہ حیوانات نٹروجن دار آکسیجن جذب کرکے نٹرک ایسڈ پیدا کرتا ہے

پوٹاشیم ہئڈر اکسائیڈ یا کاسٹک پوٹاش

علامت پ ہ ا

ترکیب مذکورہ بالا سے طیار ہوجاتا ہے یا ایک حصہ کاربونیٹ آف پوٹاش کو ۱۰ حصہ پانی سے اور بجھے ہوئے چونے کی ہمراہ ملاکر جو ½ حصہ ان بجھے ہوئے چونہ سے بنا ہو جوش دینے سے طیار ہوتا ہے۔ اِس ترکیب سے کاربونیٹ آف لائم یا چاک بنجاتا ہے اور بطور سفید بھاری سفوف کے نیچے گر تا ہے اور کاسٹک پوٹاش عرق میں رہتا ہے۔ اور عرق جوالیٹڈ ڈالنے سے جوشیشہ یا چاندی کے برتن میں ڈالکر اوڑایا جاتا ہے اور خشک کیا جاتا ہے اور پگھلاکر دھاتی سانچوں میں ڈالکر بتیاں بنائی جاتی ہیں۔ ایسا طیار کیا ہوا کاسٹک پوٹاش سفید سفوف ہے جو اپنے سے نصف مقدار پانی میں حل ہوجاتا ہے۔ اور بطور سخت جلانے والی کی کام آتا ہے اور کیمیا خانہ میں بھی کئی ایک مطالب کے لئے مفید ہے

پوٹاشیم کاربونیٹ

علامت پ ۲ ک ا ۳

اسکا تجارتی نام پوٹاشش یا پرل الیش ہے اور بلا تعداد مقدار میں روس اور امریکہ سے آتا ہے۔ خام شئی پودوں کی راکھ کو پانی میں ڈالکر جوش دینے سے طیار ہوتی ہے اور پھر اِس پانی کو اوڑایا جاتا ہے اور بعد ازان قلمیں بنانے اور دیگر نا قصات سے صاف کیا جاتا ہے پتون اور چھوٹی شاخون درخت مین

...تی ہے۔ ابتک اِس سے مرکبات پوٹاسیم طیار نہین کیے گئے کیونکہ کوئی
...سان اور ارزان طریق پوٹاش کو سلسک ایسڈ سے جدا کرنے کا معلوم نہین ہوا
...پودے آہستگی اور بتدریج پوٹاش کو سلسک ایسڈ سے جس سے فلسپاتہر اور زمین
...ی ملا ہوا ہے جدا کر سکتے ہین پس پودون کو جلانے اور راکھہ کو پانی مین حل کرنے
...سے حل ہونے والی پوٹاشیم کے نمک حاصل ہو سکتے ہین اور یہہ خام پوٹاشیم
...اربونیٹ ہوتا ہے اور جب اسکو قلمون کی ترکیب سے صاف کیا جاوے تو پرل
...یش کہلاتا ہے اور اِس شی مین بہت سے مرکب پوٹاشیم کے حاصل ہوتے
...ہین اور دیگر مرکبات پوٹاشیم مثل کلورائیڈ اور نیٹرایٹ کے بڑی بڑی مقدار
...مین زمین کے اندر اور اکثر مقامات مین پائے جاتے ہین پہاڑی نمک کی ہمراہ پا
...سال سٹرانس فرٹ مقام جرمنی مین پایا جاتا ہے دوسرا منبع مرکبات پوٹاشیم
...کا جو اب استعمال مین آنے لگا ہے سمندر کا پانی ہے۔ آکسائیڈ آف پوٹاشیم مین
...ہوتے ہین پ ۲ ا ڈوائی آکسائیڈ پ ۲ ا ۲ اور ٹیٹراکسائیڈ مین پ ۲ ا ۴ پوٹاشیم
...مونو آکسائیڈ پ ۲ ا۔ چہوٹے چہوٹے ٹکڑے پوٹاشیم کو خشک ہوا مین آکسیڈائز
...ہونے سے طیار ہوتا ہے۔ خاکی سفید شی ہے کٹ کتی ہے۔ اور سرخ حرارت سے
...ذرا زیادہ پر پگہلتی ہے اور بڑی حرارت پہ اوڑ جاتی ہے۔ یہہ آکسائیڈ پانی
...کے ساتھہ بالکل بڑی حرارت پیدا کرتا ہے اور بہت پوٹاش یا ہیڈرا آکسائیڈ پیدا
...ہو جاتا ہے اور ہیڈروجن پوٹاشیم کے ساتھہ تبدیل ہو جاتی ہے مثلاً پ ۲ ا
+ ھ ۲ ا = ۲ (پ ھ ا) ڈائی آکسائیڈ اور ٹیٹراآکسائیڈ پوٹاشیم کو بڑی حرارت
پر گرم کرنے سے طیار ہوتے ہین۔

تاکہ یہہ سیاہ اوڑجانے والا مرکب سے جو ہمیشہ اول کی کھنچی ہوئی دہات پر پیدا ہوجاتا ہے صاف ہوجاوے کیونکہ اِس سے اکثر مہلک صدمہ واقع ہوئے ہیں پوٹاشیم اسطرح کی طیار کی ہوئی چمک دار سفید مثل چاندی کی ہوتی ہے اور چاکو سے معمولی حرارت پر کٹ سکتی ہے صفر حرارت پر کڑکنی ہے اور ۶۲٫۵ درجہ پر پگھلتی ہے اور لئی کی طرح پیشتر پگھلنے کے ہنین ہوتا اور جب سرخ حرارت سے کم تک گرم کیجاوے تو اوڑجاتی ہے اور نہایت عمدہ سبز رنگ کا بخار اِس سے پیدا ہوتا ہے۔ ہوا مین پڑا رہنے سے بہت جلد آکسیجن جذب کر لیتی ہے۔ اور بتدریج اِس سے سفید آکسائیڈ بنجاتا ہے۔ پانی کے اندر جب ڈالی جاوے تو ایک ذرہ پوٹاشیم کا ایک ذرہ ہیڈروجن پانی کے ساتھ منتقل ہوجاتا ہے اور پوٹاشیم ہیڈراکسائیڈ بنجاتا ہے اور یہہ عمل اِس زور سے واقع ہوتا ہے کہ حرارت جو اِس سے پیدا ہوتی ہے آزاد شدہ ہیڈروجن کو جلا دیتی ہے اور شعلہ کا رنگ ارغوانی جو مرکب پوٹاشیم کے لئے مخصوص ہے ہوتا ہے۔ پانی کے اندر خاصیت کھاری پوٹاش ہہ کے بننے سے ہوجاتی ہے پوٹاشیم کلورین اور سلفر بہت سے غیر دہاتی اشیاء سے بلاواسطہ ملجاتی ہے اور وقت ملنے کے حرارت اور روشنی پیدا ہوجاتی ہے


منبع مرکبات پوٹاشیم کے


اصلی بنیاد مرکبات پوٹاشیم کی فلسپا گرینایٹ پتھروں کا ہے جس سے زمین بنی ہوئی ہے۔ کیونکہ اِن پتھروں مین ۲ سے ۳ حصہ فیصدی پوٹاشیم دہات

بعض اشیاء جو کیمیائی بناوٹ مین مشابہت رکھتے ہین یکسان صورتو نہین قلم بناتے ہین اور انکو آہی سومارفس یا ہمشکل بولتے ہین اور جب ایک جسم دو علیحدہ علیحدہ صورتو نہین قلم پیدا کرے تو اوسکو ڈائی مارفس بولتے ہین۔ اِسس خاص علاقہ کیمیائی بناوٹ اور صورت قلمدار کا ذکر پہر کیا جاویگا۔

دہات الکلیز۔ پوٹاشیم۔ سوڈیم۔ سیسیم۔ روبڈیم۔ لیتھی ایم۔ اور آمونیم

پوٹاشیم۔ علامت پ۔ وزن اتصال ا ر ۹ ۳۹۔ وزن متناسبہ ۰٫۸۶
۱۸۰۶ء مین یہہ دہات سر ہمفری ڈیوی صاحب حکیم نے پہلے دریافت کی۔ جسنے بذریعہ قوی کیمیائی بجلی کے پوٹاش کو آکسیجن ہیڈروجن اور پوٹاشیم مین متفرق کر دیا۔ اول اس سے الکلیز اور الکااین ارتہہ عنصر سمجہی جاتی ہتی اب پوٹاش اور کاربان کو آیرن ریٹارٹ مین ڈالکر گرم کرنے سے دہات پوٹاشیم طیار کیجاتی ہے۔ کاربان بڑہی حرارت پہ آکسیجن پوٹاش مین سے جذب کرنے کی خاصیت رکہتا ہی جس سے کاربان مونو آکسایڈ اوڑ جاتا ہے اور تب دہات پوٹاشیم جو سرخ حرارت پر اوڑ جاتی ہے دوسری طرف کہنچ آتی ہے۔ طیار کرنا اس دہات کا بہت سے مشکلات سے ہوتا ہے اور اسکے لئے چند خاص احتیاط ہونے چاہیئن کیونکہ بخار پوٹاشیم دہات کا نہ صرف ہوا کے ساتہہ ملنے سے جلنے لگتا ہے بلکہ پانی کے اجزا ر علاحدہ کر دیتا ہے۔ آکسیجن سے ملجاتا ہے۔ ہیڈروجن کو آزاد کر دیتا ہے اس لئے بخار کو پہاڑی تیل یا نافتہ کے ذریعہ سے سرد کرنا چاہیئے جسکے اندر آکسیجن نہین ہوتی اور دہات جو اسطرح سے طیار کیجاتی ہے پہر دوبارہ کہینچنی چاہیئے








Fig. 49.




Fig. 50.




Fig. 51.




Fig. 52.




Fig. 46.




Fig. 47.




Fig. 48.

سوم جماعت شش پہلو - چار محور تینا ہین سے مساوی اور ایک
سطح مین زاویہ ۶۰ درجہ مین ملتی ہین چھوٹا خط بڑا یا چھوٹا اور عمودی
سطح باقی محورون کے - اول شکل اِسمین باقاعدہ شش پہلو باقاعدہ
شش عمود اور معین شکل کالکسپا - کوارٹس - برل - کورن ڈم -
گریفائیٹ برف اِس جماعت کی شکل مین قلم بناتے ہین

چہارم معین جماعت - تین محور نابرابر اور تینون ایک دوسرے پر عمود
اِسمین شکل ہشت پہلو ہوتی ہے جسکی بنیاد معین ہوتی ہے اِس مین شورہ
بیریم سلفیٹ آروگونائیٹ ٹوپاز اور قدرتی گندہک قلم بناتا ہے

پنجم جماعت - ایک جانب جھکی جماعت مین محور تمام یا برابر - دو لوہین
سے ٹیڑہے طور پر ایکدوسرے کو کاٹتے ہین اور ایک باقی دونون کی
طرف عمود ہوتا ہے - ٹیڑہا سمین ہشت پہلو اِس جماعت مین ہے سبب غیرہ
اِس جماعت کی شکلو نمین قلمین پیدا کرتے ہین مثلاً گندہک بعد
پگہلنے کے سوڈیم کاربونیٹ - سوڈیم فاسفیٹ فرس سلفیٹ - بوراکس
اور شکر کے چینے

ششم جماعت مین جانب جھکے ہوئے تین محور تمام نابرابر اور تینون
ٹیڑہے ہین - اِسمین ڈبل ٹیڑہا ہشت پہلو - اور ڈبل ٹیڑہی شکل ہوتی ہے
کاپر سلفیٹ - بورک ایسڈ - البائیٹ - پوٹاشیم - بائیکرومیٹ اور
بعض اور اشیاے اِسمین قلم بناتے ہین اور اِنکی شکل عموماً پیچیدہ
ہوتی ہے - ان ۶ جماعتون کے مطابق سب قلمونکی جماعت بندی ہوسکتی ہے

بو لتے ہین

یہ قاعدہ کی بات ہے کہ ہر ایک شئی کی ایک خاص صورت ہی جسمین وہ قلم بناتا ہے اور جسکے ذریعہ سے وہ تمیز ہو سکتا ہی جب ایک قلم عرق پانی مین سے بنتی ہی تو ذرہ سا ذرہ جو نظر آسکے اوسمین بہی صورت بڑے قلم کی کامل طور پہ پائی جاتی ہے اور صرف اوسکی قدمین زیادتی واقع ہوتی ہے اور شکل مین کچہہ فرق واقع نہین ہوتا ہے ہزارہا معلوم شدہ قلمون کو ۷ جماعت مین ترتیب دیا گیا ہے اور ایک جماعت کی قلمون مین بہت سے خواص مشترک ہین واسطے تسہیل جماعت بندی قلمون کے بعض خط قلمون کے اندر تصور کئے جاتے ہین جنکو محور بولتے ہین اور جنکے گرد قلمین با تناسب بنائے جا سکتے ہین اور یہہ خط مرکز قلم مین ایکدوسرے کو نقاطع کرتے ہین اور ایک سطح سے دوسری سطح تک گذر کرتے ہین اول جماعت باقاعدہ اسمین تین خط عمود اور مساوی ہوتے ہین۔ شکل اول اسمین مکعب دوم ہشت پہلو سوم دوازدہ پہلو۔ ہیرا۔ پہٹکری۔ نمک خوردنی کی مثال۔ آیرن پایرٹیس اور گارنیٹ اس جماعت مین قلم پیدا کرتے ہین

دوم جماعت مربع۔ تین محور۔ عمودی۔ ایک باقی دو سے طول مین کم یا زیادہ۔ شکل اسمین ایک بڑا اور ایک چہوٹا مربع شکل اور اسیطور یہہ دو شکل مربع ہشت پہلو۔ اسمین فیروسائی نائڈ آف پوٹاشیم زرکان اور ٹن ڈائی آکسائیڈ قلم پیدا کرتے ہین۔




Fig. 42.




Fig. 43




Fig. 44*a*.




Fig. 44*b*.




Fig. 45*a*.

O




Fig. 45*b*.




Fig. 40.




Fig. 41.

اکثر کیمیا اشیا جب صورت عرق یا ہوا سے سخت صورت مین تبدیل ہوتے
ہین تو وہ کسی معین صورت اقلیدس کے شکل مین آجاتے ہین اور اسکو
قلم نما بولتے ہین جب کسی شی مثل شورہ کو پانی مین حل کیا جاوے اور
عرق کو آہستہ آہستہ سے اوڑنے دین تو قلم بنجاتی ہین یا جب گندہک کو
پگہلایا جاوے اور پہر آہستہ سے سرد کیا جاوے یا جب کسی اوڑجانیوالی
شی مثل سنکیہ اور آیوڈین کو گرم کرکے بخار کی صورت مین لایا جاوے اور
نیز اس بخار کو سرد کیا جاوے تو قلم بننے لگے۔ بہت سے قدرتی پتہر دنین
کامل قلمون کی صورتین مین پائی جاتی ہین اوسطوں سے جس سے یہ قلمین
طیار ہوتی ہین ہم آگاہ نہین ہین لیکن ہمکو یہہ معلوم ہے کہ قلم بننے کا عمل
بہت آہستہ ہوا ہے اور یہہ بہی معلوم ہے کہ جسقدر دیر مین اور آہستگی سے
قلم بنے اوسیقدر یہہ کامل اور بڑی بنتی ہے قلمین سوا ے ایک صورت خاص
رکہنے کے ایک اور خاصیت ایک خاص جانب مین پہٹنے کی رکہتے ہین جس
جانب مین اور جانب سے بآسانی سے پہوٹ سکتے ہین اور اس خاصیت کو پہوٹ
یا کلیوج بولتے ہین اور نیز اسمین خاصیت روشنی کی کرنون کو ایک خاص
جانب مین گذارنے کی ہوتی ہے جس سے انعکاس دوبارہ واقع ہوتا ہے
معدنی اشیا جنمین یہ خاصیت ہو اور بناوٹ قلمدار نہ رکہتے ہون بے ڈول
کہلاتے ہین مثلاً گلاس سریش وغیرہ۔ لیکن بعض نہایت پیچیدہ اجسام
جو نباتات اور حیوانات مین پائی جاتے ہین اگرچہ غیر قلمدار ہین انتظام
اور ترتیب سے خالی نہین ہے اور اس ترتیب کو آرگنائزڈ یا خانہ دار سا

ایڈ بنانے والے اکسایڈ سے بتا اور بیک اکسایڈ کے دہات کا اتصال کلورین وغیرہ
یا آیوڈین سے مثلاً س ا ۳ + ب ئی = ب ی س ا ۴ س ی ۲ + ک را =
ک س ی ا ۳ اور ان + ک ل ۳ = ان کیل ۳ سوم تبادلہ ہیڈروجن و دہات سے
اور میان ۴ اگر تمام منتقل ہونے والے ہیڈروجن ایڈ کی دہات کے ساتھ
تبادلہ کی جاوے تو نورمل یا بیسک نمک پیدا ہوتا ہے اور اگر صرف کچھ حصہ
ہیڈروجن کا منتقل ہو جاوے تو نو پیدا شدہ مرکب ایڈ سالٹ کہلاتا
ہے مثلاً پ ہ س ا ۴ نورمل سالٹ ہے اور پ ہ س ا ۴ ایڈ سالٹ ہے
جسقدر زیادہ تعداد منتقل ہونے والی ہیڈروجن کے ذرون کے ایڈ مین
ہو تو اوسیقدر زیادہ تعداد ایڈ سالٹ کی ہوتی ہے جو یہ ایڈ بنا سکے
مثلاً س و ۳ ف ا ۴ س و ۲ ھ ف ا ۴ س و ھ ۲ ف ا ۴ ھ ۳ ف ا ۴
بیسک سالٹ اتصال نورمل سالٹ اور بیسک اکسایڈ یا ہیڈر اکسایڈ سے
تیار ہوتے ہین مثلاً ل یان ا ۳) ۲ + ل ھ ۲ ا ۲ = ۲ ل ھ ن ۳ ہین
بناوٹ باقی قسم کے نمکون کی اونکے خاص خاص بیان سے اچھی طرح سمجھ
آ جاوے گی۔ اکثر دہاتون کے نمک جب قلمین پیدا کرتے ہین تو اونکے اندر
ایک معین مقدار تعداد ذرون پانی کی ہوتی ہے اور اسکو پانی قلمونکا بولتے
ہین دہاتین نیٹروجن فاسفرس بوران سلیکان اور ہیڈروجن سے بھی
اتصال پاتے ہین مگر مرکب جو اسطرح سے بنتے ہین عموماً ضروری نہین ہوتے

بیان قلمونکا

م ن ک س ل ٢ + ہ ٢ ا + ک س ل ٢ یہہ سکسی دہاتی اگسائڈ جب پانی کے ساتہہ ملائے جاوین تو ایسڈ پیدا کرتے ہین اور یہی حال اکسائڈ غیر دہاتی اشیاء کا ہے

دہاتی سلفائڈ

دہاتین سلفر کی ہمراہ بدون وسیلہ ملجاتی ہین اور سلفائڈ بھی پیدا ہوجاتے ہین اور یہہ سلفائڈ قدرتی بہی بطور خام دہاتون کے ملتے ہین یہہ مرکب مثل مقابل کے اگسائڈ اور ہیڈر اکسائڈ کے ہوتے ہین اور بطور سلفر ہیڈ ہیڈروجن کے تصور کرنے چاہیئے جس مین ہیڈروجن اپنی مساوات دہات سے منتقل ہوتی ہے اور باقی سلفائڈ مثل ایسڈ بنانے والہ اگسائڈ کے ہوتے ہین اور بے سک سلفائڈ کے ساتہہ ملکر مرکب پیدا کرتے ہین جنکو سلفو سالٹ بولتے ہین مثلاً س و ٢ س اور س و ١٢ ان ٢ س ٥ ف ٢ ا ٥ اور س و ٣ ف ا ٤ - اور سوڈیم انٹمونیٹ س و ٣ ان ا ٤ سلفائڈ الکلیز اور الکلاین راتہہ کے پانی مین حل ہوجاتے ہین اور بعض ایسڈون اور الکلیز مین حل ہوجاتے ہین اور بعض نہین حل ہوجاتے - کیمیاخانہ مین یہہ فرق حل ہونے سلفائڈ کا تحقیقات کیمیائی مین واسطے علیحدہ علیحدہ کرنے دہاتونکے بہت کارآمد ہے دہاتون کی نمک طرح طرح سے طیار ہوسکتے ہین - اول تبادلہ بلا واسطہ دہات کا ہیڈروجن ایسڈ کے ساتہہ مثلاً ز + ہ ٢ س ا ٤ = ز س ا ٤ + ہ ٢ - دوم بلا واسطہ اتصال

مثلاً کالشیم - ہئڈراکسائیڈ ھ اک ر ا ۲ - ہئڈراکسائیڈ مقابل سیسکی
اکسائیڈ مثل الومینیہ ال ۲ ا ۳ بطور ا مجموعون پانی کے تصور ہونی چاہیئے
جنمین نصف ہیڈروجن کے ہکیبڈ جماعت سے منتقل ہوئی ہے مثلاً
الومینیم ہئڈراکسائیڈ ال ۲ ھ ۲ ا ۴ جب پانی کے اندر حل ہوجاوین تو یہہ
ہئڈراکسائیڈ بہت تیز الکلاین خاصیت کم رکھتے ہین یعنے سرخ نباتاتی رنگ
کو نیلا کردیتے ہین - مثلاً لٹمس کو - کئی ایک اکسائیڈ پانیکی ہمراہ ملکر ہئڈر
اکسائیڈ پیدا کرتے ہین مثلاً ب ی ا + ھ ۲ ا = ب ی ھ ۲ ا ۲
یہہ بیریم ہئڈراکسائیڈ جلنے پر بہی اپنے مین سے پانیکو علیحدہ ہونے نہین دیتا
حالانکہ مثل کاپر ہئڈراکسائیڈ کی جوش پر متفرق ہوجاتے ہین ھ کو ا ۲ =
ک ا ا + ھ ۲ ا ا نہایت عجیب خاصیت بے سک اکسائیڈ اور ہئڈراکسائیڈ
کی اونکی طاقت ایسڈون کو بے تاثیر یا نیوٹرل کرنیکی ہوتی ہے اور تب او یعنے
سالٹ یا نمک پیدا ہوجاتے ہین اور اسکا وقوع مساوی مقدار دہات
اکسائیڈ کے اور ہیڈروجن سالٹ کے تبادلہ سے ہوتا ہے مثلاً پ ھ ا
+ ھ ن ا ۳ = پ ن ا ۳ + ھ ۲ ا - اور ک ر ا + ھ ۲ س ا ۴ = ک ر
س ا ۴ + ھ ۲ ا دوم اور سیوم قسم کے اکسائیڈ بے سک اکسائیڈ کی نسبت
سے زیادہ آکسیجن رکہتے ہین بڑ اکسائیڈ آکسیجن آکسی ایسڈ کے ساتھہ گرم
کرنے سے پیدا کرتے ہین - اور کلورین ہیڈروجن ڈائی اکسائیڈ پیدا کرتے
ہین جب ہئڈروکلورک اون کی ہمراہ ملا یا جاوے مثلاً م ن ا ۲
+ ھ ۲ س ا ۴ = م ن س ا ۴ + ھ ۲ ا + ا اور م ن ا ۲ + ۴ ھ ک ل =

اور وقت جلنے کے بڑی تیز روشنی پیدا کرتے ہین - گولڈ اور سلور بلا
واسطے آکسیجن سے نہین ملتے اور اِنکا مرکب حاصل کرنے کی لئے وسیلہ کی
حاجت ہوتی ہے اور نیز مشکل سے یہہ مرکب بنتے ہین

آکسائیڈ ساخت اور خواص مین بہت مختلف ہوتے ہین لیکن ان سب کو
تاہم مثل ھ۲ا کی سمجہنا چاہیئے جسمین ہیڈروجن کے بدلے دہات آجاتی ہے
مثلاً مونا آکسائیڈ مثل ھ۲ا کی تصور کرنا چاہیئے جسمین ہر ایک ذرہ ہیڈروجن
کا دہات مونیڈ کے ساتہہ تبدیل ہوا ہے مثلاً پ ۲ ا س ل ۲ ا یا دو
ذرے ہیڈروجن کے ایک ڈائیڈ کے ساتہہ منتقل ہو جاتے ہین مثلاً ب
ی او ز ا - اور ایسے اِس سے بڑہکر آکسائیڈ بطور دو یا زیادہ مجموعون
پانیکے تصور ہو سکتے ہین - اور جنمین ہیڈروجن او سیطور پر اپنی مساوات
دہات سے منتقل ہو سکتی ہے - نہایت ضروری اِن آکسائیڈ مین سے سس کے
آکسائیڈ مین مثلاً الومنیا ال ۲ و ۳ فرک آکسائیڈ ای ۲ ا ۳ - ڈائی آکسائیڈ
آف مینگنیز م ن ا ۲ ٹرائی آکسائیڈ ک ر ا ۳ - آکسائیڈ ۳ قسم کے ہوتے ہین اول بیسک
آکسائیڈ دوم پر آکسائیڈ سوم ایسڈ بنانے والے آکسائیڈ اگر صرف جز ہیڈروجن
کا پانی مین سے دہات کے ساتہہ منتقل ہوا ہے تو مرکب پیدا شدہ کو ہیڈرآکسائیڈ
بولتے ہین مثلاً پوٹاشیم کے پانی پر تاثیر سے ہیڈروجن خارج ہو جاتی
ہے اور کاسٹک پوٹاش پ ھ ا یا پوٹاشیم ہیڈرآکسائیڈ طیار ہو جاتا ہے
ہیڈرآکسائیڈ ڈائیڈ دہاتون کے بطور دو مجموعون پانی کے تصور کرنی چاہیئے
جسمین ایکذرہ دہات کا دونون ذرون ہیڈروجن کی جگہہ آجاتا ہے

کرنا ممکن ہے مثلاً دہات پیلیڈیم ۹۸۲ مقدار ہیڈروجن سے کم اپنے
اندر جذب نہین کرتا جس سے واقعی مرکب دہاتی سا تھہ دہات ہیڈرجنیم یا
ہیڈروجن سخت صورت مین ہوتا ہے - زیادتی وزن سے جو ہیڈروجن
کے جذب ہونے سے پیلیڈیم مین واقع ہوتی ہے - جب اِسکو منفی سرے کے
طرف الیکٹروڈ مین رکہا جاوے - وزن مقدار ہیڈروجنیم کا ۷۲۳ء کے برابر
دریافت ہوا ہے یہہ نیز حرارت اور بجلی کا کنڈکٹر ہے - اور اِسمین تاثیر مقناطیسے
ہوتی ہے اِن امور مین اسکا عمل مثل دہات کی ہے - پلاٹینم اور آئرن
سے علاوہ پلاڈیم کے ہیڈروجن کو کثیف کر سکتے ہین لیکن یہہ طاقت
اوسمین بہت کم ہے اس امر کا بیان کہ بہت سرخ گرم پلاٹینم اور آئرن واسطے
جذب کرنے ہیڈروجن گیس کے مادار ہوتا ہے اسطرح سے ہو سکتا ہے کہ ایک
سرے نلی یا تختہ کیطرف یہہ گیس خشک ہوتی جاتی ہے اور دوسری جانب
اِسکے بخار نکلتے رہتے ہین جذب شدہ ہیڈروجن دہاتی گرنیوالہ ستارہ
مین پائی گئی ہے اور زمین کے لوہے مین کاربانک اکسائیڈ گیس جذب ہوتی
جاتی ہے اِس سے یہہ نتیجہ نکل سکتا ہے کہ گرنے والہ پتھر ایسی ہوا مین پیدا
ہوئے جس مین ہیڈروجن گیس بکثرت ہوتی ہے حال سپکٹرم کی تحقیقات
کا دیکہو

مرکب دہاتون کے ہمراہ غیر دہاتی اشیاء کے

اول - دہاتی اکسائیڈ - آکسیجن مختلف دہاتون پر مختلف طور پر کام کرتی ہے
بعض دہاتین مثل زنک میگنیشیم اور کالسیم کی گرم ہونے سے جلنے لگتی ہین

صیقل خوب ہوتا ہے اور بطور سپکٹریم کی دہات کے جو خورد بین اور دوربین مین
بطور روشنی انعکاس کرنے والہ کے استعمال کیا جاتا ہے چھاپہ کے حروف
۸۰ حصہ شیشہ یا سکہ ۲۰ حصہ انٹمونی یا سرمہ سے ملایا جاتا ہے اِس مرکب مین
کئی ضروری خواص ہوتے ہین جو ایک دہات مین پائے نہین جاتے اور نہ ہر ایک
مرکب دہاتی مین یہہ خواص پائے جاتے ہین - کیمیائی ساخت اِن مرکبون
کی ایسی معین اور واضح نہین ہوتی جیسی اور مرکب دہاتون کی ہوتی ہے لیکن
یہہ اکثر قلمو نہین حاصل ہو سکتے ہین جہان یہہ اجزا ذرون کے تناسب
مین پائے جاتے ہین مقام پگہلنے مرکب دہاتی کا دونون دہاتون کے مقام
جوش سے کم ہوتا ہے مثلاً لیڈ ۳۳۴ درجہ پر اور بسمتھہ ۲۷۰ درجہ پر ٹن
۲۳۵ درجہ پر اور کیڈیم ۳۱۵ درجہ پر حالانکہ مرکب ۲ حصہ بسمتھ ایک حصہ
ٹن اور ایک حصہ لیڈ کا ۹۵ درجہ سے ۹۸ درجہ تک جوش مین آتا ہے
اور ایک مرکب جسمین ۸ حصہ لیڈ کے ۱۵ حصہ بسمتھہ ۴ حصہ ٹن اور تین حصہ کیڈمیم
۶۰ درجہ کی حرارت پر نرم ہوجاتا ہے اور ۶۵ درجہ کی حرارت پر مثل پانیکی
عرق بنجاتا ہے مرکب دہاتی ہمراہ پارہ کی املگام کہلاتے ہین

خواص ظاہری دہاتون کے

ہیڈروجنیم - بہت وجوہات کیمیئے ہین جنسے خیال مین آسکتا ہے کہ ہیڈروجن
بخار ٹہرے اوڑجانے والہ کسی دہات کا ہے اور اگرچہ اِسکا بخار دباؤ سے
عرق یا سخت جسم مین نہین آسکا - تاہم ہیڈروجن کو بعض دہاتون مین جذب

دہاتین آہسمین ملکر ایلائی یا مرکب دہاتی پیدا کرتے ہین اور غیر دہاتی اشیاء سے ملکر آکسائیڈ سلفائیڈ اور کلورائیڈ وغیرہ بناتے ہین۔ مرکب دہاتی مین صورت دہات کی قایم رہتی ہے لیکن جب مرکب غیر دہاتی کی ہمراہ بنتا ہے تو ظاہری خواص دہاتون کے دور ہو جاتے ہین

ایلائیز یا مرکب دہاتی

مرکب جو دہاتین آپسمین ملکر پیدا کرتی ہین ایسی معین نہین ہوتی ہین جیسے مرکب ملنے دہاتون اور غیر دہاتی اشیاء سے بنتے ہین۔ تاہم مرکب دہاتی بہت ہنرون مین استعمال کیے جاتے ہین کیونکہ اونمین بہت سے خواص عمدہ ہوتے ہین جو الگ الگ دہاتون مین نہین پائے جاتے مثلاً سونا اور چاندی علیحدہ علیحدہ ایسے نرم ہین کہ اونکو ذریعہ سکہ کا بنانا بیفایدہ ہے۔ اور اگر ۵ حصہ فیصدی تانبہ اوسمین ملایا جاوی تو سکہ مناسب سختی کا پیدا ہو جاتا ہے ایسے طور پر تانبہ بہت نرم اور کرخت خراد بنانے کے لئے ہوتا ہے لیکن اگر نصف مقدار جست کی ہمراہ اوسکو ملایا جاوے تو اوس سے سخت اور نہایت سفید شی بنتی ہے جسکو براس یا پیتل بولتے ہین۔ گن میٹل برونز یا گٹ ایک سخت نہ ٹوٹنے والا مرکب ہے جس مین ۹ حصہ تانبہ اور ۱۰ حصہ قلعی ہوتی ہے بل میٹل یا گھنٹے کی دہات سخت مین یہہ ہی دہاتین ہوتی ہین مگر تناسب تانبہ ۸۰ اور قلعی کی ۲۰ ہوتی ہے۔ اور ایک مرکب جسمین ۳۳ حصہ فیصدی قلعی اور ۶۷ حصہ تانبہ ہووے سفید رنگ کا ہوتا ہے اور اسپر

اِس جماعت کی دہاتین ٹرای والنٹ ہین - اور یہہ حد فاصل درمیان دہاتون
اور غیر دہاتی اشیا کے ہے اور نٹروجن فاسفورس اور آرسنک کی بہت
متشابہ ہین

جماعت نہم لیڈ کی - لیڈ تہالیم - لیڈ ڈاوالنٹ ہے مگر تہالیم
مونوالنٹ ہے

جماعت دہم سلور کی - سلور کاپر - مرکری - یہہ دہاتین پانیکو
کسی صورت مین متفرق نہین کرتین اور نٹرک اور سٹرانگ سلفورک ایسڈ
کے ذریعہ سے آکسیڈائز ہو جاتی ہین ہر ایک اُنمین سے دو بیسک اکسایڈ
پیدا کرتے ہین جو سوائے کاپر کے اکسایڈ کی صرف حرارت سے متفرق ہو جاتے
ہین کاپر اور مرکری ڈاوالنٹ ہین - سلور مونوالنٹ -

جماعت یازدہم - سونے کے گولڈ - پلاٹی نم - پیلیڈیم - رہوڈیم
- اوتہنیم - ارڈیم - اسمیم - یہہ دہاتین نٹرک ایسڈ سے کچہہ موثر نہین ہوتی
ہین لیکن کلورین اور ایکوا ریجیا اینر عمل کرتا ہے اور اِنکے اکسایڈ صرف حرارت سے
دہات مین مبدل ہوجاتے ہین اور یہہ معہ سلور اور مرکری کے شریف
دہاتون کی جماعت بناتے ہین -
گولڈ ٹرا والنٹ ہے اور پلاٹنم ٹٹرا والنٹ ہے - باقی سب پلاٹنم کی ہمراہ پائے
جاتے ہین اسلئے اوسکو پلاٹی نم کی دہاتین بولتے ہین

خواص کیمیائی دہاتون کے

جماعت چہارم زنک کی - بیریلیم - گلوسینم - میگنیشم - زنک کیڈمیم - انڈیم - یہہ دہاتین ڈایوالنٹ اور بڑہی حرارت پر یہہ سب اوڑ جاتے ہین اور جب ہوا کے اندر گرم کئے جاوین تو جلتے ہین - پانیکو بڑہی حرارت پر یا موجودگی ایڈ کے متفرق کر دیتے ہین - اور اِن سے ایک کلورائڈ اور ایک اکسائڈ پیدا ہوتا ہے

جماعت پنجم لوہے کی میگنیز آیرن - کوبالٹ - نکل - کرومیم - یورینم یہہ دہاتین بہٹی کی آگ پر حرارت سے نہین اوڑتے - اور یہہ پانی کے اجزا مثل سابق کی جماعت کے علیحدہ کرتے ہین اور اُن سے بہت سے اکسائڈ کلورائڈ اور سلفائڈ بنتے ہین

جماعت ششم ٹن کلاس - ٹن ٹٹانیم - زرکونیم - ہتوریم - نیوبیم ٹنٹالیم - اس جماعت مین سے صرف ٹن فنون مین کار آمد ہے یہہ دہاتین پانی کو بڑی حرارت پر متفرق کرتی ہین یا او سوقت جب کوئی الکلیز موجود ہو - اول چار کے ڈائکسائڈ بنتے ہین اور نیز اوڑجانے والے ٹٹرا کلورائڈ بنتے ہین - یہہ ٹٹرا والنٹ مثل سلیکان کی ہین پچہلی تین نایاب دہاتین ہین اور پنٹا والنٹ معلوم ہوتے ہین

جماعت ہفتم ٹنگسٹن جماعت - مولیبڈینم اور ٹنگسٹن یہہ دہاتین نایاب ہین اور بڑہی حرارت پر پانیکو متفرق کرتے ہین - انکے ٹرائکسائڈ اور اوڑجانیوالے ہکسا کلورائڈ بنتے ہین

جماعت ہشتم - انٹمونی - کلاس - انٹمونی - بسموتہ - وانیڈیم

بہت مشابہ ہین اور ایک عجیب تعلق انکے وزن ذراتی مین دیکھا جاتا
ہے مثلاً سوڈیم جو پوٹاشیم اور لتھیم کے خواصو نمین درمیانی ہے اپنا
وزن ذراتی اوسط حساب سے انکے وزن ذراتی کا رکھتا ہے۔ مثلاً ۳۹
+ ۷ ÷ ۲ = ۲۳ اور اسیطور پر روبڈیم جو درمیان مین پوٹاشیم اور سیزیم
اوسط وزن ذراتی رکھتا ہے $\frac{۱۳۲ + ۳۹}{۲} = ۸۶$

جماعت دوم - دہاتین الکلاین ارتھہ - کالشیم - سٹرانشیم - بیریم
اس جماعت کی دہاتین ڈاوالنٹ ہین - ہیڈروجن اور کاربان سے یہہ
دہاتین ریڈیوس نہین ہو سکتے ہین ہر حرارت پر یہ پانیکو متفرق کر دیتے
ہین اور آکسائیڈ بنجاتے ہین اور یہہ آکسائیڈ پانی کے ساتھہ ملکر ہیدرآکسائیڈ
پیدا کرتے ہین انمین سے بعض مین سے پانی بذریعہ حرارت کے دور کیا جا سکتا ہے
انکے کاربونیٹ پانی مین حل نہین ہوتے لیکن ایسے پانی مین جسکے اندر
کاربونک ایسڈ ہووے حل ہو جاتے ہین

جماعت سیوم دہاتین ارتھہ کی - الومینیم - اٹیریم - اربیم - سیریم
لنتھانم - ڈیڈیم - سوائے الومینیم کے اور باقی دہاتین آزاد حالت مین
کم معلوم ہین کیونکہ انکے مرکب ایسے نایاب ہین کہ وہ کسی مفید مطلب کے
لئے استعمال مین نہین آسکتے اور انکے خواص کا ذکر ایسی ابتدائی کتاب
مین کرنا لاحاصل ہے اکسائیڈ اس جماعت کے پانی مین حل نہین ہوتی
اور بذریعہ ہیڈروجن یا کاربان کے دہاتی حالت مین تبدیل نہین ہوتے —
الومینیم پانی کو بڑی حرارت پر متفرق کر دیتا ہے

وقوع اور تقسیم اِن اشیاء کا تعلق علم زمین یا جی آلوجی کے ہے اور حاصل کرنا خام دہاتو نکا کام کان کہودنے والے اور انجینر کا ہے اور نکالنا دہات کا خام دہات مین سے ترکیبون سے اگرچہ موقوف اصول اور عمل کیمیائی پر ہے تاہم اسکا تعلق علم دہات نکالنے سے ہے

جماعت بندی دہاتون کی

سہولت بیان کے لئے دہاتون کو جماعت بندی مین کرلینا چاہیئے جس مین بہت سی دہات جنکے بعض خواص اور عام خواص متفق ہونگے وہ ایک جماعت مین داخل ہو جاوینگے

اول - دہاتین الکلیز کی - پوٹاشیم - سوڈیم سی سی ایم - روبیڈیم لیتھیم آمونیم - اِس جماعت کی دہاتین مانوانسٹ ہین - نرم آسانی سے پگہلنے والی بڑی حرارت پر اڑجانے والی اور بڑے زور سے آکسیجن سے ملجاتی ہین ہر حرارت پہ پانی کو متفرق کر دیتی ہین اور بے نمک آکسائیڈ پیدا کرتے ہین - جو پانی مین خوب حل ہو جاتے ہین اور جنسے جلانے دار الکلائن یا کہاری جسم بنجاتے ہین - ہئڈراکسائیڈ - اور جنہین سے بذریعہ حرارت پانی کسیطرح دور نہین ہو سکتا ہے اِنکے کاربونیٹ پانی کے اندر حل ہو جاتے ہین اور ہر ایک دہات اِنہین سے صرف ایک کلورائیڈ پیدا کرتے ہین - آمونیم ن جو فہرست الکلائن دہاتون نہین اسوجہ سی لکہا گیا ہے کیہ پوٹاش اور سوڈا کے ساتھ ایہ نیا کے نمکون کی بڑی تشبیہ ہے یہہ دہاتین اور اِنکے مرکب اپنے خواصون مین

کاربان ہلکا کلورائیڈ ۱٫۱۷۰ × ۲۳۷ = ۴۲۲٫۰ = ۱۸۹۲٫۱ ۶ × ۴۴ ، ۶

بیان وقوع اور تقسیم دہاتون کا کرہ زمین پر

صرف چند دہاتین حالت آزاد یا منفرد مین قدرتی پائی جاتی ہین عموماً آکسیجن سلفر یا کسی اور غیر دہاتی شی سے ملی ہوئی پائی جاتی ہین اور یہہ مرکب دہاتی گوناگون طور پر جیساکہ زمین مین پائے جاتے ہین بعض تو صرف ایک دو مقام پر پائے جاتے ہین اور وہان بہی بہت تہوڑے ملتے ہین۔ حالانکہ بعض ان مین سے بکثرت ہر جگہہ پائے جاتے ہین مثلاً دہاتِ الومینم ۔ آیرن ۔ کالشیم میگنیشیم اور سوڈیم بڑی مقدار و ہین ہر جگہہ پائے جاتے ہین ۔ اور آکسیجن اور سلیکان سے ملکر یہہ مجموعہ پہاڑون کے کرہ زمین پر انسے بنے ہوئے ہین ۔ لیکن انمقامو نسے یہہ دہاتین کارخانون کے لئے نہین نکالی جاتین اور اِس غرض کے لئے ہمین اور مرکب کام مین لانے پڑتے ہین جو کم مقدار مین پائے جاتے ہین اور اُنمین سے بہ نسبت سلیکیٹ کے دہات آسانی سے نکل سکتی ہے اور اِن مرکبون کو اُ د ر یا خام دہات بولتے ہین ۔ پہاڑی دہاتین اور اونکی خام دہاتین گرینیٹ پتہر و نمین اور ابتدائی پہاڑ و نمین منتشر ہوئی ملتی ہین اور یونکی رگین مثل شگاف کی کسی خاص طرف جاتی ہوئی ملتی ہین اور اِن شگافو نمین خام دہات بہری ہوئی ہوتی ہے اور باقی خام دہاتین مثل آبراہسٹون کی حال کے تہ نشین شدہ پتہر و نمین پائے جاتے ہین اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پانی مین سے حل ہوئے بڑے بڑے مجموعو نمین نیچے بیٹھ گئے ہین ۔ اور حال

حاصل جمع ذراتی حرارتوں مرکب عناصر کی ہوتی ہے جیسا ذیل کی فہرست سے واضح ہوگا

حرارت متناسبہ

سلور کلورائڈ ۰٫۰۹۱ × ۱۴۳٫۵ = ۱۳٫۴ = ۲ × ۶٫۷

سوڈیم کلورائڈ ۰٫۲۱۹ × ۵۸٫۵ = ۱۲٫۸ = ۲ × ۶٫۴

پوٹاسیم برومائڈ ۰٫۱۱۳ × ۱۱۹٫۱ = ۱۳٫۵ = ۲ × ۶٫۷

ٹن ڈائی کلورائڈ ۰٫۱۰۲ × ۱۸۹ = ۱۹٫۲ = ۳ × ۶٫۴

مرکیورک ایڈائڈ ۰٫۰۴۲ × ۴۵۴ = ۱۹٫۰ = ۳ × ۶٫۳

پلاٹی نم پوٹاشیم کلورائڈ ۰٫۱۱۳ × ۴۸۸٫۶ = ۵۵٫۲ = ۹ × ۶٫۱

تمام باقی عناصر کی حرارت ذراتی ۶٫۴ سے کم ہے مثلاً سلفر اور فاسفرس کے ۵٫۴ ہے فلیورین کی ۵ ہے آکسیجن کے ۴ اور سلیکان کے ۳٫۸ بوران کے ۲٫۷ ہے ہیڈروجن کے ۲٫۳ اور کاربان کے ۱٫۸ ہے ان عناصر کی حرارتی مجموعی حرارت سے اونکے مرکبات سے مطابق متذکرہ بالا قاعدہ کے نکالی گئی ہے اور ذیل کے حساب سے یہ بخوبی عیاں ہو جاویگا

	وزن مجموعہ	حرارت متناسبہ
برف	۰٫۴۷۸	۱۸ × ۰٫۴۷۸ = ۸٫۶ = ۲ × ۲٫۳ + ۴
مرکیورک آکسائڈ	۰٫۰۴۸	۲۱۶ × ۰٫۰۴۸ = ۱۰٫۴ = ۶٫۴ + ۴
آرسنک ٹرائی اکسائڈ	۰٫۱۲۸	۱۹۸ × ۰٫۱۲۸ = ۲۵٫۳ = ۲ × ۶٫۴ + ۳ × ۴
کالشیم کاربونیٹ	۰٫۲۰۳	۱۰۰ × ۰٫۲۰۳ = ۲۰٫۳ = ۶٫۴ + ۱٫۸ + ۳ × ۴
پوٹاشیم سلفیٹ	۰٫۱۹۰	۱۷۴٫۲ × ۰٫۱۹۰ = ۳۳٫۲ = ۲ × ۶٫۴ + ۵٫۴ + ۴ × ۴

ٹن ۰٫۰۵۴ × ۱۱۸ = ۶٫۳۷

زنک ۰٫۰۹۵ × ۶۵٫۲ = ۶٫۳۹

اِسلئے حرارت متناسبہ دریافت کرنے مین ایک وسیلہ وزن ذراتی دہاتونکا دیکہنے کابہی ہے اور بعض صورتو مین اگر نا معلوم ہو تو دریافت بہی کر سکتے ہین۔ مثلاً ایک دہات نئی معلوم شدہ دہات ہالیم کے بابتہ کیمیا گر لوگ شک مین تہے کہ یہہ بہت مشابہہ لیڈ یا الکلیز کے ہے - اگر اسکو لیڈ کے ساتہہ ڈالیڈ مقرر کیا جاوے تو اِسکا وزن ذراتی ۲۰۴ ہونا چاہئے اور اگر یہہ مونیڈ الکلیز کے ساتہہ رکہی جاوی تو اسکا وزن ذراتی $\frac{۲۰۴}{۳}$ = ۶۸ کے ہوگا لیکن حرارت متناسبہ ہالیم کی مساوی ۰٫۰۳۳ معلوم ہے اور اگر اوسکو ۶٫۴ پر جو عام ذراتی حرارت دہاتون کی ہے تقسیم کردیوین تو جواب عدد ۱۹۴ ہوگا جو بہت نزدیک ۲۰۴ کے بہ نسبت ۶۸ کے ہے اور فرق درمیان ۱۹۴ اور ۲۰۴ کے اسواسطے ہے کہ ٹہیک ٹہیک حرارت متناسبہ اجسام کا دریافت کرنا بباعث غلطی وتغیر وتبدلِ ظاہری حالات سے ہوتا ہے بہت دشوار ہے - ذیل کے غیر دہاتی اشیاء کی حرارت ذراتی مثل دہاتون کی ہے - نٹروجن - کلورین - برومین - آیوڈین - سلینیم - ٹیلیوریم - آرسنک - نٹروجن اور کلورین واقعی امر یہہ ہے کہ سخت حالت مین پاسے نہین جاتے لیکن اونکی حرارت ذراتی حرارت مجموعی اونکے سخت مرکبات ذراتی سے حساب ہوسکتی ہے کیونکہ عنصر سخت حالت مین وہی حرارت رکہتے ہین جو اونکے مرکبو مین پائی جاتی ہے - اسلئے حرارت مجموعی

تو اونکو مختلف مقدار حرارت کی مطلوب ہوتی ہے یعنی مختلف جسمو نمین گنجائیش حرارت مختلف ہوتی ہے ۔ مثلاً مقدار حرارت کی جو ایک کیلوگرام پانی کو ۱۰۰ درجہ تک گرم کرنے کے لیئے مطلوب ہوتی ہے ۳۱ گنا زیادہ اوس مقدار حرارت سے ہے جو اوسیقدر وزن پلاٹینم کو اوسی حرارت تک گرم کر سکتی ہے یعنے جو مقدار حرارت ایک کیلوگرام پانیکو ۱۰۰ درجہ تک گرم کر سکتی ہے وہی ۳۱ کیلوگرام پلاٹینم کو اوس حرارت تک گرم کر دیگی اِسلئے حرارت متناسبہ پلاٹینم $\frac{1}{31}$ یا ۰٫۰۳۲ کی مساوی سمجھی جاتی ہے اور پانی کی حرارت متناسبہ ایک کے برابر تصور کیجاتی ہے حرارت متناسبہ اوس شی سے مختلف ہوتی ہے اگر وہ کسی سخت سیال یا ہوائی صورت مین ہووے ۔ لیکن حرارت متناسبہ دہاتون کی سخت حالت مین ایک عجیب تناسب اونکے وزن ذراتی کے ساتھہ رکھتی ہے ۔ یہہ دریافت ہو گیا ہے کہ اگر بجاے حرارت متناسبہ یکسان وزن کی حساب نہ کیجاوے بلکہ ذرون کی مطابق وزن دہاتون کے کیا جاوے تب اعداد جس سے گنجائش حرارت ذرون کی معلوم ہوتی ہے تمام مساوی پائے جاوینگے یعنے دہاتین تمام ایک ہی حرارت ذراتی رکھتی ہین اور یہہ بخوبی ظاہر ہو جاویگا اگر حرارت متناسبہ کو مقابل کے وزن ذراتی دہاتون کے ساتھہ ضرب دیجاوے

	حرارت متناسبہ		عدد ذراتی		
مثلاً لیڈ	۰٫۰۳۱	+	۲۰۷	=	۶٫۴۱
پلاٹینم	۰٫۰۳۲	+	۱۹۶٫۷۵	=	۶٫۳۳
سلور	۰٫۰۵۹	+	۱۰۸	=	۶٫۳۷

اور جستی ۱۵۰۰ لوہا بنا ہوا اور ۱۴۰۰ درجہ پہ ۱۳۰۰ سے فولاد - درجہ پہ ۱۲۰۰
۱۶۰۰ درجہ پہ پگھلتا ہے -

بعض دہاتین آسانی سے بخار مین مبدل ہو سکتی ہین یا اوڑائی جا سکتی ہین مثلاً پارہ ۳۵۰ درجہ پر اوبلتا ہے اور سنکھیہ بدون پگھلنے کے اوڑ جاتا ہے حالانکہ پوٹاشیم سوڈیم میگنیشیم زنک اور کیڈمیم سرخ حرارت پر ٹپکائے جا سکتے ہین نہایت نا پگھلنے والی دہاتین مثل تانبہ اور سونے کی ٹھیک مستقل مزاج ہنین ہین کیونکہ جب انکو بہت سخت حرارت بھٹی مین دیجاوے تو اینمین سے بخار تہوڑی مقدار مین نکلتے ہین - رنگ اکثر دہاتون کے تقریباً یکسان ہوتے ہین مثلاً چاندی کا خوب سفید رنگ ہے اور سکہ کا نیلا سا خاکی رنگ ہے کاپر یا تانبہ سرخ رنگ کی دہات ہے سونا سٹرانشیم زرد رنگ کی دہاتین ہین - خاصیت تار مین کھینچے اور دب جانے مین بھی دہاتین بہت اختلاف رکہتی ہین - سونا سب مین سے بہت کٹ سکتا ہے اور اسکے ورق ۱/۲۰۰۰۰۰ موٹائی انچ بن سکتے ہین اور اِسمین سے تار بھی بہت نکل سکتی ہے اور دیگر دہاتون مین یہ خواص بہت کم ہین بلکہ بعض دہاتین مثل بسمتھ اور انٹیمونی کی نازک ہین اور اونکے سفوف بن سکتے ہین - سختی نزاکت نہ ٹوٹنا بڑے ظاہری خواص ہین جنمین دہاتون کا بڑا اختلاف ہے

حرارت متناسبہ اور حرارت ذاتی کا بیان

جب یکسان وزن مختلف اجسام کے ایک درجہ کی حرارت تک گرم کئے جاتے ہین

اور بہاری دہاتین بہت مشکل سے اکسایڈائیز ہوتے ہین خواص ظاہری
دہاتون کے وزن متناسبہ ذیل کے نقشہ سے وزن متناسبہ ضروری
دہاتونکا معلوم ہوجاویگا - بمقابلہ پانی کے جسکا وزن متناسبہ حرارت صفر سینٹی
گریڈ پر مساوی ایک کے سمجہا گیا ہے اور وزن متناسبہ مین بہت اختلاف
دہاتونمین پایا جاتا ہے

ایریڈیم = ۲۲ء۰۱ پلاٹینم ۲۱ء۵ - گولڈ ۱۹ء۳ - پارہ ۱۳ء۵۹۶ تہالیم
۱۱ء۹ - پلیڈیم ۱۱ء۱ - لیڈ ۱۱ء۳ - سلور ۱۰ء۵ - بسمتہ ۹ء۸ - کاپر
۸ء۹ - نکل ۸ء۸ کیڈمیم ۸ء۶ - کوبالٹ ۸ء۵ مینگنز ۸ء۰ آیرن
۷ء۸ - ٹن ۷ء۳ زنک ۷ء۱ انٹمونی ۶ء۷ آرسنک ۵ء۹ کرومیم ۵ء۹
الومنیم ۲ء۵۶ - سٹرانشیم ۲ء۵ میگنشیم ۱ء۷۵ - کالشیم ۱ء۵۸
روبڈیم ۱ء۵۲ - سوڈیم ۰ء۹۷ پوٹاشیم ۰ء۸۶۵ - لیتھیم ۰ء۵۹۳

مقام پگہلنے دہاتون کے وزن متناسبہ سے بہی زیادہ اختلاف رکہتے ہین
مثلاً پارہ ۴۰ درجہ حرارت پر پگہلتا ہے اور پلاٹینم نہایت حرارت آکسی
ہیڈروجن کے شعلہ مین پگہلتا ہے

نقشہ مقامات پگہلنے کا

پارہ - ۴۰ درجہ پر - قلعی ۲۳۵ درجہ پر - بسمتہ ۲۶۰ درجہ پر - کیڈمیم ۳۲۰
وزن مجموعی ۸۰ سلفر ڈائی اکسائیڈ حالات معمولی مین آکسیجن کے ساتہہ س ا۳ بنانے کے لیئے بلا واسطہ نہین ملتے لیکن اگر یہہ دونو خشک گیسین گرم اور سفید سنڈ پلاٹینم پر گذاری جاوین انفعال واقع ہوتا ہے اور کثیف سفید دہوئین س ا۳ کے نکلنے لگتے ہین جنسے لنبی قلمین پیدا ہوتی ہین جو ۱۶ درجہ پر پگہلتی ہین اور ۴۶ درجہ پر جوش مین آتی ہین




Fig. 36.

ہی ہوتی ہے جو مقدار آکسیجن مستقل کی ہوتی ہے اِسلئے مقدار سلفروز ایسڈ
کی ۳۲ ہے اور اسمین مساوی وزن اِسکے اجزاء مرکب کے ہوتے ہین ایک مقدار
سلفر کی دو مقدار آکسیجن کی ساتھہ دو مقدار سلفروز ایسڈ کی پیدا کرتا ہے سلفروز
ایسڈ پانیمین بہت حل ہوجاتا ہے - ایک مقدار پانیکی حرارت ۰ درجہ پر ۵۱ ء ۴۳ مقدار
اور حرارت ۲۰ پر ۲۲ ء ۳۲ مقدار اِس گیس کی حل کرتا ہی - عرق اِس گیس
کا پانی مین ہیڈروجن سلفایٹ سے بنا ہوا یا سلفروز ایسڈ سے بنا ہوا ہوتا
ہے لیکن ہیڈروجن سلفایٹ اِس عرق کو جوش دینے سے پانی اور سلفروز
ایسڈ مین متفرق ہوجاتا ہے اگر عرق اِس گیس کا ۵ درجہ کے نیچے سرد
کیا جاوے تو ایک مقدار ہیڈریٹ سلفروز ایسڈ کا علیحدہ ہوتا ہے جسکی ساخت
ہہ س ا۲ + ۱۴ ہ۲ ا ہے سلفروز ایسڈ ہیڈروجن کا نمک ایک سلسلے
مرکبو نمین سے جنکو سلفائیڈ بولتے ہین یہہ مرکب تیز ایسڈ ون سے آسانی
متفرق ہوجاتا ہے سلفروز ایسڈ بطور گیس علیحدہ ہوجاتا ہے سلفروز ایسڈ
بطور سفید کرنے والی شئی کے خاصکر ریشمی اور اونی اسباب کے جو کلورین
سے سفید نہین ہوسکتی استعمال کیا جاتا ہے - نیز بطور انٹی کلورکے کثرت
کلورین دور کرنے کے لئے جو سفید شدہ پارچہ مین موجود ہوتی ہے جس سے کاغذ
بنتا ہے استعمال کیا جاتا ہے اِسکے سفید کرنے کی تاثیر مین سلفروز ایسڈ
ٹھیک مخالف طور پر کلورین سے عمل کرتا ہے کیونکہ یہہ آکسیجن پانی رنگین مادہ
سے ملکر سلفیورک ایسڈ پیدا کرتا ہے اور ہیڈروجن کو نکال دیتا ہے پس کہ سلفروز
ایسڈ بطور ریڈیوسنگ یا ڈی اکسڈائی زنگ کے عمل کرتا ہے جب کہ کلورین

ایسڈ کا پر سلفیٹ اور پانی پیدا ہوتا ہے اِس گیس کو صاف کرنے کے لئے
دہو لیتے ہین تب پارے پر یا برتنو ںمین جمع کر لیتے ہین بیرنگ ہوتی ہے اور اسمین
بو گلا بند کرنیوالی جلین گندہک کی ہوتی ہے یہہ ۲،۲۴ گنا ہوا سے بہاری ہوتی
ہے اور بیرنگ عرق مین منفی ادرجہ تک معمولی دباو ہوا پر سرد کرنے سی تبدیل
ہو جاتی ہے جب منفی ۷۶ درجہ تک اِسکو سرد کیا جاوی تو اِس عرق سے شفاف
سخت جسم پیدا ہوتا ہے ترکیب اِسکے عرق بنانے کی شکل ۲۴ مین مندرج ہے
اِسمین ایک بوتل گیس نکالنے والی ہوتی ہے اور ایک دراشش ہاٹل ہوتی ہے جو
بذریعہ حمذار نلی کے جسکے گرد مرکب منجمد کرنے والا نمک اور برف کا ہو لگی ہوئی ہوتی
ہے گیس اِس نلی مین کثیف ہو جاتی ہے اور ایک چہوٹی بوتل مین جو بیچ مین رکہی
ہوئی ہوتی ہے اور جسکے نیچے سرد مرکب پڑا ہوا ہوتا ہے جمع ہو جاتی ہے جب کافی
مقدار عرق کی جمع ہو جاوی تو بوتل کی گردن کو پہونکنی کے ساتہہ بند کر دیتے
ہین جس سے عرق سلفرز وزایڈ کا مدت تک محفوظ رہ سکتا ہے یہہ عرق جب
ہوا مین لایا جاوی تو بہت جلد اُڑ جاتا ہے اور حرارت جو اسطرحسے مخفی ہوتی ہے
اسقدر زیادہ ہوتی ہے کہ منفی ۶۰ درجہ کی سردی پیدا ہو جاتی ہے اور اِس
تاثیر کو آسانی سے دکہا سکتے ہین اگر تہورا سا بہی یہہ عرق ایک خراب کے تہرمامیٹر
پر جو روئی مین لپٹا ہوا ہو ڈالا جاوی سلفرز وزایڈ مثل اور گیسون کی جو آسانی
سے منجمد ہو جاتے ہین بڑا انحراف قانون دباؤ سے ظاہر کرتا ہے مساوی بڑہنے دباؤ
سے کم جگہہ کو بہ نسبت ہوا کے روکتا ہے اور یہہ انحراف اسقدر زیادہ ہوتا ہے
جسقدر کہ حرارت کم ہے مقدار اِس گیس کی جو جلانے سلفر سے پیدا ہو ٹہیک اتنی

جلتا ہی۔ آکسیجن کے ساتھہ ملکر سلفر ڈائی آکسائیڈ پیدا کرتا ہے جسکو سلفروز ایسڈ بولتے ہین س ا۲ اور جو مثل گیس کی خارج ہوتا ہے جس مین عجوبہ اور مشہور دم بند کرنے والی بو پائی جاتی ہے اور یہہ بو تب بہی نکلتی ہے جب ایک دیا سلائی جلائی جاتی ہے سلفر کلورین کاربان اور اکثر اور عناصر کے ساتھہ بلا واسطہ ملجاتا ہے حالانکہ بہت وہائیتن سلفر کی بخار مین مثل آکسیجن کی جلتی ہین اور اسکے ساتھہ ملکر سلفائیڈ پیدا کرتے ہین گندہک پانی اور بہت سے ارگانک عرقیات مین حل نہین ہوتا لیکن قدرتی ہشت پہلو اور دوسری قلمدار صورت گندہک کی کاربان ڈائی سلفائیڈ مین بہت جلد حل ہونے والا ہے حالانکہ لزوجت دار صورت گندہک کی اسمین حل نہین ہوتی۔ جب عرق کاربان ڈائی سلفائیڈ مین سے گندہک کو تہ نشین کیا جاوے تو معمولی ہشت پہلو صورت مین اوسکی قلمین ہوتی ہین

مرکب سلفر اور آکسیجن کے

سلفر ڈائی آکسائیڈ یا سلفروز ایسڈ س ا۲ وزن مجموعی ۶۴ یہہ گیس وقت جلانی گندہک کے پیدا ہوجاتی ہے اور بڑی مقدار مین آتش فشان پہاڑون سے نکلتی ہے تہوڑی سے اور آسان طور پر سلفیورک ایسڈ مین سے جزو پانی اور ایک ذرہ آکسیجن کا دور کرنے سے جب اسکو تانبہ یا مرکیوری دہات کی ساتھہ گرم کیا جاوے تو تیار کیا جاتا ہے مثلاً ک ا + ۲ ہ۲ س ا۴ = س ا۲ + ک س ا۴ + ۲ ہ۲ ا تانبے اور سلفیورک ایسڈ کو ملانے سے سلفروز

سرد کی جاوی تو اس سے لنبی شفاف سوئی کیطرح سکی قلمین بنتی ہین جو بالکل
قدرتی قلمون گندہک سے مختلف ہین اور جنکا وزن متناسبہ ۱،۹۸ ہے -
حالانکہ وزن متناسبہ قلم قدرتی گندہک ۲،۰۷ یہہ شفاف قلم ہوا مین کچہہ دن
پڑا رہنے کے بعد دہندلی ہوجاتی ہے - کیونکہ ہر ایک قلم اسکی قدرتی ہشت پہلو
صورتون مین پہٹ جاتی ہے جو صورت مستقل ہے پگہلی ہوئی گندہک کو جو ۲۳۰ درجہ
تک گرم ہو سرد پانی مین ڈالنے سے تیسرے قسم کی گندہک پیدا ہو جاتی ہے
اور اس گندہک سے نرم لچکدار مجموعہ مثل کوچک کی بنجاتا ہے جسکا وزن متناسبہ
۱،۹۶ یہہ قسم گندہک کی تاہم مستقل نہین چند گہنٹو مین معمولی حرارت ہوا پر مجموعہ
معمولی نازک صورت مین تبدیل ہوجاتا ہے بلکہ اگر سو درجہ تک گرم کیا جاوے
تو فوراً نازک صورت مین تبدیل ہوجاتا ہے اور اسقدر گرمی اس سے نکلتی ہے
کہ حرارت ۱۰۰ درجہ کی ہوجاتی ہے یہہ عجوبہ صورتین گندہک کی تب نظر آتی ہین
جب گندہک کو گرم کیا جاوے - مثلاً گندہک ۱۱۵ درجہ پر پگہلنے لگتی ہے
اور اس سے ایک زرد رنگ کا عرق بنجاتا ہے اور جسقدر حرارت زیادہ ہوا وہی
قدر عرق سیاہ رنگ ہوجاتا ہے اور تب اسکا قوام گاڑہے شیرہ کا سا ہوتا ہے
حرارت ۲۳۰ درجہ پر یہہ برتن پر سے بہ مشکل اوندہایا جاتا ہے ۲۵۰ درجہ سے
زیادہ گرم کرنے مین پہر عرق بنجاتا ہے اور مثل سرخ سیاہ رنگ پتلی عرق
کے رہتا ہے تاوقتیکہ حرارت ۴۴۰ درجہ کی ہوجاوے جب یہہ جوش مین
آجاتا ہے تو اس سے سرخ رنگ کے بخار نکلتے ہین سلفر ایک سوختنی شی
ہے جب ہوا یا آکسیجن مین گرم کیا جاوے تو نیلے رنگ کے شعلے سے




Fig. 35.




Fig. 34.

ساتھہ ملا ہوا پایا جاتا ہے جس سے مرکب سلفائیڈ ہوتے ہین پایا جاتا ہے سلفائیڈ
مین سے بہی دہاتین نکالیجاتی ہین - لڈ سلفائیڈ ل س یا کالینا زنگ سلفائیڈ
ز س - بایلنڈ کاپر سلفائیڈ ک ر س ایسے اشیا ہین کہ جنمین سے مختلف
دہاتین نکالیجاتی ہین - گندہک قدرتی دہاتون اور آکسیجن کے ساتھہ ملا ہوا
پایا جاتا ہے - اور تب اِس سے اِس قسم کے نمک بنتے ہین جنکو سلفیٹ
بولتے ہین - انمین سے کیالشیم سلفیٹ یا جپسم ک ا س و ۴ + ۲ ہ ۲ ا
بیریم سلفیٹ یا ہیوی اسپار ب ی س و ۴ سوڈیم سلفیٹ یا گلابر سالٹ
ع = ا س و ۴ ص ل ۲ + ۱۰ ہ ۲ او بکثرت پایا جاتا ہے سلفر ہیڈروجن سے
ملا ہوا بطور گیس سلفورئیڈ ہیڈروجن کے بعض چشمون ملک ہیر دگیٹ انگن
پایا جاتا ہے خاص سلفر نکالنے کے لئے وہ پتھر جس مین کہ خام گندہک مٹی مین
ملا ہوا ہوتا ہے مٹی کے برتنون مین ڈالکر گرم کیا جاتا ہے گندہک بخار کی
صورت مین اُڑکر ویسی ہی برتنون مین جو باہر بھٹی کی لگی ہوئے ہوتے ہین اگر
جم جاتی ہے انگلستان مین جب گندہک آتی ہے تو اوسکو دوبارہ ٹپکانے سے
صاف کر لیتے ہین اگر بخار گندہک کو اِسکے مقام پگہلنے کے پہنچے تک جلد ٹھنڈا
کیا جاوے تو اس سے باریک قلمدار سفوف بن جاتی ہے جسکو گندہک کا پہول
بولتے ہین جب گندہک کو آہستہ گرم کیا جاوے تو یہ پگہل جاتی ہے اِسکی بتی
بنائی جاسکتی ہے جسکو رول سلفر بولتے ہین سلفر تین صورتون مین پایا جاتا ہے
اول وہ صورت کہ جسمین یہ قدرتی قلمدار صورت مین پایا جاتا ہے دوم دو
صورتین جو اِسکے پگہلانے سے پیدا ہوتی ہین اگر پگہلی ہوئی گندہک آہستہ سے

سطح برہنہ کو ذراسی دیر کے لئے بخار ہدفل کے روبرو اوسی برتن پر کہا جاتا ہے جس سے بخار نکالنے والے اجزا پڑے ہون بعدازان موم کو بذریعہ تیل ٹرپن ٹائین کے دور کیا جاتا ہے اور نشان گلاس پر نظر آجاتے ہین عرق ہدفل کا ہے واسطے نشان کرنے گلاس کے استعمال مین لاتے ہین - فلو آرسپار بطور مددگار کے عمل دہات نکالنے مین کام آتا ہے اور اسوجہ سے اسکا نام فلیو آرسپار ہے

عنصر متذکرہ بالا مین ایک عجیب طرحکی نسبت پائی جاتی ہے مثلاً کلورین گیس ہے برومین عرق ہے - آیوڈین سخت جسم ہے وزن متناسبہ عرق کلورین کا ۱،۳۳ - برومین کا ۲،۹۷ - آیوڈین کا ۴،۹۵ - عرق کلورین شفاف برومین قدرے شفاف اور آیوڈین کا وسندلا ہے - وزن اتصال اور وزن متناسبہ اسلئے برومین درمیانی یا اوسط اوزان کلورین اور آیوڈین کی ہے $\frac{۱۲۷+۳۵،۵}{۲}$ = ۸۱،۲۵ - اور کیمیائی تاثیر اور عمل مین بہی برومین بدرجہ اوسط ہے

سلفر یا گندہک

علامت س

وزن اتصال ۳۲ - سلفر دونون صورتون مین ملا ہوا اور آزاد پایا جاتا ہے بعضے کوہ آتش فشان مثلاً کوہ خاص کر سسلی - اور اٹلی مین گندہک بزرنگ زرد شفاف ہشت پہلو شکلون مین آزاد حالت مین پائی جاتی ہے بہت و ناقہ رنگ

علامت ھ ف ل

یہہ گیس مثل مرکبات ہیڈروجن کی اور سابقہ عناصر کی ہے اور سلفیورک ایسڈ کو فلیوراَیڈ آن کالشیم کے ساتھہ ملانے سے طیار ہو سکتا ہے مثلاً ھ۲ س ا۴ + ک ر ف ل ۲ = ھ۲ ف ل + ک س ا۴ ہیڈروفلیورک ایسڈ گیس سکہ یا پلاٹنم کے برتنوں مین طیار کرنی چاہیئے کیونکہ گلاس اِس گیس سے بہت جلد گل جاتا ہے

بے رنگ گیس جو اسطرح سے تیار کیجاتی ہے ہوا کے اندر سخت دخان پیدا کرتی ہے اور اگر اسکو ایک دہات کی نلی کے اندر جو سرد مرکب مین –۲۰ درجہ پر رکہنے مین گذارا جاوے تو عرق ہیڈروفلیورک ایسڈ کا طیار ہوتا ہے۔ اس امر مین شک ہے آیا خشک عرق ہیڈروفلیورک ایسڈ کا طیار کیا گیا ہے یا نہین تیز ھ ف ل سے چہرہ بہت شدت سے گلجاتا ہے اور سخت زخم پڑ جاتی ہین اور دہوئین اس ایسڈ کے بہی خطرناک بباعث تاثیر گلادینے کے ہوتا ہے۔ جب پانی کے ساتھہ ملایا جاوے تو شور کرتے ہوئے جلجاتا ہے یہہ ایسڈ مقام جوشش مستقل دباؤ معمولی پر پیدا کرتا ہے اور ینب ھ ف ل ۳۷ حصہ فیصدی ہوتا ہے

خاصیت عجیب اِس ایسڈ کی یہہ ہے کہ گلاس پہ نشان پیدا کرتا ہے وجہ اس عمل کی یہہ ہے کہ فلیورین سلیکان گلاس کی ہمراہ ایک غیر مستقل مرکب سلیکان ٹیٹرا فلورائیڈ کا پیدا کرتا ہے خاصیت نشان گذارنے سے نشان دہی فلیورین کی ہوتی ہے اول گلاس پر نرم طبقہ موم کا لگایا جاتا ہے بعد ازاں تیز نوک سے کچھہ موم گلاس کے سطح پر سے دور کیا جاتا ہے اور پہر اگر

ہین - اور مرکب جو تیار ہوتے ہین مثل سیاہ سفوف کی ہوستے ہین اور یہہ سفوف خشک حالت مین اگر چہوئے جاوین تو زور کی آواز سے بہڑک او ٹہتے ہین - خالص ایڈ ایڈ آف نٹروجن - شراب کے عرق آیوڈین مین عرق ایمونیا ڈالنے سے طیار ہوسکتا ہے مثلاً ۲ آ + ۴ ن ھ ۳ = ن آ ۳ + ۳ ن ھ ۴ آ

بیان فلیورین

علامت ف ل

وزن اتصال ۱۹ - یہہ عنصر کالشیم سے ملا ہوا بطور فلیو آر سپار جسکی قلمین مکعب ہوتی ہین پایا جاتا ہے (۳ ن ھ ف ل + ال ف ل ۳) نیز کرائیولائیٹ مین مگر گرین لینڈ مین بکثرت پایا جاتا ہے بہت کم مقدار مین دانت اور خون حیوانی مین پایا جاتا ہے - فلیورین مین یہہ ایک عجوبہ وصف ہے کہ ایسجن کی ہمراہ کوئی مرکب نہین پیدا کرنے اور خالص حالت مین طیار نہین ہو سکتی تاہم خشک آیوڈین کی تاثیر سے جو اوپر خشک فلورائیڈ آف سلور کے کیجاوے فلیورین علیحدہ ہو سکتی ہے اور تب فلیورین ایک بیرنگ گیس پیدا ہوتی ہے جو گلاس کو حل نہین کر سکتی اور کاسٹک پوٹاش کے اندر جذب ہو کر فلورائیڈ آف پوٹاشیم اور ہیڈروجن ڈاکسائیڈ پیدا کرتی ہے مثلاً ۲ پ ھ ا + ف ل ۲ = ۲ پ ف ل + ھ ۲ ا ۲ -

ہیڈرو فلیو آرک ایسڈ یا ہیڈروجن فلیو رائیڈ

آکسیجن آیوڈین کے ہمراہ آیوڈیٹ بنانیکے لیئے مرکب کلورین کا کلوریٹ بنانے سے زیادہ رغبت رکھتی ہے۔ آیوڈیٹ کھاری دہاتونکے گرم ہونے پر مثل کلوریٹ کی متفرق ہوجاتے ہین جس سے آکسیجن اور آیوڈائیڈ پیدا ہوجاتا ہے۔ حالانکہ آیوڈائیڈ وزنی دہاتونکے دہاتی اکسائڈ آیوڈین اور آکسیجن پیدا کرتے ہین۔ آیوڈین پن کسائڈ آ ا ۵ آیاڈک ایسڈ کو ۱۷۰ درجہ تک گرم کرنے سے تیار کیا جاتا ہے اور سفید قلمدار شی ہے

پیرایاڈک ایسڈ

علامت ھ ۵ آ ا ۴ پرکلورک ایسڈ کے آیوڈین ملانے سے تیار کیا جاتا ہے سفید قلمدار شی ہے گرم کرنیسے آیوڈین پن کسائڈ پانی اور آکسیجن مین متفرق ہوجاتا ہے۔ پرآیوڈیٹ آف پوٹاشیم مثل پرکلوریٹ کی ہوتا ہے کلورین گیس عرق آیوڈائیڈ آف پوٹاشیم اور کاسٹک پوٹاش مین داخل کرنے سے تیار کیا جاتا ہے پ آ ا۳ + ۲ پ ھ ا + ک ل ۲ = پ آ ا ۴ + ۲ پ ک ل + ھ ۲ ا آیوڈین ہپٹوکسائڈ آ ا ۷ پرایاڈک ایسڈ کو ۱۶۰ درجہ تک گرم کرنے سے تیار کیا جاتا ہے

آیوڈین اور نائٹروجن

۳ وزنی نائٹروجن کے ایونیا مین کلا یا جزآ آیوڈین کے ساتھہ منتقل ہوسکتے

ایسا علیحدہ ہو جاتا ہے جب ڈایلیوٹ سلفیورک ایسڈ کسی آیوڈائیڈ پر عمل کرے - عمدہ طرز اِسکے تیار کرنے کی فاسفرس آیوڈائیڈ کو پانیکے ساتھہ ملانے کی ہے - مثلاً ف ا۳ + ۳ ھ۲ او = ھ۳ ف آ۳ + ۳ ھ ا ہیڈرو آیاڈک ایسڈ بیرنگ گیس ہے جسمین تیز خاصیت ایسڈکی ہوتی ہے ہوا کے اندر دہوئین پیدا کرتا ہے پانیمین بہت حل ہو جاتا ہے جس سے ایک عرق بنتا ہے جو ۱۲۷ درجہ پر جوش مین آتا ہے اور ۵۷ حصہ فیصدی ہیڈروایاڈک ایسڈ ہوتا ہے تحقیقات اِس گیس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہیڈروایاڈک ایسڈ کی ایک مقدار آیوڈین کے بخار سے بنا ہؤا ہے اور اِس سے دو مقدار ہیڈرو آیاڈک ایسڈ کی بنجاتی ہے

آیاڈک ایسڈ

علامت ھ آ ا۳

یہہ ایسڈ مثل کلیورک ایسڈ کی ہے - آیوڈین کو نائیٹرک ایسڈ کے ساتھہ اکسڈائیز کرنے سے یا عرق آیوڈین کو کلورین کی تاثیر سے تیار کیا جاتا ہے مثلاً ا + ۳ ھ۲ ا + ۵ ک ل = ھ آ ا۳ + ۵ ھ ک ل - الکلائین آیوڈیٹ معہ وہاتونکے آیوڈائیڈ کی آیوڈین کو کاسٹک الکلیز مین حل کرنے سے مثل کلوریٹ اور برومیٹ کی تیار کیا جاتا ہے - مثلاً پ آ + ۶ ھ ب ا = پ آ ا۳ + ۵ پ آ + ۳ ھ۲ او تمام آیوڈین ایوڈیٹ مین بدل جاتی ہے اگر کلورین گیس عرقمین داخل کیجاوے مثلاً آ + ۶ پ ھ ا + ۵ ک ل = پ آ ا۳ + ۵ پ ک ل + ۳ ھ۲ او اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ

پر اس سے کسیقدر بخار نکلتے رہتے ہین اور کچھہ کلورین کی انند بو ہی رکھتی ہے
پانی تہوڑ یسی مقدار آیوڈین کی حل کرلیتا ہے۔لیکن جب کوئی حل ہونے والا
آیوڈائیڈ موجود ہو تو بہت حل ہوجاتی ہے جس سے بہت سرخ یا بہوری رنگ کا
عرق پیدا ہوجاتا ہے الکحل مین آسانی سے حل ہوجاتی ہے جس سے سرخ عرق بنتا
ہے۔کاربان ڈائی سلفائیڈ اور کلوروفارم مین آسانی سے حل ہوکر عمدہ نادرانی
رنگ کا عرق پیدا کرتا ہے آیوڈین مین ویسی تیز خواص نہین ہوتے جیسے
کہ سابقہ عناصر مین ہین جیسے کہ کلورین اور برومین اسکے عرق سے نباتاتی
رنگین مادہ سفید نہین ہوتا اور آیوڈین اپنے مرکبون سے بذریعہ برومین
اور کلورین کے آزاد ہوسکتی ہے آزاد آیوڈین ایک عمدہ مرکب خوب نیلے رنگ
کا نشاستہ کے ساتھہ پیدا کرتی ہے اور اسطرز سے بہت تہوڑا سا نشان اسکی شی
کا شناخت ہوسکتا ہے اس شناخت کے لئے ایک قطرہ عرق آیوڈائیڈ
آف پوٹاشیم کا نشاستہ سلوشن مین ڈالا جاتا ہے پہلے کچھہ رنگ پیدا
نہین ہوتا کیونکہ آیوڈین آزاد حالت مین نہین ہوتے جب کلورین کا عرق
ذرا ڈالا جاتا ہے تو آیوڈین آزاد ہوجاتی ہے اور خوب نیلا رنگ فوراً پیدا ہوجاتا
ہے آیوڈین زہر قاتل ہے لیکن کم مقدار مین طبابت مین بہت استعمال کیجاتی ہے

ہیڈروجن آیوڈائیڈ

علامت ھ آ

ہیڈروجن اور آیوڈین کو ملاکر گرم ہونے سے تیار ہوتا ہے۔ ہیڈرو ایاڈک

پیدا ہو سکتے ہین عمدہ طریق بنانے برومیٹ کہاری وہاتون مثل پوٹاشیم اور سوڈیم
کا یہہ ہے کہ ان وہاتون کے کاربونیٹ کے عرق کو کلورین سے تب تک پر کیا
جاوے جب کاربانک ایسڈ نکلنا شروع ہو تب برومین اسکے اندر ڈالی
جاوے تمام کلورین خارج ہوجاتی ہے اور عرق خالص برومیٹ کا رہ جاتا ہے
اِس سے یہہ ظاہر ہوتا ہی کہ برومین کلورین کو اوسکے مرکبوںمین سے معہ آکسیجن کے
نکالا ہے حالانکہ کلورین برومین کو اوسکے مرکبومین سے ہمراہ ہیڈروجن کی
نکالدیتی ہے برومیٹ بہی مثل کلوریٹ کی حرارت سے متفرق ہوجاتے ہین

بیان آیوڈین

علامت آ

وزن متناسبہ ۱۲۷ - آیوڈین دہاتونکے ساتہہ ملے ہوئے سمندر کے پانی
مین پائی جاتی ہے اور راکہہ بعض سمندر کے پودون سے جنکی اندر بطور آیوڈائیڈ
آف سوڈیم اور مگنیشم کے پائی جاتی ہے تیار کیجاتی ہے - آیوڈین کا ہر
یا اُس راکہہ سے اسطرح تیار کیجاتی ہے جیسے کہ کلورین اور برومین
کلورائیڈ اور برومائیڈ سے تیار کیجاتی ہے یعنے سلفیورک ایسڈ اور ڈائی اکسائیڈ
آف میگنز کی ہمراہ گرم کرنے سے تیار کیا جاتا ہے آیوڈین اسلرز سے نافرمانی
بخار کی صورت مین علیحدہ ہوکر سیاہ سخت جسم مین منجمد ہوجاتی ہے اور اُسمین
مین دہاتی چمک بہی پائی جاتی ہے - آیوڈین ۱۱۵ درجہ پر پگہلتی ہے اور دو
سو درجہ پر جوشش مین آتی ہے اِسکا وزن متناسبہ ۴.۹۵ ہر معمولی حرارت

اس گیس مین ایک مقدار برومین اور ایک مقدار ہیڈروجن سے ملی ہوئی ہوتی ہے اِس ایسڈ سے گیسین بے تاثیر ہوجاتی ہین جس سے بروماینٹ اور پانی پیدا ہوتا ہے یہہ گیس منفی ۳۰ درجہ پر عرق بن جاتی ہے

بیان برومین مانواکسایڈ

علامت ب ر ۲ ا

معلوم نہین لیکن اِسکے مقابل کا ہیڈروبرومس ایسڈ ھ ب ر ا معلوم ہے مرکیورک اکسایڈ پر برومین کے عرق کی تاثیر سے تیار ہوتا ہے م ر ا + ۲ ب ر ۲ + ھ ۲ ا = ۲ ھ ب ر ا + م ر ب ر ۲ مثل ہیپوکلوروس ایسڈ کی بناتاتی رنگین اور کو آکسی ڈیشن سے سفید کردیتا ہے ہیڈروبرومک ایسڈ پیدا ہوجاتا ہے برومین بجھے ہوئے چونیکے ساتھہ مثل سفید کرنیوالے سفوف کی پیدا کرتی ہے جو ایک مرکب کیالسیم برومائیڈ اور کیالسیم ہیپوبرومایٹ کا ہوتا ہے

بیان برومک ایسڈ یا ہیڈروجن برومیٹ

علامت ھ ب ر ا ۳

برومین کے عرق پر کلورین کی تاثیر سے پیدا ہوتا ہے ب ر + ۳ ھ ۲ ا + ۵ ک ل = ۵ ھ ک ل + ھ ب ر ا ۳ دونون اپنے خواص اور ساخت مین مثل کلورک ایسڈ کی ہین بعض دھاتی برومیٹ مثل مقابل کے کلوریٹ کی فصل برومین سے اوپر دھاتے اکسایڈ کی جب وہ پانی کے عرق مین ہو

برومین کا قریب ۴۰ حصہ پانی مین ۵ ادرجہ پر حل ہوجاتا ہے اور اس عرق مین خواص سفید کرنے کے لئے ہوتے ہین جو فعل مین کلورین سے کم ہین اور یہہ سفید کرنے کی خاصیت رنگین مادی کے اکسی ڈیشن سے پیدا ہوتی ہے برومین پانی کے ہیڈروجن سے ملکر جس سے ہیڈروبرومک ایسڈ بنجاتا ہے جو بناوٹ اور خواص مین مثل ہیڈروکلورک ایسڈ کے ہے

بیان ہیڈروبرومک ایسڈ

علامت ھ ب ر

وزن مجموعہ ۸۱ — ہیڈروجن اور برومین آپسمین نہین ملتے باوجودیکہ وہ روشنی مین رکہے جاوین لیکن جب انکو سرخ گرم چینی کی نلی مین گذارا جاوے تو وہ ملکر ہیڈروبرومک ایسڈ پیدا کرتے ہین یہہ ایسڈ برومائیڈ پر ایسڈون کی تاثیر سے بہی تیار ہوسکتا ہے بلکہ بہتر طور پر اسطرح بنایا جاتا ہے کہ برومین اور فاسفرس آپسمین پانی کے اندر ملائے جاوین تو یکلخت تاثیر پیدا ہوتی ہے جو ہیڈروبرومک ایسڈ اور فاسفرک ایسڈ بن جاتے ہین

ف + ۵ ب ر + ۴ ھ۲ ا = ۵ ھ ب ر + ھ۳ ف ا۴ بیرنگ گیس ہوتی ہے جس مین سخت تاثیر ایسڈ کی ہوتی ہے اور تر ہوا مین سخت دہوئن پیدا کرتا ہے پانی مین بہت حل ہوجاتا ہے جب تیز کیا جاوے تو آبی ایسڈ دباؤ ۷۶۰ میلامیٹر پر ۱۲۶ درجہ جوشش مین آتا ہے اور اسمین ۴۷٫۸ حصہ فیصدی ہیڈروبرومک ایسڈ ہوتا ہے دو مقدا

یہہ عنصر جو مثل کلورین کی اپنے خواص اور مرکبون مین ہے سنہ ۱۹۲۶ع مین بلرڈ حکیم
نے اُن نمکون مین سے جو سمندر کا پانی خشک کرنے سے حاصل ہوتے ہین
دریافت کیا دنیا مین آزاد حالت مین نہین پایا جاتا - اور مثل کلورین کی سوڈیم
اور مگنشیم کی ہمراہ ملا ہوا ہے بعض معدنی چشمونکے پانیو مین پایا جاتا ہے -
خالص برومین نکالنے کے لیئے اِس امر کا فایدہ لیا جاتا ہے کہ آزاد کلورین
برومین کو اِسکے دھاتی مرکبون سے جدا کر دیتا ہے اور دھاتی کلورائیڈ
پیدا ہو جاتے ہین اِسطرح سے آزاد شدہ برومین ایتھر کے ساتھہ ملا کر علیحدہ
کیجاتی ہے ایتھر برومین کو حل کر کے ایک عمدہ سرخ عرق پیدا کرتا ہے جب
کاسٹک پوٹاش اِس ایتھر کے عرق مین ڈالا جاوے تو رنگ فوراً دور ہو جاتا
ہے برومین اتصال پاجاتی ہے برومائیڈ اور برومیٹ آف پوٹاشیم مین
جاتا ہے - جب ایتھر کو اوڑایا جاوے تو نمک باقی رہتے ہین بعد جلانے کی جبکہ
برومیٹ متفرق ہو جاوین برومائیڈ بذریعہ فعل سلفیورک ایسڈ - اور میگنیز
ڈائی اکسائیڈ کے اِسطرح سے جیسے کلورین کو علیحدہ کیا تھا علیحدہ کیا جاسکتا ہے
مثلاً ۲ ب ر پ + ۲ ھ۲ س ا۴ + م ن ا۲ = ۲ ب ر + پ۲ س ا۴ +
م ن س ا۴ + ۲ ھ۲ ا برومین سیاہ سرخ بھاری عرق ہوتا ہے - اور
یہی ایک ایسا عنصر سیال معمولی حرارتون پہ معہ پارے کے ہوتا ہے اسکا وزن
متناسبہ حرارت ۴ درجہ پہ ۲،۹۶۶ - منفی ۲۲ درجہ پہ منجمد ہو کر سیاہ جسم
پیدا کرتا ہے اور ۶۳ درجہ پہ جوشش مین آتا ہے اِسمین سخت تیز بو مثل
کلورین کی ہوتی ہے اگر اِسکو سونگھا جاوے تو زہر قاتل ہے - ایک حصہ

گیس عرق امونیا مین داخل کیجاوے تو نائیٹروجن آزاد ہو جاتی ہے اگر کثرت کلورین کی استعمال کی جاوے تو قطرات ایک روغن دار عرق کے بنتے ہوئے نظر آتے ہین اور جو چہونے سے بڑی سختی سے بہڑک اوٹہتے ہین پس بڑی احتیاط اس جسم کی ہاتہہ لگانے مین کرنی چاہیئے اور وجہ بہڑک اوٹہنے اس مرکب کی یہہ ہے کہ عناصر نہایت کشادہ طور پر اسمین ملے ہوئے ہوتے ہین اور اچانک سختی سے علیحدہ ہو جاتے ہین

مرکبات کلورین اور کاربان کے

کلورین اور کاربان ایکدوسرے سے بلا واسطہ نہین ملائے جا سکتے ایک نہایت ضروری تجویز جس سے کہ کاربان کلوریٹ تیار ہو سکتے ہین تاثیر کلورین کی بعض ہیڈروکاربان پر ہوتی ہے جس مین ہیڈروجن کے ذرے کے جا بجا کلورین کا ذرہ آجاتا ہے مثلاً مارش گیس مین

ک ھ۴ + ک ل۲ = ک ھ۳ ک ل + ھ ک ل

۲) ک ھ۳ ک ل + ک ل۲ = ک ھ۲ ک ل۲ + ھ ک ل

۳) ک ھ۲ ک ل۲ + ک ل۲ = ک ھ ک ل۳ + ھ ک ل

۴) ک ھ ک ل۳ + ک ل۲ = ک ک ل۴ + ھ ک ل

خواص ان اور باقی کاربان کلورائیڈ کے آرگے نک کمسٹری مین ذکر کئے جاوینگے

بیان برومین کا

علامت + ب ر

ہوسکتا ہے کیونکہ ہیڈروکلورک ایسڈ کلوریٹ کو متفرق کردیتا ہے پرکلوریٹ پر
کچھہ تاثیر نہین کرتا - پرکلورک ایسڈ نمک پوٹاشیم مین سے بذریعہ تیز سلفورک
ایسڈ کے تیار ہوسکتا ہے اگر ایک مرکب ایک جزو پرکلوریٹ اور چار جزو سلفورک
ایسڈ کا ریٹارٹ مین بہر کر ٹپکایا جاوے تو ایک بیرنگ عرق ریسیور مین دہوان
پیدا کرتا ہوا جمع ہوجاتا ہے یہہ پرکلورک ایسڈ ہے اِسکا وزن متناسبہ
۱٫۷۸۲ - ۱۵٫۵ درجہ پہ ہے اور منفی ۳۵ درجہ پہ منجمد نہین ہوتا یہہ ایسڈ نہایت
قوی اکسڈائی زنگ ہے جب لکڑی یا کاغذ پہ گرایا جاوی تو فوراً آگ لگ
جاتی ہے اور جب کوئلہ پہ گرایا جاوے تو ایک اونچی آواز کی بہڑک سے متفرق
ہوجاتا ہے پانی سے ملکر اِس سے ایک شفاف ہیڈریٹ ھ ک ل ا۴ + ھ۲
ا + پیدا کرتا ہے اور جب اور پانی کے ساتھہ ملاکر اسکو پتلا کیا جاوی
تو اوس سے گاڑھا تیل کی طرح کا عرق بنتا ہے جو ہمیشہ ۲۰۳ درجہ کی حرارت پر
جوش مین آتا ہے - اور جسمین ۷۲٫۳ حصہ فیصدی پرکلورک ایسڈ ہوتا
ہے یہہ ہیڈریٹ عرق کلورک ایسڈ کے جوش دینے سے تیار کیا جاتا ہے مثلاً
۳ ھ ک ل ا۳ = ھ ک ل ا۴ + ھ۲ ا + ک ل۲ + ا۴ پرکلورک ایسڈ
نہایت مستقل مزاج اُن ایسڈون سے ہے جو کلورین سے بنتے ہین

مرکب کلورین اور ہیڈروجن کے

کلورین اور ہیڈروجن سے اگرچہ ان بے واسطہ اتصال پاتی ہے - تاکہ اِس سے
ایک عجوبہ مرکب پیدا ہو جسکی بناوٹ تاحال دریافت نہین ہوئی - اگر کلورین

ته نشین ہوجاتا ہے اور کلورک ایسڈ عرق مین رہتا ہے۔ یا سلفیورک ایسڈ بیریم
کلوریٹ مین ڈالنے سے ناحل ہونے والا بیریم سلفیٹ نیچے بیٹھہ جاتا ہے
مثلاً ب ی ک ل ا۳ ۲ + ھ۲ س ا۴ = ب ی س ا۴ + ۲ ھ ک ل ا۳
کلورک ایسڈ کے عرق کو خالی مقام مین سلفیورک ایسڈ پر گاڑھا شربت کی مثل
کیا جاتا ہے اگر زیادہ خشک کیا جاوے تو اِسکے اجزا متفرق ہوجاتے ہین۔
تو ہی اکسڈائی زنگ ناشنی ہے جب کاغذ پر گرایا جاوے تو اس سے جلنا پیدا
ہوتا ہے آکسیجن علیحدہ ہوجاتی ہے۔ کلوریٹ گرم ہونے پر اپنے تمام آکسیجن کو علیحدہ
کردیتے ہین اور کلوریٹ آف پوٹاشش آکسیجن گیس بنانے کے لئے کام مین آتا ہے
ساخت کلورک ایسڈ کی وزن آکسیجن کا دریافت کرنے سے معلوم کیجاتی ہے
اِسکا ذکر آگے ہوچکا ہے

بیان پر کلورک ایسڈ

علامت ھ ک ل ا۴

وزن مجموعہ ۱۰۰،۵۔ جب کلوریٹ آف پوٹاشش کو گرم کیا جاتا ہے تو اول
یہہ پگھلجاتا ہے اور آکسیجن گیس نکلنے لگتی ہے ایک خاص موقع پر تمام مجموعہ خشک
ہوجاتا ہے اور اگر اِس موقع پر عمل تفرقہ کا بند کیا جاوے تو ایک نیا نمک بقیہ
مین پایا جاتا ہے جسمین کلورائیٹ اور کلوریٹ بھی ہوتا ہے مثلاً ۲ پ ک ل ا۳
= پ ک ل ا۴ + پ ک ل + ا۲۔ اِس نئیے نمک کو پر کلوریٹ آف پوٹاشش
بولتے ہین۔ کلوریٹ سے بذریعہ ہیڈرو کلورک ایسڈ کے آسانی سے جدا

کلورک ایسڈ ھ ک ل ا ۳ مین سے آکسیجن دور کرنے سے طیار کیا جاتا ہے اور اسکی
نسبت کلوریٹ سے ویسی ہے جو ہیپوکلوروس ایسڈ کی ہمراہ ہیپوکلوریٹ کے ہے -
اسلئے ہیڈروجن کی علامت ھ ک ل ا ۳ - اور سوڈیم کلورائٹ

کلورین ٹٹراکسائڈ

علامت ک ل ۲ ا ۴

کلوریٹ آف پوٹاش پر سلفیورک ایسڈ کے اثر سے ایک زرد رنگ کی گیس پیدا ہوتی ہے اس سے سرخ بھورا عرق پیدا ہوتا ہے اور نہایت خطرناک شی ہے کیونکہ اچانک متفرق ہونے سے بھڑک اٹھتی ہے پانی مین حل ہوجاتی ہے لیکن اس سے نمک نہین بنتے جب الکلی ملائی جاوی بلکہ مرکب کلورائٹ اور کلوریٹ کا بنتے ہین

کلورک ایسڈ - ہیڈروجن کلوریٹ

علامت ھ ک ل ا ۳

اگر گرم اور تیز عرق پوٹاش مین کثرت کلورین کے داخل کیجاوی تو پوٹاشیم کلوریٹ اور پوٹاشیم کلورائڈ پیدا ہوتے ہین مثلاً ۶ ک ل ۲ + ۶ پ ھ ا = پ ک ل ا ۳ + ۵ پ ک ل + ھ ۲ ا کلوریٹ آف پوٹاشیم - کلورائڈ آف پوٹاشیم مین سے جو بہت حل ہونے والا نمک ہے ترکیب قلم بنانے سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے - کلورک ایسڈ - کلوریٹ آف پوٹاشیم مین سے بذریعہ ہائیڈرو فلیوسلیسک ایسڈ کے طیار ہو سکتا ہے جس سے ناحل والا مرکب پوٹاشیم

اگر عرق کسی ہیپو کلورایٹ کا ڈالیوٹ نٹرک ایسڈ کے ساتھہ ملاکر ٹپکایا جاوے
تو عرق ہیپوکلورس ایسڈ کا ٹپک آتا ہے - یہی رنگ جس مین بو عجیب اور طاقت
سفید کرنے کی ہوتی ہے - ین وا ک ل + ھ ن ا۳ = ھ ا ک ل - سوڈیم ہیپو
کلورایٹ اور نٹرک ایسڈ سے نٹریٹ آف سوڈا اور ہیپوکلورس ایسڈ پیدا ہوتی ہے اسلئے
ہیپوکلورس ایسڈ وہی نسبت ہالوکسایڈ اور کلورین سے رکھتا ہے جو نٹرک ایسڈ اور نٹروجن پنٹاکسائڈ سے ہے جب کاربو
ھ ک ل - ہیپوکلورس ایسڈ کے اجزا کو متفرق کر دیتا ہے اور کلورین آزاد
ہو جاتی ہے - ھ ا ک ل + ھ ک ل = ھ۲ ا + ک ل ۲ - اسلئے یہہ ایسڈ
اور نہ سلفیورک ایسڈ جو ھ ک ل کو کلورائیڈ آف کالشیم مین سے آزاد کرتے
ہین واسطے طیار کرنے ہیپوکلورس ایسڈ کے ہیپوکلورایٹ مین سے
استعمال ہو سکتے ہین لیکن عمل سفید کرنے مین واسطے متفرق کرنے سفید کرنے
والے سفوف کے استعمال ہو سکتے ہین جس سے کلورین ایسڈ پارچہ سے
آزاد ہو جاوے - اول اوس اسباب پارچہ کو جسے سفید کرنا منظور ہو عرق
سفید کرنے والے اشیا مین ڈبویا جاتا ہے اور بعد ازان اوس پارچہ کو ڈالیوٹ
سلفیورک ایسڈ یا ھ ک ل مین گذارا جاتا ہے جس سے کلورین رشتہ پارچہ
مین آزاد ہو جاتی ہے اور اثر سفید ہونے کا تب معلوم ہوتا ہے جب پارچہ کو
ترشی کیا جاوے یا ایسڈ مین ڈبویا جاوے

کلورین ٹرائی اکسائڈ

علامت ک ل ۲ ا ۳

آزاد ہوتی ہے مثلاً ک ل٢ + ھ٢ ا = ٢ ھ ک ل + ا اور ک ل٢ ا٢ +
ھ٢ ا = ٢ ھ ک ل + ا٢ ۔ اگر کلورین گیس سرد اور نرم عرق پوٹاش
مین داخل کیجاوے تو ایک مرکب سوڈیم کلورائیڈ اور ہائپو کلوریٹ آف سوڈیم کا
پیدا ہو جاتا ہے ۔ مثلاً ٢ س و ھ + ک ل٢ = س ر و ک ل + س و ک
ل + ھ٢ ا اگر بجھا ہوا چونہ بجائے کاسٹک سوڈا کے استعمال کیا جاوے
تو کلورین بہت جلد جذب ہو جاتی ہے اور ایک شئی بلیچنگ پاوڈر یا کلورائیڈ
آف لایم پیدا ہو جاتا ہے بلیچنگ پاوڈر مرکب کیلشیم کلورائیڈ اور ہائپو
کلورائیٹ آف کیلشیم کا ہوتا ہے اور اسکی بڑی مقدار واسطے مطالب سفید
کرنے کے استعمال کی جاتی ہے کلورین گیس جو میگنیز ڈائی اکسائیڈ اور ہیڈروکلورک
ایسڈ کے ملانے سے نکلتی ہے ایک وسیع کمرے مین جسکے فرش پر دو انچہ کی اونچ
چونے کا طبقہ پڑا ہو داخل کیجاتی ہے تمام گیس چونے مین جذب ہو جاتی ہے اور
یہہ سفید کرنے والا سفوف پیدا ہو جاتا ہے مثلاً ٢ ک ر ھ٢ ا٢ + ٢ ک
ل٢ = ٢ ھ٢ ا + ک ر ک ل٢ + ک ر ک ل٢ ا٢ ایک نئی طرز بڑے مقدار
کلورین کے پیدا کرنے کی لئے حالمین ایجاد ہوئی ہے اگر ہیڈروکلورک ایسڈ
گیس اور ہوا باہم گرم سلفیٹ آف کاپر پر گذاری جاوے تو ہیڈروجن
ک ل اور اکسیجن ہوا کے ملکر پانی پیدا کرتے ہین اور کلورین آزاد ہو جاتی
ہے سلفیٹ آف کاپر مین کچھہ تبدیلی واقع نہین ہوتی اور مدت تک کام مین آسکتا
ہے اور اس ترکیب سے حالمین بڑی مقدار سفید کنندہ سفوف کی طیار
ہو سکتی ہے ہیپو کلوروس ایسڈ یا ہیڈروجن ہیپو کلورائیٹ ع ھ ک ل ا ۔

تحلیل کرنے کی تاثیر اِسوجہ سے ہوتی ہے کہ اِسکے اندر آزاد کلورین ہوتی ہے
وہا بتین اس آزاد کلورین کے ساتھہ مِلکر حل ہونے والا کلورائیڈ پیدا کرتی
ہین اور ...لمائید اِسکے ذریعہ سے حل ہوجاتا ہے - نیٹرک ایڈ - ہنٹروجن - ڈائی
اکسائیڈ مین تبدیل ہوجاتا ہے - اور یہہ ایک حصہ کلورین کے ساتھہ مِلکر مرکبات
ن ا رک ل + ن ر ک ل ا پیدا کرتا ہے جو بطور زرد رنگ گیس کے نکلتا ہے اور
اِنسے گاڑھا زرد اوڑجانے والا پیدا ہوتا ہے جب گیس کو سرد مرکبات مین
رکہا جاوے کلورین اور آکسیجن بلاواسطہ آپس مین نہین ملتے - لیکن باواسطہ
مِلکر مرکب پیدا کرتے ہین

کلورین مانو اکسائیڈ

علامت ک ل ۲ ا

وزن مجموعہ ۸۷ - وزن متناسبہ ۵ ر ۴۳ - مرکیورک اکسائیڈ پر کلورین
کی تاثیر سے پیدا ہوتا ہے کلورین نہ صرف دہات کے ساتھہ ملتی ہے بلکہ آکسیجن
کے ساتھہ بھی ملجاتی ہے - مثلاً م ر ا + ۲ ک ل ۲ = ک ل ۲ ا + م ر ک ل ۲
بیرنگ گیس ہے جسکے کثیف کرنے سے سرخ عرق بنجاتا ہے جو بہت بہوٹ
جانیوالا ہوتا ہے جس سے اچانک کلورین اور آکسیجن گیسین متفرق ہوتی ہین
پانی کے اندر بہت حل ہوتا ہے اور ایک زرد رنگ کا عرق بنجاتا ہے اور
نباتاتی رنگون کو کلورین سے زیادہ سفید اور تباہ کرتا ہے کیونکہ دو چند
مقدار آکسیجن کی ایک مجموعہ مانو اکسائیڈ مین سے بمقابلہ مجموعہ کلورین کے

ہو تا ہے اگر ٹپکانا اِس ایسڈ کا کم دباؤ پر کیا جاوے تو کم حرارت پر یہہ ایسڈ جوش میں آتا ہے اور ساخت ایسڈ کی ہوجاتی ہے جو ہر ایک مقام جوش کے لئے علیحدہ ہے غیر محدود مقدار ہیڈروجن کلورائیڈ کے کارخانے کاربونٹ آف سوڈا میں بطور ایک فالتو مرکب کے پیدا ہوجاتے ہین اور ایسا ایسڈ ہمیشہ غلیظ اور زرد رنگ کا ہوتا ہے کیونکہ اِسکے اندر آئیرن ۔ آرسنک ۔ مادہ نباتات اور سلفیورک ایسڈ ہوتے ہین ٹہیک ٹہیک بناوٹ ہیڈروجن کلورائیڈ کی آبی ایسڈ کو تاریکی میں بذریعہ کیمیائی بجلی کی تفرق کرنے سے بہت عمدہ طور پر دریافت ہوسکتی ہے اور گیس ہیڈروجن اور کلورین کو ایک لمبی نلی مین بعد تفرقہ شروع ہوجاوے گی جمع کیا جاتا ہے اگر اسطرح سے بہری ہوئی نلی کو انہیرے مین عرق آئیوڈائیڈ آف پوٹاشیم کے نیچے کہولا جاوے تو عرق نلی کے اندر چڑہ جاویگا آئیوڈین علیحدہ ہوجائیگی کلورین پوٹاشیم کے ساتھہ مل جائیگی تا وقتیکہ ٹہیک آدہی نلی عرق کے ساتھہ پر ہوجاوے باقی گیس صرف ہیڈروجن ہوتی ہے

نیٹرو ہیڈرو کلورک ایسڈ یا اکوآریجیا

بعض دہاتین مثل سونا پلاٹینم اور نیز بہت سی مرکب دہاتین مثل بعض سلفائیڈ کی جو نائیٹرک یا ہیڈروکلورک ایسڈ مین علیحدہ علیحدہ حل نہین ہوتین بہت آسانی سے اِن دونون ایسڈوں مین خاصکر ذرا گرم کرنے سے حل ہوجاتی ہین اس مرکب کو اکوآریجیا کہتے ہین کیونکہ اسمین سب شریف دہاتین حل ہوجاتی ہین اور اِسمین

یہہ اتصال اسقدر جلد واقع ہوتا ہے کہ یک لخت صدمہ اچانک پیدا ہوتی حرارت
سے جو وقت ملنے کے پیدا ہوتی ہے واقع ہوتا ہے مقدار ہیڈرو کلورک ایسڈ
پیدا شدہ کی مساوی مقدار کلورین اور ہیڈروجن کے ہے ایک مجموعہ ذرون
ہیڈروجن اور کلورین کا دو مجموعہ ہیڈرو کلورک ایسڈ کے پیدا کرتا ہے مثلاً
ھ۲ + ک ل۲ = ۲ ھ ک ل - ہیڈرو کلورک ایسڈ - کلورائیڈ آف سوڈیم
اور سلفیورک ایسڈ کو ایک بوتل مین ڈالکر تیار ہو سکتا ہے پہلے گیس کو ایک ورشش
بوتل مین گذارنے سے جسکے اندر تھوڑا سا پانی ہو صاف کیا جاتا ہے اور تب اسکو
ایک بوتل مین ہوا کی نکالنے کی تجویز سے جمع کیا جاتا ہے اگر گیس کی حاجت ہو یا پانی
کے اندر گیس کو پُر کیا جاتا ہے اگر آبی ایسڈ کی حاجت ہو - س ن و ک ل + ھ۲ س
ا۴ = ھ ک ل + ھ س ن و س ا۴ - ہیڈرو کلورک ایسڈ بیرنگ گیس ۱ء۲۶۹
گنا ہوا سے بھاری ہوتا ہے مرطوب ہوا مین اس سے بہت دہوئین نکلتے ہین نمی
کے ساتھ ملجاتا ہے اور اسمین سخت ایسڈ تاثیر ہوتی ہے پانیکے اندر بہت
حل ہوتا ہے ایک مقرر حجم پانیکا ۱۵ درجہ کی حرارت پر ۴۵۳ حجم گیس کی تحلیل
کر دیتا ہے یہہ عرق معمولی ہیڈرو کلورک ایسڈ و کا نو نکا ہوتا ہے پر عرق ہیڈرو
کلورک ایسڈ کا وزن متناسبہ ۱ء۲۱ ہوتا ہے اس سے سخت دہوئین ہوا
کے اندر نکلتے ہین اور جب ایک ریٹارٹ کے اندر ڈالکر گرم کیا جاوے تو
اول ہیڈرو کلورک ایسڈ گیس اسمین سے نکلجاتی ہے لیکن بعد تھوڑے سے
عرصہ کے آبی ایسڈ معمولی دباؤ والے ایسڈ پر ٹپک آتا ہے جسکے اندر ۲۰ء۲۲ حصہ
فیصدی ہیڈرو کلورک ایسڈ ہوتا ہے اور جو ہمیشہ ۱۱۰ درجہ پر جوشش ہین




Fig. 33.




FIG. 32*d*

جبوقت کہ عنصر کسی مرکب سے آزاد ہوتا ہے تو واحد ذرے ملکر ایک مجموعہ ذرون
کا پیدا کرتے ہین اور عنصر حالت آزاد مین ظاہر ہوتا ہے اگر ایسے اشیار موجود
ہون جنپر کہ عنصر کیمیائی طور پر عمل کرینگے تو وہ اشیار کیمیائی فعل آزاد شدہ ذری
سے متفرق ہو جاتے ہین کیونکہ اسوقت ذرہ حالت آزادگی مین بہ نسبت حالت
مجموعہ کے زیادہ تاثیر رکہتا ہے کلورین معدنی مرکبات کو سفید نہین کرسکتے کلورین
گیس کو روئی - السی اور کاغذ کے کارخانوںین سفید کرنے کے لئے بہت
استعمال کرتے ہین گاہے گاہے گیس کی حالت ہی لیکن عموماً کیالشیم اور آکسیجن
کے ساتہہ ملے ہوئے جسکو کلورائیڈ آف لایم بولتے ہین - جو ایک کہچڑی کا سا
مرکب کیالسیم کلورہیڈ اور ہامپو کیالسیم کلورائیڈ کا ہوتا ہے ک ر ک ل ۲
+ ک ر ک ل ا ۲ اسکو بلی چنگ پاوڈر بولتے ہین کلورین بطور ڈس اِن
فک ٹنٹ اور ڈی اوڈورنٹ کے بہت استعمال کیا جاتا ہے اسکا فعل نباتاتی
سڑتے ہوئے اشیار پر ویسا ہی ہے جیسے نباتاتی رنگون پر

بیان ہیڈروکلورک ایسڈ یا ہیڈروجن کلورائیڈ کا

علامت ھ ک ل

وزن مجموعہ ۵ء ۳۶ - وزن متناسبہ ۲۵ء۱۸ - یہہ شئی ایک مشہور مرکب
کلورین اور ہیڈروجن کا ہے جب مقدار مساوی ہیڈروجن اور کلورین ملاکر
روشنی مین رکہی جاوین تو پیدا ہو جاتا ہے گیسین اسوقت مل جاتی ہین اور
ان سے یہہ معین مقدار ہیڈروکلورک گیس کی بنجاتی ہے اگر روشنی تیز ہو تو

کاغذ کو ٹرپن ٹاین کے ساتھہ ترکرکے ایک بوتل کلورین مین ڈالا جاوے ہیڈروجن
ٹرپن ٹاین کی کلورین کے ساتھہ ملکر ہیڈرو کلورک ایسڈ پیدا کرتی ہے۔ کاربان
علیحدہ ہوجاتا ہے اور اس فعل سے اِسقدر حرارت پیدا ہوتی ہے کہ اکثر کاغذ
جلنے لگتا ہے مشہور سفید کنندہ طاقت کلورین کی پانی کے ہیڈروجن کے ساتھہ
اِسکے ملنے اور آکسیجن کو آزاد کرنے پر منحصر ہے جب کلورین گیس مین طاقت سفید
کرنے کی نہین ہوتی ایک ٹکڑا روئی کے کپڑے کا یا کاغذ کا جو نباتاتی رنگ مجیٹھہ
یا نیل سے رنگا ہوا ہو خشک کلورین کی بوتل مین بند کیا جاوے تو بہت سے ہفتون
کے گذرنے پر بھی کوئی تغیر رنگ کا واقع نہین ہوتا اگر چند قطرے پانی کے ڈالے
جاوین تو رنگ دور ہوجاتا ہے روئی یا کاغذ سفید ہوجاتا ہے کلورین اس موقع
ہیڈروجن پانی کے ساتھہ ملجاتا ہے اور آکسیجن وقت آزادی کے نباتاتی رنگون کے
ساتھہ ملکر ایسے مرکب پیدا کرتی ہے جنکے اندر رنگ نہین ہوتا معمولی آزاد آکسیجن کے
اندر یہہ طاقت نہین ہوتی لیکن یہہ تجربہ سے دیکھا گیا ہے کہ اجسام حالت برآمدگی
مین آزاد حالت سے بہت تیز خواص رکھتے ہین تفاوت اِس وجہ پر منحصر رکھتا ہے
کہ مجموعی ذرونکی یا کم جزو عنصر کی جو آزاد حالت مین قایم رہ سکتی ہین علیحدہ علیحدہ
ذرہ سے بنی ہوئی نہین ہوتی بلکہ مجموعہ ذرون سے بنی ہوئی ہوتی ہین مجموعہ ذرہ
مرکب جسم کا دو یا زیادہ غیر جنس ذرونسے بنا ہوا ہوتا ہے لیکن مجموعہ ایک عنصر کا
یکسان ذرونسے بنا ہوا ہے مجموعہ ذرون تمام اجسام کی حالت گیس مین خواہ
مفرد ہون خواہ مرکب ہون ایک ہی حجم رکھتے ہین مثلاً آزاد آکسیجن اُ۔ اُ آزاد
ہیڈروجن ھ۔ھ آزاد کلورین کل۔کل ویسے ہی آزاد سیانوجن کی

سی گرمی دیجاوے گیس خالص پانیمین سے گذار کر تیار کیجاتی ہے

خاصیت بیرنگ سبزی مایل گیس ہے سخت اور عجیب بو اسمین پائی جاتی ہے تھوڑی ہی مقدار مین سمندری پودون کی طرح اسمین بو پائی جاتی ہے جب بڑی مقدار مین موجود ہو تو بطور سخت سوزش پیدا کرنیوالے کی عمل کرتی ہے میوکس ممبرین کے اندر سوزش ہو جاتی ہے بلکہ اسکے سونگھنے سے ہلاکت بھی پیدا ہو جاتی ہے پانچ گنا دباؤ ہوا سے اس سے زرد رنگ کا عرق بنتا ہے لیکن تا حال منجمد نہین کی گئی پانی اور پارے پر اسکو جمع نہین کیا جاتا کیونکہ پانیمین حل ہو جاتی ہے اور پارے پر مرکب کلورائیڈ آف مرکیوری کا پیدا کرتی ہی تقریباً ۵ء۲ گنا ہوا سے بھاری ہے جب دہاتین سفوف کر کے اسکے پاس لائی جاتی ہین تو وہ اپنے آپ جلنے لگ جاتی ہین - مثلاً سفوف کیا ہوا ارسنک انٹمنی یا تانبا اسکے اندر ڈالا جاوے تو جلنے لگجاتی ہین نہایت عجیب خاصیت کلورین کی ہیڈروجن کے ساتھہ ملنے کی ہے جس سے ہیڈروکلورک ایسڈ بنجاتا ہے مساوی مقدار ان دونون گیسون کی جب آپس مین لائی جاتی ہین تو شعلہ کے پاس لانے سے بھڑک کر ملجاتی ہین اور یہی صورت واقع ہوتی ہے جب مرکب کو دھوپ مین رکھا جاوے کلورین پانیکے اجزا دھوپ مین علیحدہ کر دیتی ہے ہیڈروجن کے ساتھہ ملجاتی ہے اور آکسیجن کو نکال دیتی ہے کئی تجربے اس امر کے اظہار کے لئے بیان ہو سکتے ہین اگر ایک جلتی بتی اس گیس کے اندر ڈالی جاوے تو وہ جلتی رہتی ہے لیکن بڑا دھوان پیدا کرتی ہے صرف ہیڈروجن موم کے کلورین کے ساتھہ ملجاتی ہے اور کاربان بطور دھوئین اور سیاہی کے علیحدہ ہو جاتا ہے یہی حال ہوتا ہے جب

سی مقدار مین یہہ ایسڈ گری اور پتے بہت سے درختون مین پایا جاتا ہی سیانوجن
گیس یا ڈائی سیانوجن ک۲ ن۲ سیانائیڈ آف مرکیوری کو گرم کرنے سے بطور
بیرنگ گیس کے آسانی سے تیار ہوسکتی ہے۔ پارہ پر عمدہ طریق اسکے جمع کرنیکا ہے
کیونکہ پانی مین یہہ حل ہو جاتی ہے قریب ۲ہ گنا دباؤ ہوا سے اس سے بیرنگ خرق
بنتا ہے گیس جلنے والی ہے شعلے کا رنگ ارغوانی ہوتا ہے اور جل کر کاربان
اور نیٹروجن پیدا کرتا ہے

بیان کلورین کا

علامت + ک ل

وزن ذراتی ۳۵٫۵ کلورین حالت آزادی مین دنیا مین نہین پائی جاتی ہے
لیکن اسکے مرکبون سے اسکو آسانی سے تیار کر سکتے ہین کلورین دھاتونکے
ساتھہ ملی ہوئی صورت کلورائیڈ مین پائی جاتی ہے انمین سے کلورائیڈ آف سوڈیم
سمندری یا پہاڑی نمک نہایت عام ہین کلورین اسمین سے یون نکالا جاتا ہے
کہ نمک کو سلفیورک ایسڈ اور بائی اکسائیڈ آف میگنز کے ساتھہ ملاکر گرم کیا جاتا ہے
مثلاً ۲ س و ک ل + ۲ ھ۲ س ا۴ + م ان ا۲ = ۲ ک ل + س و۲
س ا۴ + م ن س ا۴ کلورین سلفیٹ آف سوڈا میگنز اور پانی اس تفرقہ
اجزا سے پیدا ہو جاتا ہے۔ جناب وزن اگر ایک حصہ نمک کا ایک حصہ ڈائی
اکسائیڈ آف میگنز دو حصے سلفیورک ایسڈ اور دو حصے پانیکے ساتھہ ملاکر ایک بڑی
بوتل مین بہرا جاوے تو گیس باقاعدہ نکلنا شروع ہو جاتی ہے جب تھوڑی

بہت مرکب سیانوجن کے مختلف مطالب کے لئے نیٹروجن دار حیواناتی مادے
مثل چمڑے کُھر وغیرہ کو لوہے اور پوٹاش کی ہمراہ گرم کرنے سے تیار کئے جاتے
ہین۔ ڈبل سایانائیڈ جسمین آیرن اور پوٹاشیم ہوتا ہے اور جسکو فروسایانائڈ
آف پوٹاشیم یلو پروشیئیٹ آف پوٹاش تیار ہوجاتا ہے نہایت ضروری مرکب
سیانوجن کا ہیڈروجن کے ساتھہ ساخت مین مشابہ ہیڈروکلورک ایسڈ کے
پیدا ہوتا ہے اِسکو ہیڈروسیانک ایسڈ یا پروسک ایسڈ بولتے ہین۔ فروسا
یانائیڈ پر ڈائلوٹ سلفیورک ایسڈ۔ ریٹارٹ کے اندر ڈالا جاتا ہے گرم کرنیسے
ایسڈ معہ پانی کے ٹپک آتا ہے اور باقی سلفیٹ آف پوٹاش ریٹارٹ کے اندر
رہ جاتا ہے اگر ٹپکے ہوئے پانی والے ایسڈ کو آکسائیڈ آف مرکیوری کے ہمراہ ملاکر
ہلایا جاوے تو ہیڈروجن ہیڈروسیانک کی جا بجا مرکیوری آجاتا ہے اور
سایانائیڈ آف مرکیوری بنجاتا ہے جو اوڑانے سے سفید قلمین پیدا کرتا ہے
سلفیوریٹیڈ ہیڈروجن خشک سایانائیڈ آف مرکیوری پر گذارنے سے خالص اور
بے پانیکے ہیڈروسیانک ایسڈ تیار ہوجاتا ہے اور اسکے ساتھ سلفائیڈ آف مرکیوری
ہی بنجاتا ہے مثلاً م ر ک ۲ ن ۲ + ہ ۲ س = ۲ ہ ک ن + م ر
س ہیڈروسیانک ایسڈ جو اس طرح سے تیار کیا جاوے ایک اوڑ جانیوالا عرق
ہوتا ہے ۲۶،۵ درجہ پر یہہ جوشش مین آتا ہے اور منفی ۱۵ درجہ پر منجمد ہوجاتا
ہے نہایت مہلک شی ہے ایک قطرہ بیور ایسڈ کا زہر قاتل ہے اِسکی بناوٹ مین
محتاط رہنا چاہیئے تاکہ بخار اِسکا سونگھا نہ جاوے ذرا سا سونگھنے سے ہلاکت
ہوتی ہے اسکے اندر تجربہ اور تشخیصی بو کڑوے بادام کی سی ہوتی ہے اور تہوڑی

طرف جالی کے حرارت گیس کی مقام جلنے تک ہنین پہنچتی - اس سادہ اصول کا استعمال ڈیوی نے اپنی حفاظت کی شمع بنـ ہنین کیا۔ اِس شمع کی اوپر کا سرا تار کی جالی سے بند ہوتا ہے . ہوا سوراخون جالی مین سے گذر سکتی ہے یہہ ایک چراغ تیل کا ہوتا ہے اور جلنے تیل کے باہر نکل سکتے ہین لیکن شعلہ جالی کے باہر ہنین جا سکتا - اسیوجہہ سے اگر یہہ شمع نہایت جلنے والے مرکب یا مارش گیس مین رکہا جاوی تو کچھہ بہی جلنا ممکن ہنین اگرہ جلنے والے گیس جالی کے اندر بہڑک کر جلجاوی تاہم مناسب یہہ معلوم ہوتا ہے کہ کان کہودنے والا ایسے مقام سے ہٹ جاوی تاکہ خطرہ بہڑک اُٹہنے گیس کا جالی کے گرم ہونے سے دور ہو جاوے

کاربان اور نیٹروجن کے مرکب

کاربان اور نیٹروجن آپسمین وصل ہنین ہوتے لیکن اگر نیٹروجن گیس اوپر سفید گرم مرکب کوئلی اور کاربونٹ آف پوٹاشش کے گذاری جاوی تو ایک مرکب اجنبی سایانائیڈ آف پوٹاشیم ب ک پ ن پیدا ہو جاتا ہے - مثلاً ۲ پ ک ہ۳ + ن۲ + ۴ ک = ۲ پ ک ن + ۳ ک ہ اس شی سے بڑی تعداد اشیا کی تیار ہو سکتی ہی جن سب کے اندر مجموعہ ذرون ک ن کا پایا جاتا ہے اور انکے خواص عجیب وغریب ہوتے ہین اِس مجموعہ کا نام سیانوجن رکہا گیا ہے کیونکہ اِس سے بہت سے مرکب پیدا ہوتے ہین اور سیانوجن دہاتون کے ساتھہ ملکر سایانائیڈ پیدا کرتی ہے اور اسصورت مین مثل کلورین کی ہے یہہ اسقسم کے اجسام کے ساتھہ تعلق رکھتی ہے جنکو مرکب اصول باریڈیکل بولتے ہین جنکا ذکر پیچھے ہو دیکا -

9.




Fig. 31.




Fig. 32.

استعمال کیا جاتا ہے کامل طور پر جلنے شعلے کا نتیجہ دیکھا جاتا ہے۔ اس لمپ مین
گول گیس ایک چھوٹی سی سوراخ کے راہ سے نکلتی ہے اور نا جلی ہوئی نلی کی
مین جا کر سوراخ دال کے راہ ہوا کو اندر کھینچ لیتی ہے مرکب ہوا اور گیس کا جو اسطرح سے بنتا
ہے نلی کی چوٹی پر جلایا جا سکتا ہے جہان شعلہ بی دہوان اور بے روشنی کے
جلتا ہے اگر سوراخ دال بند کئے جاوین تو گیس معمولی روشن دہوین والے
شعلے سے جلتی ہے۔ بلو پائپ یا پہونکنے کا شعلہ دو علیحدہ علیحدہ حصون مین تقسیم
کیا جا سکتا ہے۔ اول اکسڈائی زنگ شعلہ جہان آکسیجن کثرت سے ہوتی ہے
اور دوم ریڈیوسنگ شعلہ جہان کثرت کاربان کی ہوتی ہے اور یہہ شعلہ اپنین
خواصون سے جنکو کہ بیرونی اور اندرونی جلتے بتی کے شعلے کی تمیز ہو سکتی ہے
اور پہچانے جاتے ہین ہر ایک مرکب گیسونکے جلانے کے لئے کچھہ حرارت مطلوب
ہوتی ہے اور جب تک یہہ حرارت پیدا نہو تو مرکب نہین جلتا اسطرح سے
ہم شعلے کو اسطرح سے سرد کر سکتے ہین کہ وہ بجھہ جاویگا مثلاً جب ایک چھوٹا سا حلقہ
سرد تانبے کی تار کا اوسپر رکہا جاوے تو وہ بجھہ جاویگا حالانکہ حلقے پہلے گرم کر کے
اوسپر رکہا جاوے تو شعلہ جلتا رہیگا۔ یہہ امر بخوبی اسوقت ظاہر ہو سکتا ہے
جب ایک ٹھنڈا تار کی جالی کا جس مین قریب سات سو کے خانے مربع انچہ مین ہون
لیا جاوے۔ اگر اس جالی کو قریب گیس کے رکہا جاوے اور گیس کو جلایا ہی
جاوے تو ممکن ہے کہ جالی کو کئی انچہ اوپر وہان کے اوٹھا سکتے ہین بلکہ جلنے والی
گیس اوسکے نیچے جلنے ہی نہین پاتی صرف شعلہ اوپر جالی کے جلتا رہتا ہے
دہات کی تارین ایسی صورت مین ایسی جلد حرارت کو گذار دیتے ہین کہ نیچے

ہوتی ہے اور گرم شعلہ سے ضرور تا بہت روشنی پیدا نہین ہوتی مثلاً آکسی
ہیڈروجن کا شعلہ جو ایسا گرم ہوتا ہے جو لوہے یا فولاد کی تار مثل خشک تنکی کی اسکے
اندر جل جاتے ہین - روشن گہڑی ذکی روشنی مین مشکل سے نظر آتی ہے - شعلہ
کے اندر روشنی پیدا کرنے کے لئے اوسکے اندر صیقل مادہ ہونا چاہیئے جو گرم ہوکر
سفید ہوجاتا ہے اگر ایک ٹکڑا چونیکا آکسی ہیڈروجن کے شعلے مین رکہا جاوے
تو اسقدر گرم ہوجاتا ہے کہ اس سے بڑی تیز روشنی نکلتی ہے ویسا ہی ہم کسی اور
صیقل مادے مثل کوٹے ہوے کوئلہ کو بیرنگ شعلے ہیڈروجن مین ڈالدین تو یہہ
روشن ہوجاتا ہے فرق کم مارش گیس اور شعلے اُلی فی انٹ گیس مین اسوجہ سے
ہے کہ اُل فی انٹ گیس مین ذرہان علیحدہ ہوجاتا ہے اور مارش گیس مین تمام
کاربان جلکر کاربانک ایسڈ بنجاتا ہے بتی کے شعلہ مین تین علیحدہ جزو ہوتے ہین
اول سیاہ درمیانی حلقہ یا نہ جلے ہوے گیس جو گرد بتی کی ہوتی ہے - دوم
روشن حلقہ یا مقام ناکمل جلنے کا - سیوم تاریک حلقہ یا مقام کامل جلنے کا اگر
سر ایک ٹیڑہی گلاس کی نلی کا سیاہ درمیانی حلقہ مین ڈالا جاوے تو نا جلی ہوئی گیسین
نلی کی راہ گذر کرینگی اور دوسرے سرے پر جہان وہ ہوا کے اندر جا رہی ہین جل
سکتی ہین روشن مقام شعلہ مین گیسین بالکل تمام نہین جل جاتین اور کاربان
سخت حالت مین علیحدہ ہوجاتا ہے اور اسکے وجود ہی کا باعث یہہ ہے کہ شعلہ
مین طاقت روشنی کی ہوتی ہے - باہر کے حلقے مین آکسیجن کی آمد بہت ہوتی
ہے اور تمام کاربان یک لخت جلکر کاربانک ایسڈ بنجاتا ہے اور اسجگہ شعلہ
روشن نہین ہوتا چہوٹے سی بن سن کی گیس لیمپ مین جو عام طور پر کیمیا خانون مین




Fig. 29.




Fig. 30.




Fig. 28.

	ساخت ۰۰ امقدار						
	[illegible]	هیڈروجن	مارش گیس	[illegible]	ک ۲ ھ ۴	ک ا ہ	ن ۱ اور ک ا ۲
کینل گیس	۳ ۳۴،	۲۵،۸۲	۵۱،۲۰	۱۳،۰۶	۲۲،۰۸	۷،۸۵	۲،۰۷
کول گیس	۱۳،۰	۴۷،۶۰	۴۱،۵۳	۳ ۴۰	۶،۹۷	۷،۸۲	-

کول گیس کی روشنی کی طاقت کا اندازہ اوس روشنی سے جو جلتے گیس سے ایک خاص مقدار پر نکلی عموماً ۵ مکعب فٹ فی گھنٹہ بمقابلہ روشنی مچیلی کے بتیا جو ۱۲۰ گرین فی گھنٹہ جلے کیا جاتا ہے اسیطرح کینل گیس مساوی ۲ ر ۳۴ بتیونکے ہے اور گیس مساوی ۱۳ بتیون کے

بناوٹ شعلے کی

اِس جگہہ اصل اصلیت اور بناوٹ شعلہ کا اور اصول ڈیوی لمپ کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے شعلہ بڑی گرم اور جلتی ہوئی گیس سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ جب جلتی ہیڈروجن کی دہار آکسیجن کے اندر ڈالیجاتی ہے تو شعلہ ہیڈروجن کا آکسیجن کے اندر دیکہا جاتا ہے جلنے ذرون آکسیجن اور ہیڈروجن سے اور بباعث اوس حرارت کے جو انکے اتصال سے پیدا ہوتی ہے شعلہ پیدا ہوتا ہے اسیطرح کا شعلہ آکسیجن کا ہیڈروجن کے اندر دیکہا جاتا ہے۔ جب دہار پہلے گیس کی ہیڈروجن گیس اندر پہیلائی جاتی ہے حرارت شعلونکی مثل انکی طاقت روشنی دینے کی مختلف

کا مجموعہ ہی اچھے قسم کی کول گیس بنانے کے لئے کیتل یا اور کوئی بجین دار
معدنی کوئلہ بند دیگ مین گرم کیا جاتا ہے اوڑجانیوالے اشیا سے جو اسطرح جیسے
پیدا ہون خارج ہو جاتے ہین اور بقیہ ناقص کاربان کا پیچھے رہ جاتا ہے جسکو
کوک بولتے ہین اوڑجانیوالے اشیاء بطور تاڑ ایمونیا پانی اور گیس کے ہوتے ہین
تاڑ کے اندر مختلف اشیاء پاے جاتے ہین جنمین سے بعض مشہور نئے رنگ پیدا
ہوسکتے ہین اور ایمونیا نیٹروجن معدنی کوئلہ سے بنجاتی ہے اور اسی سے تمام نمک
ایمونیا کے بناے جاسکتے ہین گیس وقت نکلنے کے مختلف چیزونسے ملی ہوئی پائی
جاتی ہے بعض امین سے روشنی اور حرارت کے لئے مفید ہین بعض ایذا رسان
ہین اور اونکا دور کرنا ضرور ہوتا ہے جلنے والے اور روشن اشیاء مین سے الفینٹ
گیس اور دیگر ہیڈرو کاربان ہین جنکی بناوٹ متشابہ ہے مثلاً ک۲ ھ۲ اور ک۲
ھ۲ ان سب مین تعداد ذرون ہیڈروجن کے ذرون کاربان سے دوچند ہے
وہ گیسین جو ان روشن ہیڈرو کاربان کے پتلا کرنیکے لئے مفید ہین اور خود کم روشن
شعلہ سے جلتے ہین کاربانک اکسائیڈ ہیڈروجن اور مارش گیس ہین نقص کاربان
ایسڈ سلفیوریٹڈ ہیڈروجن اور بخار کاربان ڈائی سلفائیڈ کے ہوتے ہین
اور ان اشیاء کو گیس مین سے ایک طرز صفائی سے علیحدہ کیا جاتا ہے بیشتر
اسکے کہ گیس کارخانہ گیس مین سے جلنے کے لئے روانہ کیجاوی متناسب اجزا انکا
جو کول گیس مین موجود ہوتے ہین مطابق قسم معدنی کوئلہ کے بہت مختلف
ہوتا ہے اور یہہ اختلاف حرارت پر بھی موقوف ہے یہہ اختلاف ذیل کے نقشہ
سے بھی ظاہر ہوسکتا ہے ؛

علامت ک۲ ھ۴

وزن ذراتی ۲۸ وزن مقدار ۱۴ سخت کہینچنے کوئلہ سے یہہ گیس تیار ہوتی ہی اور ضروری جزو کول گیس کا ہے ایک جزو ابل کوہول ۵ یا ۶ جزو سلفیورک ایسڈ کے ساتہہ گرم کرنے سے یہہ گیس خالص تیار ہو سکتی ہے بیرنگ ہوتی ہے لیکن ذائقہ میتہا ہوتا ہے بڑی دباؤ اور منفی ۱۱۰ درجہ کی حرارت پر بیرنگ عرق اِس سے بنجاتا ہے جب روشنی ہوا کے اندر اِسمین ڈالیجاوے تو روشن دہوئین دار شعلہ سے جلتی ہے جس سے کاربانک ایسڈ اور پانی بنجاتا ہے جب اِسکی سو حجم کے برابر آکسیجن ملائی جاوے تو اس سے بڑا شور پیدا ہوتا ہے ایک مقدار الفینٹ گیس کو ۶ مقدار آکسیجن کامل جلانے کے لئے مطلوب ہوتی ہے اور ۲ مقدار کاربانک ایسڈ بنجاتا ہے پس ایک مقدار آکسیجن کو حاجت ہیڈروجن کے ساتہہ ملنی کی ہوتی ہے اِسلئے آل گیس مین دو چند کاربان مارش گیس سے ہوتا ہے مقدار ہیڈروجن کی یکسان ہوتی ہی علامت اِسکی ک ۲ ھ ۴ ہے یہہ گیس برابر مقدار کلورین سے ملکر ایک روغنی عرق پیدا کرتی ہے ک ۲ ھ ۴ کل ۲ اور اِس خاصیت کے سبب سے اسکا نام الفینٹ گیس ہے

بیان کول گیس کا

یہہ گیس جو اسقدر کثرت سے واسطے روشنی کے استعمال کیجاتی ہے سخت کہینچے معدنی کوئلہ سے تیار ہوتی ہے یعنی معدنی کوئلہ کو بند دیگچوںمین بہر کر ایسا گرم کیا جاتا ہے معدنی کوئلہ زائل ہو جاتا ہے اور اوڑجانیوالی گیسین کثیف کر کے جمع کی جاتی ہین یہہ گیس سادہ کیمیائی مرکب نہین ہے بلکہ بہت سے علیحدہ علیحدہ اشیاء

مین آکسیجن کے ساتھہ اوڑا کر دریافت کیجاتی ہے ایک مقدار اس گیس کی اور
سو مقدار آکسیجن کے بعد گذر شعلہ کی ۲ مقدار پیدا کرتے ہین بعد جذب ہونے
کاربانک ایڈ پیدا شدہ کے پوٹاشش مین ایک مقدار آکسیجن کی باقی رہتی ہے
اسلیئے ۲ مقدار آکسیجن مین سے ایک مقدار مارش گیس کے جلانے کے لیئے
اور ایک کاربان کے جلانے کے لیئے اور ایک ہیڈروجن کے ساتھہ پانی بنانے
کے لیئے مطلوب ہوگی اسطرحسے دیکھا جاتا ہے دو مقدار مارش گیس مین ۴
مقدار ہیڈروجن کے جنکا وزن ۴ ہے اور ایک مقدار کاربان کی ہے اسلیئے
اسکی علامت بھی ک ھ ۴ رکھی گئی ہے

بیان اسٹٹ لائین

علامت ک ۲ ھ ۲

یہہ گیس بلا واسطہ اتصال کاربان ہیڈروجن سے بڑی حرارت پر پیدا
ہوجاتی ہے اور اسلیئے کاربان کے سرے بڑے قوی کلوانک بیٹری کے ہیڈروجن
ہوا کے اندر ملائے جاتے ہین ایسی بڑی حرارت پر اتصال کاربان اور ہیڈروجن
کے واقع ہونے سے اسٹٹ لاین پیدا ہوجاتا ہے اسٹٹ لاین بیرنگ گیس
ہے جو بڑے روشن شعلہ سے جلتی ہے اور اسکے اندر عجیب طرحکی بدبو پائی جاتی ہے یہہ
بدبو تب بھی ہوتی ہے جب بتی دہوئیندار شعلہ سے جلتی ہے۔

بیان ای تھی لین یا ہیوی کاربورٹیڈ ہیڈروجن یا الفینٹ گیس کا

ہین سے بنتے ہین اور اسیلئے اونکا تذکرہ آرگینک کمسٹری ہین کیا جاویگا

بیان حی تہایل ہیڈرائیڈ لایٹ کاربوریٹیڈ ہیڈروجن یا مارش گیس کا

علامت ک ھ ہم

وزن ذراتی ۱۶ وزن مقدار ۸ بے رنگ بے ذائقہ بے بو گیس ہے جسکا عرق نہین بنایا گیا معدنی کوئلہ کے کانون ہین پائی جاتی ہے جہان اسکو فایر ڈیمپ بولتے ہین سڑنے مردہ پتون سے غیر متحرک جھیلو نہین پایا جاتا ہے جسکے لیئے اسکا نام مارش گیس ہے اس سے کول گیس کا جزو بنتا ہے اور بہت سے اضلاع کوہ آتش فشان ہین یہہ نکلتا ہے بطور مصنوعی ایسی ٹیٹ آف سوڈا اور کاسٹک سوڈا کو گرم کرنے سے تیار کیا جاتا ہے مثلاً س وک ۲ ھ ۳ و ۲ + س و ھ و = س و ۲ ک و ۳ + ک ھ ۴ بلا واسطہ اتصال عناصر سے یہہ نہین پیدا ہو سکتا لیکن بت پیدا ہو سکتا ہے جب مرکب کاربان ڈائی اکسائیڈ اور سلفیوریٹیڈ ہیڈروجن کا اوپر سرخ گرم تانبے کے گذارا جاوے مثلاً ۸ ک و ۲ + ک س ۲ + ۲ ھ ۲ س = ک ھ ۴ + ۴ ک و ۲ س مارش گیس نیلی سے زرد بیرونق شعلہ سے جلتی ہے جس سے کاربانک ایسڈ اور پانی بنجاتا ہے تہوڑی سی ہوا کے ساتھہ اس سے بہت سے مرکب پیدا ہوتے ہین جنہین سے اسٹیلین بہی ہے ک ۲ ھ ۲ - اگر دس گنا مقدار ہوا کے ساتھہ یا دوگنا اپنے مقدار آکسیجن کے ساتھہ ملائی جاوے اور روشنی اسکے اندر ڈالی جاوے تو اچانک اور سخت صدمہ اور بہڑک پیدا ہوتی ہے اور اسلئے اس گیس سے معدنی کوئلہ کے کانون ہین بڑا ہرج واقعہ ہوتا ہے ساخت مارش گیس کی ڈائیگرام

ہے پانیکی اندر تھوڑی سی حل ہوجاتی ہے زہر قاتل ہے اگر تھوڑی سی مقدار ا
اسکا تنفس کیا جاوے تو فوراً ہلاکت ہوتی ہے جلتے کوئیلہ پرسے یا چونہ کی بھٹیون
کے پاس اکثر اِس سے حادثہ ہوتے ہین آکسیجن کی ہمراہ گرم کرنے سے نیلی شعلہ سے
جلتی ہے اور کاربان ڈائی اکسائیڈ بنجاتی ہے ساخت اِس گیس کی یوڈائیلیبر آلہ
مین آکسیجن گیس کی ہمراہ دریافت کیجاتی ہے سو مقدار کاربانک اکسائیڈ کی اور ۷۰
مقدار آکسیجن کی بجلی کے شعلہ گذرنے پر ۱۲۵ مقدار پیدا کرتی ہین جس مین سے
سو مقدار کاسٹک پوٹاشس مین جذب ہوجاتے ہین اور اسلیئے کاربانک ڈائی
اکسائیڈ ہے اور باقی ۲۵ مقدار خالص آکسیجن کی رہجاتی ہے اسلیئے مقدار کاربان
ڈائی اکسائیڈ پیدا شدہ کی مساوی کاربان نک اکسائیڈ کے ہے جو لیا گیا ہے لیکن
چونکہ کاربان ڈائی اکسائیڈ مین اوسکی مقدار کی برابر آکسیجن ہوتی ہے اِسلیئے کاربان
نک اکسائیڈ مین نصف اوسکی مقدار کی آکسیجن ہوگی یعنی دو مقدار اس گیس کا وزن
۲۸ ہے جس مین ایک مقدار آکسیجن وزنی ۱۶ اور ۱۲ حصہ کاربان مین اسیو جہہ
سے اسکی علامت ک ا ہے

مرکب کاربان اور ہیڈروجن کے

یہہ مرکب بکثرت ہین صورت ہوا سیال اور ثقیل مین پائے جاتے ہین بہت سے
ان اشیاء مین کاربان اور ہیڈروجن اور آکسیجن ہوتی ہے اور کبھی کبھی نٹروجن
یہہ مرکب آرگینک کہلاتے ہین اور اون تمام مرکبون سے جو دیگر عنصر سے بنتے ہین
بکثرت ہوتے ہین بہت اِن اشیاء مین سے نصف جسم نباتات اور حیوانات




Fig. 27.

وزن ذراتی ۲۸ مقدار ۱۴ جب کاربان کو سعدود مقدار آکسیجن مین جلایا
جاوی تو کاربانک اکسائیڈ گیس پیدا ہوجاتی ہے معمولی سرخ انگارونپر بہی یہہ
گیس پیدا ہوجاتی ہے آکسیجن ہوا کے چولہے کے نیچے سے داخل ہوکر کاربان کی
ساتہہ ملجاتی ہے کاربانک ڈائی اکسائیڈ بنجاتی ہے جب سرخ انگارونپر یہہ گیس
پہونچتی ہے تو آکسیجن دور ہوجاتی ہے مثلاً ک ا۲ + ک = ۲ک ا کاربانک
اکسائیڈ چولہے کی چوٹی پر پہونچکر ہوا کے اکسیجن کے ساتہہ یک لخت ملجاتی ہے اور نیلے
شعلہ سے جلتی ہے تب پہر کاربان ڈائی اکسائیڈ بنجاتی ہے خالص طور پر اسکو اسطرح
بناتے ہین کہ آہستہ آہستہ ہوکے کاربان ڈائی اکسائیڈ کے سرخ انگارون کاربان
پر ایک نلی کے اندر داخل کئے جاتے ہین اور مختلف مرکب کاربان سے بہی یہہ پیدا
ہوسکتی ہے مثلاً اگر قلدار اگ زالک ایسڈ کو تیز سلفیورک ایسڈ کے ساتہہ ملاکر
گرم کیا جاوی تو ایک مرکب مساوی مقدار کاربانک اکسائیڈ اور کاربان ڈائی
اکسائیڈ کا پیدا ہوجاتا ہے ڈائی اکسائیڈ کو عرق کاسٹک سوڈا کے ساتہہ ملاکر
علاحدہ کر لیتے ہین جس سے کاربونٹ آف سوڈا بنجاتا ہے نصف مقدار گیس کی دور
ہوجاتی ہے اور باقی خالص کاربانک اکسائیڈ رہجاتا ہے فی الواقع اگ زالک ایسڈ کا
اسوجہ سے ہوتا ہے کہ سلفیورک ایسڈ مین بڑی رغبت جذب کرنے پانیکی ہے اسلئے
اگ زالک ایسڈ جسکی علامت ک ۲ ھ ۲ ا ۴ ہے نکلجاتی ایک ذرہ پانی سے
ک ۲ ا ۳ رہجاتا ہے اور پہر اسکے اجزا آسانی سے علیحدہ ہوجاتے ہین کیونکہ وہ علیحدہ
قایم نہین رہ سکتے کاربانک اکسائیڈ بیرنگ اور بے بو اور بے ذائقہ گیس ہے
جسکا عرق نہین بنایا گیا ہوا سے تہوڑی سی ہلکی ہے اسکا وزن تناسبہ ۹۶۹ء

احتیاط سی تولا جاتا ہی اور تب اس آلہ کو خالص آکسیجن سے پُر کر کے نلی کو بتدریج گرم کیا جاتا ہی گیس
آہستہ آہستہ پلیٹونس کی گذرتی رہتی ہے اور کاربانک ایسڈ پیدا شدہ کو ساتھ لیجاتی ہے گیس تمام
پوٹاش کے اندر جو نلی اور گولو بلبن ہوتا ہے جذب ہوجاتی ہے اور نمی گولہ ف مین جاذب
ہوجاتی ہے آکسیجن گیس کو وقت داخل ہونے اور خارج ہونیکے خشک کیا جاتا ہے اور
زیادتی وزن کی جو نلیون کے اندر واقع ہو ٹھیک مقدار کاربانک ایسڈ پیدا شدہ کی ظاہر
کرتی ہے جو جلنے ہیرے سی پیدا ہو ہیرے کے اندر تھوڑی سی راکھہ یا معدنی مادہ ہوتا ہی
اسکو اصلی وزن ہیرے سے تفریق کردینا چاہیئے تاکہ ٹھیک وزن خالص کاربان
سوختہ شدہ کا معلوم ہوجاوی ہیرے کو پلاٹینم کے پیالہ مین رکھا جاتا ہے جو بعد تجربہ کے
وزن کیا جا سکتا ہے اور مقدار راکھہ کی معلوم ہوسکتی ہے ایک اور احتیاط اس تجربہ
مین یہہ کرنی پڑتی ہے کہ سرخ گرم نلی کو مسامدار اکسائیڈ آف کاپر سے پُر کیا جاتا ہے
جس سے کاربان مانو اکسائیڈ جو نامکمل ہیرے کے جلنے سے پیدا ہو پوٹاش مین سے
بدون جذب کے گذر نہ کرنے اور کاربانک ایسڈ مین اکسائیڈ آف کاپر سے تبدیل
ہوجاوی اسطرح دریافت ہوا ہے کہ ۱۰۰ حصہ مقدار کاربانک ایسڈ مین ۲۷،۲۷ کاربان
اور ۷۲،۷۳ آکسیجن ہوتی ہے اگر ۲۷،۲۷ کو وزن التعادل کاربان پہ اور ۷۲،۷۳ کو
آکسیجن کی وزن پہ تقسیم کیا جاوی تو ۲۷،۲۷ ÷ ۱۲ = ۲،۲۷ اور ۷۲،۷۳ ÷ ۱۶ =
۴،۵۴ یا تناسب تعداد ذرون کاربان اور آکسیجن کا ایک اور دو کا ہے پس علامت
کاربان ڈائی اکسائیڈ کی ک ا ۲ ہی اسلئے گیس کے اندر اسکے حجم کے مساوی آکسیجن ہوتی ہے

بیان کاربانک اکسائیڈ کا

علامت ک ا

نل مین ڈالکر جمایا جاتا ہے یا بذریعہ فورس پمپ کے ایک لوہے کے برتن مین
کثیف کیا جاتا ہے اور برتن کو صفر حرارت پر رکہا جاتا ہے جسوقت مقدار گیس
کی ۳۰ گنا مقدار برتن سے زیادہ ہو جاوے تو ہر ایک ضرب فورس پمپ سے
کچہہ جزو اسکا کثیف ہو جاتا ہے اور برتن بہت جلدی عرق سے پر ہو جاتا
ہے اگر پیچ بٹ کہولا جاوے تو کچہہ جزو اس عرق کا گیس بنجاتا ہے[۵] اور اس
گیس کی بیڈ کنڈکٹر ہونے کے باعث جو ہمیشہ نکلتی رہی ہے بدون ضرر کے
چہوا جا سکتا ہے باوجودیکہ اسکی حرارت منفی ۷۰ درجہ کی ہو اگر انگلیونکے اندر
اسکو دبایا جاوے تو سخت درد پیدا ہوتی ہے اور ایسا آبلہ پڑجاتا ہے جیساکہ گرم
لوہے کو چہونے سے پڑجاتا ہے اسکو ایتہر کے ساتہہ ملایا جاتا ہے اور ہواکش کے
خلا مین رکہا جاوے تو حرارت منفی سو درجہ کی پیدا ہو جاتی ہے اور بڑی مقدار پارہ
کی منجمد ہو سکتی ہے۔ کاربانک ایسڈ کی ساخت ایک معلوم وزن خالص کاربان
مثل ہیرے یا گریف آیٹ کی آکسیجن مین جلانے سے بہت صحت سے معلوم ہو سکتی
ہے اور کاربانک ایسڈ کو جو پیدا ہو وزن کرنا پڑتا ہے وزن کی ہوئی مقدار
ہیرے کی ایک چہوٹے سے پلٹی نم کے پیالہ مین ڈالکر ایک چینی کی نلی مین جسکو
بہٹی کے اندر گرم کرسکتے ہین رکہی جاتی ہے اس نلی کا ایک سرا گیس ہولڈر اور
خشک کرنے والی نلیونکے ساتہہ جنکے ذریعہ سے آکسیجن پہونچایا جاوے جوڑا جاتا
ہے دوسرا سرا بہت سی نلی اور گولونکے ساتہہ جو کاربانک ایسڈ پیدا کردہ شدہ
کو جذب کرلین ملایا جاتا ہے نلی ڈ اور گولہ ی کے اندر عرق پوٹاش اور نلی
الف کے اندر پومس پتہر گندہک کی تیزاب سے تر کیا ہوا ہوتا ہے گولہ اور نلیون

۵ اور اسکا [illegible] مثل برف کی جم جاتا ہے

ھ ک ا ۳ ۲ صح اب تک کبھی علیحدہ نہین ہوا اور فعل جو تب واقع ہوتا ہے اسطرح ظاہر
ہو سکتا ہے ھ ۲ ک ا ۳ + ک ء ا = ک ء ک ا ۳ + ھ ۲ ا سرخ رنگ جو
اس ایسڈ سے لٹمس کاغذ پر پیدا ہوتا ہے خشک ہونے سے دور ہو جاتا ہے
کاربانک ایسڈ گیس سے جلنا اشیاء کا عموماً مثل لکڑی گندھک یا فاسفرس
کی قایم نہین رہتا لیکن بعض دہاتین جب اس گیس مین گرم کیجاوین تو
اسکے اجزاء جلکر متفرق کر دیتے ہین اور آکسیجن کے ساتھہ ملکر اکسایڈ بنیدا
کر دیتے ہین کاربان آزاد ہو جاتا ہے بڑے دباؤ سے اور سرد کرنے سے
کاربانک ایسڈ عرق بنجاتا ہے عرق کاربانک ایسڈ کا بیرنگ اور بڑا اوڑجانیوالا
ہوتا ہے حرارت سے پہیلجاتا ہے اور سو مقدار اس عرق کی ۱۰۶ مقدار ۸۶ درجہ
پر ہو جاتی ہے حالانکہ سو مقدار اس گیس کی صفر سے ۸۶ درجہ تک گرم ہونی
چاہیئے بیشتر اسکے کہ ۱۰۰ مقدار ۱۰۱ مقدار کی ہوجاوین اسلیئے یہہ جسم برعکس
اس قاعدہ کے ہے کہ سیال گیسون سے کم حرارت کے لگنے سے پہیلتے ہین اور
اس سے عمدہ نظیر اس امر کی پائی جاتی ہے کہ سیال بہ تناسب زیادہ پہیلتے
ہین جب دباؤ زیادہ ہو کم دباو پر کم پہیلتے ہین مثلاً پہیلاؤ بانیکا ۱۰۰ درجے
کی حرارت سے اوپر زیادہ ہوتا ہے اور اس سے کم حرارت پر کم مقام جوش
کاربانک ایسڈ عرق کا منفی ۷۸ درجہ ہے اس سے کم حرارت پر بیرنگ برف کیطرح کا
سخت جسم بنجاتا ہے صفر پر لچک اسکے بخار کی ۳۵،۵ دباؤ ہوا کی ہوتی ہے
اور ۳۰ درجہ پر ۷۳،۵ عرق کاربانک ایسڈ گیس کا برتن مین ڈالکر گہانے سے
برتن مین اوپر گیس کے شعلے کے گرم کیا جاوی تو یہہ امر اچھی طرح ظاہر ہو جاتا ہے اِس
تبدیل سیال سے گیس کی حالت مین بڑی مقدار حرارت کی پوشیدہ ہو جاتی ہے
حرارت بھاپ کی جو نکل رہی ہے ویسی ہی ہوتی ہے جیسے کھولتے پانیکی مثل اور
اشیاء کی پانیکو زیادہ حرارت واسطے اپنے وجود کے اوپر گیس کے بہ نسبت سیال
حالت کے درکار ہوتی ہے بمقدار پوشیدہ حرارت بھاپ کی عام طور پر ذیل کے
تجربہ سے دریافت کیجاتی ہے ایک سیر پانی مین صفر حرارت پر بھاپ کھولتے پانی
کی حرارت پر ملائی جاوی تاوقتیکہ پانی جوش مین آجاوے تب دریافت ہو جاتا
ہے کہ تمام کا وزن ۱ء۱۸۷ سیر ہے یعنی ۰ء۱۸۷ پانی نے صورت بھاپ مین حرارت
سو پر ایک سیر پانیکو مقام صفر سے مقام سو حرارت تک گرم کر دیا یعنے ایک سیر بھاپ
سو درجہ حرارت پر ۵ء۳۶ سیر برف جیسی سرد پانیکو سو درجہ تک گرم کر دیگی یا ۵۳۶
سیر پانیکی ایک درجہ تک گرم کر دیگا اسلئے پوشیدہ حرارت بھاپ کی ۵۳۶ اکائی
حرارت کی سمجھی جاتی ہے جب کبھی پانی سے ابخرہ نکلتی ہین یا یہہ صورت گیس مین
تبدیل ہوتی ہے تو حرارت جذب ہو جاتی ہے اور اسقدر حرارت اس سے نکالی
جا سکتی ہے کہ پانی اپنے اوڑنے سے ہی جمایا جا سکتا ہے اس بات کا ثبوت ولاسٹن
صاحب کی کارنیفرس سے ہو سکتا ہے ایک خدار نلی ہوتی ہی جسکے اندر دونون گولے
ہوتے ہین اندر اِسکے پانی یا بخار پانیکے ہوتے ہین ہوا بالکل نہین ہوتی تمام پانی
کو ایک گولے مین کر کے خالی گولے کو مرکب سرد مین رکھنے سے بخار اِسکے اندر
کثیف ہونے لگتا ہے اور اوسیکے مطابق مقدار پانیکا دوسرے گولے مین سے بخار

یہہ سرد ہونا جاری رہتا ہے تاوقتیکہ حرارت اوپر طبقہ کے پانیکی مقام صفر تک انجماد کی
جسکے بعد ایک چھلکا برف کا بنجاتا ہے لیکن اگر مجموعہ پانیکا کافی وسیع ہو تو حرارت
نیچے کی پانیکے ۴ درجہ سے نیچے سرد نہین ہوتی یہی صورت جھیلون اور دریاؤنکے
منجمد ہونے مین واقع ہوتی ہے اوپر کے پانی بتدریج سرد ہوا کے لگنے سے ٹھنڈی
ہوجاتی ہین اور بسبب وزنی ہونیکے ڈوب جاتی ہین اور گرم ہلکا پانی نیچے کا اوپر
چڑھ آتا ہی یہہ عمل ہوتا رہتا ہے جب تک کہ تمام مجموعہ کی حرارت ۴ درجہ کی ہوجاوے
جسکے بعد پھر اوپر کا پانی ہرگز نہین ڈوبتا خواہ کیساہی وہ سرد ہوجاوی کیونکہ پھر یہہ نیچے
کے پانی سے جو ۴ درجہ پر ہے ہمیشہ ہلکا رہتا ہے اسیوجہہ سے برف اوپر پیدا ہوتی
ہے اور مجموعہ پانی کی حرارت ۴ درجہ پر رہتی ہی اگر پانی بھاری ہوتا جاتا جب وہ مقام
انجماد تک سرد ہوتا رہتا تو ایک ہیئت کا دورہ قایم ہوجاتا تاوقتیکہ تمام مجموعہ کی
حرارت مقام صفر تک پہونچ جاتی جب تمام پانی جم جاتا اسوجہہ سے جھیلین اور دریائونکا
مجموعہ سخت اجسام برف کی بنجاتی جسکے پگھلانے کے لئے گرمیون کی حرارت بالکل
غیر مکتفی ہوتی سردی ہمارے معتدل ملکون کی شدت مین قطبی ملکون کی سردی
کے قریب قریب ہوجاتی سمندر کا پانی مجموعاً کبھی منجمد نہین ہوتا کیونکہ اسکا عمق بہت
ہے جس سے تمام مقام انجماد تک سرد نہین ہوتا ہی ویسی عمیق جھیلین انگلستان مین
کبھی منجمد نہین ہوتین کیونکہ تمام پانیکی حرارت ۴ درجہ تک نہین پہونچتی

جب پانی صورت سیال سے صورت گیس مین تبدیل ہوتا ہی تو اُس سے کئی ضروری
اور مفید باتین دیکھنے مین آتی ہین اول جب پانیکو ۱۰۰ درجہ تک گرم کیا جاتا ہی
تو یہہ جوشش مین آتا ہے یعنی اس سے پانیکی بخار یا بھاپ جلد نکلنے شروع ہوتے

سکڑنے لگتا ہے جو عام قاعدہ سے شاذ ہے یعنے وقت گرم ہونے کے اشیا پہیلتی
ہین اور سرد ہونے پر سکڑ جاتی ہین ۴ درجہ سے صفر تک سرد ہونے مین پہیل
جاتا ہے سو درجہ سے اوپر پانی اس قاعدہ کے مطابق عمل کرتا ہے پہیلتا ہے
جب گرم کیا جاوے سکڑتا ہے جب سرد کیا جاوی یہہ خصوصیت سکڑنے اور پہیلنے
پانیکی اسطرح پر بتائی جا سکتی ہے کہ مقام کثافت اعظم پانیکا ۴ درجہ تک ہے
یعنے ایک مقرر حجم پانیکا اس حرارت پر بہ نسبت کسی اور حرارت کے زیادہ
وزنی ہے اگرچہ مقدار صفر سے سکڑنے کے ۴ درجہ تک گرم کرنے مین تہوڑی سی
ہے (ایک مقدار) پانیکی ۴ درجہ پر ۱۲ ۰۰۰۱ مقدار صفر حرارت پر ہو جاتی ہے تاہم اس
سے ایک مفید تاثیر انتظام دنیا مین ہوتی ہے اگر اس ظاہرا ناچیز خواص کا ذریعہ
ہوتا تو ہمارا ملک بالکل قطبی ملک بنجاتا اور یورپ مین بہی بود و باش مثل جزایر ملول
کی احتمال سے بعید ہوتی اسبات کو اچہی طرح سمجہنے کے لئے کیا قباحت پیش آتی اگر
پانی معمولی قاعدہ پہیلاؤ کے تابع ہوتا ذیل کا تجربہ کیا جا سکتا ہے ایک برتن پانیکا
بہرا ہوا ۴ حرارت پر لینا چاہیئے اور ایک مقیاس الحرارت اوپر رکہنا چاہیئے
جہان حرارت مقام انجماد سے نیچے ہے اب حرارت اوپر کی اور نیچے کے مقام
کی دیکہنی چاہیئے یہہ ظاہر ہو جاویگا کہ اوپر کا مقام عرق کا نیچے کے مقام سے گرم ہے
چند عرصہ کے بعد دونون مقیاس الحرارت ۴ درجہ پر آجاوینگی اور جیسے
پانی زیادہ سرد ہوتا ہے ویسے ہی دیکہا جاویگا کہ مقیاس الحرارت اوپر کا کم
حرارت نیچے کی مقیاس الحرارت سے ظاہر کرتا ہے اس سے یہہ نتیجہ نکالتے
ہین کہ پانی اوپر یا نیچے ۴ درجہ کے اوس پانی سے جو ۴ درجہ پر ہو ہلکا ہوتا ہے

° اور ایک نیچے پانی مین رکہنا چاہیئے اور کل برتن کو ایک ایسی جگہ رکہنا چاہیئے

صرف کافی واسطے پگہلانے برف کی ہتی لیکن اوس سے حرارت پانیکی جو اسقدر سے
پیدا ہوا ایزاد نہو گی ہمین معلوم ہوتا ہے کہ سخت حالت سے سیال مین بدلنے
کے لئے مقررہ وزن پانیکا اتنی حرارت جذب کر لیتا ہے یا پوشیدہ کر لیتا ہے
جو اوسی وزن پانی کو ۷۹ درجہ تک گرم کرے حرارت پوشیدہ پانی کی اسلئے
۷۹ اکائی حرارت کی کہی جا سکتی ہین اکائی حرارت سے مراد مقدار حرارت کی
ہے جو اکائی وزن پانی کو ایک درجہ کی اثنا مین گرم کرے جب پانی منجمد ہوتا ہے
یہہ مقدار حرارت کی جو پانیکو صورت سیال مین رکہتی ہے حرارت مائیت کی کہلاتی
ہے ظاہر ہو جاتی ہے ویسے ہی گم ہو جانا حرارت کا وقت تبدیل حالت سخت سے
سیال مین اور ویسے ہی نکل آنا حرارت کا جب سیال صورت سخت مین آجاوے
تمام اشیا مین واقع ہوتا ہے مقدار پوشیدہ ہونے اور نکلنے حرارت کی مطابق
اصلیت شی کے بدلتی رہتی ہے اسبات کو ثابت کرنے کے لئے گرم عرق سلفٹ
آف سوڈا کا لیلو اور اوسکو گرم کرو اگر اوسکو ہلایا نہ جاوے تو صورت سیال مین
رہتا ہے اگر ہلایا جاوے تو یکلخت اوسکی قلمین بننے لگتی ہین اور چند لحظہ کے
عرصہ مین سخت چکہ اوسکا بنجاتا ہے اگر ایک نازک مقیاس الحرارت اس نمک کے
اندر اوسکے اثناء انجماد مین رکہا جاوے تو اچانک حرارت بڑہتی ہوئی دیکہی
جاتی ہے ویسے ہی پانی ٹہرا کر سرد کیا جاوے تو مقام صفر کے نیچے تک
بدون منجمد ہونے کے سرد ہو جاتا ہے لیکن اگر اوسکو ہلایا جاوے تو یکلخت
منجمد ہو جاتا ہے اور حرارت کل مجموعہ کی مقام صفر پر چڑہ آتی ہے پانیکو
جب صفر سے ۷۹ درجہ تک گرم کیا جاوے تو یہہ دریافت ہو چکا ہے کہ یہہ

کے اوپر صورت گیس مین بالکل بدل جاتا ہے جب دباؤ ہوا کا ۷۶۰ میلی میٹر ہو
مقام پگہلنے برف کا ہمیشہ ایک مستقل مقام حرارت پر واقع ہوتا ہے اور اسلئے
یہہ مقام صفر سنٹی گریڈ کی پیمانہ کا ہے پانی تاہم بعض حالتون مین صفر حرارت سے
نیچے بہی بدون منجمد ہونے کے سرد کیا جاتا ہے لیکن برف صفر مقام کے اوپر حرارت
پر اپنی صورت مین قایم نہین رہ سکتی ہے برف جب پانی بنتی ہے تو ضخامت اوسکی کم
ہو جاتی ہے اور جب وہ منجمد ہوتی ہے اچانک پہیل جاتی ہے مثلاً اگر پانی
کی ضخامت اول منجمد ہونے کے مساوی ایک کے ہو تو بعد منجمد ہونے کے مساوی
۱٫۰۹ ہو جاتی ہے اس پہیلاو سے بڑا زور پیدا ہوتا ہے اور یہہ بہی وجہہ ہے
کہ اکثر پتہر اور پہاڑ موسم سردی مین پہٹ جاتے ہین پانی شگاف اور سوراخون
پہاڑ اور پتہر مین سرایت کر جاتا ہے منجمد ہونے پر ان شگافون کو بڑہا دیتا ہے
یہہ عمل مکرر کرر واقع ہونے سے آخر کار پتہر اور پہاڑ کی ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے
ہین مخلخل گولی موٹے خام لوہے کی پانی سے بہر کر صفر مقام سے جب نیچے سرد
کئے جاوین بشرطیکہ اونکے منہہ کو بند کیا جاوے تو پہٹ جاتی ہین نہ صرف وقت
تبدیل برف سے پانی مین پہیلاو ہوتا ہے بلکہ حرارت کا کم ہونا یا جذب ہو جانا
بہی ایک عمدہ طور پر ظاہر ہو سکتا ہے فرض کرو کہ ہم ایک پونڈ پانی مقام صفر پر لیوین
اور دوسرا پونڈ پانی کا حرارت ۷۹ پر لیوین اور دونون کو ملا دین تو مرکب کی
حرارت اوسط یا ۳۹٫۵ ہو گی لیکن اگر ایک پونڈ برف حرارت صفر پر لیجاوے
اور ایک پونڈ پانی حرارت ۷۹ پر لیا جاوے اور دونون کو ملایا جاوے تو
حرارت دونون پونڈ کی صفر پر ہی رہیگی یعنے عام حرارت پر جو گرم پانی نہین تہی




Fig. 14.




Fig. 13.

سے جو اِس طرز پر کئے گئے ہین جنکی تفصیل کرنی لاحاصل ہے معلوم ہوا ہے کہ ۸۸۸۸ حصہ آکسیجن بحساب ہوزن ۱۱۱۱ حصہ ہیڈروجن کے ساتھہ ملکر ۱۰۰ حصہ پانی پیدا کرتے ہین آزاد آکسیجن اور ہیڈروجن آپسمین ملجاتی ہین جب ایک جلتی ہوئی لکڑی اونکے اندر ڈالیجاوے اور ایسا سخت اور خطرناک بھڑکنا گیسونکا اچانک پہیلاوسے جو وقت اتصال حرارت کے پیدا ہو واقع ہوتا ہے کہ اوسکے جوشکا بیان کرنا محال ہے اگر ایک مضبوط سوڈے کی بوتل کو ایک ⅓ اسکے مقدار آکسیجن اور دو ⅔ مقدار ہیڈروجن سے پر کیا جاوے اور پھر اوسکے اندر شعلہ ڈالا جاوے تو گیسین اچانک بہڑک اوٹہنے سے آواز مثل چلنے پستول کی پیدا کرتی ہین اکثر آدمی جنہون نے بے احتیاطی سے اِن بہڑک و اٹہنے والے مرکبونکا تجربہ کیا ہے ضایع ہوئی ہین حرارت جو اِن دونون گیسون کی ملنے سے پیدا ہوتی ہے ظاہر کرنیکے لئے آکسی ہیڈروجن بلوپائپ یا پہوکنی استعمال کیجاتی ہے اِسمین دونون گیسین علیحدہ علیحدہ دو تہیلون اندیا ربڑ مین بہری جاتی ہین اور ایسے موقع پر پہر ملائی جاتی ہین جہان اونکا اتصال مناسب ہو جس سے اونکا بھڑک اوٹہنا بچایا جاتا ہے شعلہ جو اسطرح سے پیدا ہو کم روشن ہے لیکن جو حرارت اسطرح پیدا ہو نہایت عظیم ہے بڑی مشکل پگہلنے والی دہاتین مثل پلاٹنم کی پگہل جاتی ہین اور لوہا ایسا اوسمین جلتا ہے کہ راکہہ ہو جاتا ہے اور اکسائڈ آف آئیرن بنجاتا ہے ٹکڑا کہریا مٹی کا اسمین جب رکہا جاوے تو گرم ہو کر سفید اور تیز روشنی پیدا کرتا ہے

دنیا مین تین حالتون مین پانی پایا جاتا ہے برف۔ پانی۔ اور بہاپ ہر حرارت کے درمیان صفر اور سو درجہ کے پانیکی صورت مین پایا جاتا ہے سو درجہ کی حرارت

کاپر کو گرم کیا جاوی تو کچھہ بہی اوسکی اکسیجن جدا نہین ہوتی لیکن جب اوسکو
بھوجوگی ہیڈروجن کے گرم کیا جاوے تو اتنی اکسیجن اوسمین سے علیحدہ
ہوجاتی ہے جو ہیڈروجن کے ساتہہ وصل ہوکر پانی بنا دے گی اکسائڈ آف
کاپر کل یا جزو دہات مین تبدیل ہوجاویگا اب اگر ایک معین وزن اکسائڈ آف کاپر کا
لیکر گرم کیا جاوے اور ہیڈروجن اوسپر گذاری جاوی جب تک کہ تمام
اکسیجن اوسمین سے علیحدہ ہوجاوی اور ہم پانی کو جو بن گیا جمع کرکے وزن کرلین
اور نیز باقی دہات کاپر کو بہی وزن کرلین تو ہم اِس اتصال سے بحساب وزن پانی
اور تانبا بنا لیا کمی وزن اکسائڈ آف کاپر مین وزن اکسیجن کا ہے جو ہیڈروجن سے
ملکر پانی بن گئے اور حاصل تفریق اِس وزن اور وزن پانیکے درمیان وزن
ہیڈروجن کا ہی ہیڈروجن جو گندہک کی تیزاب اور جست کو بوتل مین ملانے سے
پیدا ہوتی ہے یا سنکیا گندہک اور نمی ہی جو اوسکے اندر ہو خمدار نلیون کے اندر سے
گذار کر جنکے اندر جاذب اشیا پڑے ہوں صاف کی جاتی ہین اور یہہ نلیین سات
تعداد مین ہین آٹہوین نلی کے اندر ایک پانی جذب کرنیوالی شی رکہی جاتی ہے
جسکا اول اور بعد تجربہ کے وزن معلوم کیا جاتا ہے اگر کچھہ ایزادی واقع ہو تو خشک
ہونا ہوا کا ثابت ہوجاتا ہے اور یہہ گیس تب بالکل خالص صورت مین گرم اکسائڈ
آف کاپر کی اتصال مین آتی ہے جو گولی الف کے اندر پڑی ہے اِس پہلی گولی کو
تو ٹہیک تولکر دوسری گولی ب کی ساتہہ جوڑا جاتا ہے جسکے اندر پانی بنکر جمع ہوجاتا
ہے کوئی نمی جو منجمد ہوسکے خشک وزن کی ہوئی نلی ۹ اور ۱۲ مین جنکے اندر پومس
گندہک کی تیزاب سے تر کیا ہوا پڑا ہے جذب ہوجاتی ہے نہایت با احتیاط تجربون




Fig. 12.



Fig. 11.

یہہ بہی و کہا یا جا سکتا ہی کہ مقدار پانیکے بخارون کی ٹہیک سو مقدار کی جگہہ
گہیرتی ہین یعنے دو مقدار ہیڈروجن کی ایک مقدار آکسیجن سے ملکر دو مقدار
بہاپ کی بناتی ہے اِسلئے کثافت بہاپ یا وزن ایک مقدار کا $\frac{16+2}{2}=9$ کے
ہے نہایت عمدہ طریق دکہلانے ساخت پانیکا تحقیقات سے اوسکی گیسونکو علیحدہ
کرنیکا بذریعہ بجلی کیمیائی کے ہے ایک گلاس کے برتن کو پانی گندہک کے تیزاب سے
ترش کرکے پر کرنا چاہیئے جس سے بجلی آمدرفت کرسکے اور دو چہوٹے گلاس
کی نلیئن پانی سے پر کرکے اوسی برتن مین پلٹنم کے ورقونپر جو تارون کے ساتہہ
لگے ہون اولٹا کر رکہنا چاہیئے جب ان تارون کو ساتہہ انجام گردس بیٹری کے
لگایا جاتا ہے تو گیس ہر ایک ورق کے پاس نکلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے وہ جو
پلٹنم کے سرے سے نکلتی ہے خالص آکسیجن ہوتی ہے اور وہ جو جست کیجانب لگی ہوتی
ہے خالص ہیڈروجن ہوتی ہی اگر نلیون پر پیمانہ لگا ہوا ہو تو معلوم ہوتا ہے کہ مقدار
ہیڈروجن کی آکسیجن سے دوچند سے زیادہ ہے کیونکہ آکسیجن پانی مین زیادہ
حل ہوجاتی ہے اِسلئے ٹہیک مقدار انکی نہین حاصل ہوتی واسطے جمع کرنے ملے
ہوئے گیسونکے جو اِس بجلی کی ترکیب سے پانیکے اجزا سے متفرق ہوتی ہے
ایک ذیل کے آلہ کام مین لایا جاتا ہے آکسیجن ۱۶ گنا ہیڈروجن سے بہاری ہے
اور یہہ گیسین بنانے کے لئے بہ تناسب مقدار ایک حصہ آکسیجن اور دو حصہ
ہیڈروجن آپسمین ملتے ہین ہمکو معلوم ہے کہ بہ تناسب وزن جسمین کہ یہہ
گیسین پانی کے اندر موجود ہین ۱۶ اور دو کا ہے اِس تجربہ کے حساب کی تعدیل
نہایت ضروری ہے اِسلئے اِس امر کا فایدہ اوٹہایا جاتا ہے کہ جب اک ٹیڈآف

دوسرا بند اور اوسمین دو پلیٹنم کی تار ہی پگہلی ہوئی ہوتی ہین اِس نلی کو
پارہ سے پُر کر کے ایک پیالہ مین جسکے اندر یہہ دھات پڑہی ہوئی ہو رکہدیتے
ہین ہیڈروجن گیس نلی مین داخل کیجاتی ہے اور اوسکی مقدار اندازہ کیجاتی
ہے فرض کرو ۱۰۰ مقدار آکسیجن گیس ازان بعد اوسی نلی مین ڈالیجاتی ہے اوکی
مقدار دونون گیسون کی دیکہی جاتی ہے فرض کرو ۱۰۰ مقدار آکسیجن گیس کی ملائی
گئی اِس تجربہ کے کرنے مین حرارت اور دباؤ ہوا کو بہی دیکہ لینا چاہیئے یہہ بہی
احتیاط کرنی چاہیئے کہ نلی دونون گیسون سے نصف سے زیادہ پُر نہ ہو
کیونکہ جلنے گیسون سے بہت حرارت اور اچانک پہیلاؤ مقدار کا واقع ہوتا ہے
جسکے لئے ضرور ہے کہ کہلا سرا نلیکا ایک پردہ کوچک سے جو پارہ کے نیچے
پڑا ہو ڈہکا جاوے بجلی کا شعلہ گیس کے اندر سے بذریعہ پلٹنم کی تارون کے گذارا
جاتا ہے جب ایک شعلہ گیس سے گذرتا ہوا نظر آتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے
اتصال واقع ہوا اور پانی پیدا شدہ بطور شبنم کے نلی کے اندر کیجانب جمع
ہو جاتا ہے اور تقریب $\frac{1}{2000}$ حصہ ضخامت مرکبہ گیسون کے جگہہ گہیر لیگا پس
اسکی ضخامت کا چندان خیال نہین رہتا کیونکہ ضخامت مرکبہ گیسونکی بیشتر
اتصال کیمیاویگی ۲۰۰۰ تہی اب صرف ایک کی مساوی پانی کے بننے سے رہگئی
جب پیندا یوڈائی میٹر کا کہولا جاتا ہے تو پارہ نلی مین چڑہ آتا ہے اور یہین
معلوم ہوتا ہے کہ صرف ۲۵ مقدار گیس کی باقی ہے جو خالص آکسیجن ہوتی ہے
اس سے یہہ معلوم ہوا کہ ۱۰۰ مقدار ہیڈروجن کی کامل طور پر جلانے کے لئے
۵۰ مقدار آکسیجن کی پوری پوری مطلوب ہوتی ہے ایک تبدیل تجربہ سے



Fig. 10.

بیان ہیڈروجن کے اکسایڈ کا

صرف دو مرکب آکسیجن اور ہیڈروجن سے ہمین آگاہی ہے مثلاً پانی یا ہیڈروجن مانواکسایڈ علامت ھ٢ا وزن مرکب ١٨ مقدار ٩ دوم ہیڈروجن ڈایڈاکسایڈ ھ٢ا٢ الف - وزن مرکب ٣٤

بیان پانی

جب ہیڈروجن ہوا کے اندر جلائی جاتی ہے تو پانی اتصال ہیڈروجن اور آکسیجن سے بنجاتا ہے ساخت پانیکی ١٧٨١ء مین کیونڈش حکیم نے معلوم کی اوسنے ثابت کیا کہ دو مقدار ہیڈروجن کے ایک مقدار آکسیجن کے ساتھہ وصل ہو جاتی ہے اور پانی بنجاتا ہے اوسنے مرکب اِن گیسونکا اسی تناسب مین خشک برتن مین جسکا نقشہ ذیل مین ہے اور جس سے ہوا پہلے بذریعہ ہوا کش نکالی گئی تہی داخل کیا بذریعہ دو پلیٹنم تارون کے جو گلاس کے جسم کے ساتھہ پگہلی ہوئی ہین بجلی کا شعلہ مرکب گیسون کے اندر ڈالا گیس بہڑک کر مل گئین شبنم اوپر اطراف برتن کے جم گئی اور جب پیچ پانی کے اندر کہولا گیا تو تمام جگہ جس مین مرکب گیسین پہلے تہین پانی داخل ہو گیا کیونڈش نے گلاس کو اول اور بعد بہڑکنے گیسونکے تول لیا چونکہ وزن گیسونکا جو لی گئین تہین معلوم تہا اوسنے دریافت کیا کہ وزن پانیکا جو بن گیا وہی ہے وصل شدہ گیسونکا تہا اوس حال سے بعد ٹہیک بناوٹ پانیکے بہت نتیجہ تحقیقات سے تصدیق اِس امر کی ہو چکی ہے ان تحقیقات مین سے صرف ایک تبدیل اول تجربہ کی ہے اِس مطلب کے لئے ایک لمبی ٹہیک منقش کی ہوئی مضبوط گلاس کی نلی جسکو یوڈیومیٹر بولتے ہین ایک سرا اوسکا کہلا ہوتا ہے

رکہی گئی ۵٫۹۲ گیس کے اوسقدر عرصہ مین جاتی رہے جسقدر عرصہ مین کاربانک ایسڈ گیس کی بوتل مین سے ۷٫۴ فیصدی اوڑ گئی گیسین باریک سام بعض سخت جسمونکے ذریعہ سے آمیزش پاتی رہتی ہین مثلاً اسٹکو یا باریک ورق گرگی فائیٹ مختلف آمیزش ہوا اور ہیڈروجن کی اسطرح معلوم ہوسکتی ہے ایک باریک مگر اسٹکو کا ایک سرے نلی مین باندہا جاوے دوسرا کہلا رہے اِس نلی کو ہیڈروجن سے پرکرکے اور اولٹا کرکے پانی مین رکہہ دینا چاہیئے جس سے بتدریج صعود نلی مین پانیکا دیکہا جاتا ہے اور چند عرصہ کے بعد تمام ہیڈروجن دور ہوجاتی ہے اور نلی مین صرف خالص ہوا پائی جاتی ہے۔ تجربات سے اچھی طرح ثابت ہوچکا ہے کہ تیزی آمیزش مختلف گیسون کی برعکس جذر گیسون کے وزن متناسبہ کی ہے مثلاً ۴ مقدار ہیڈروجن کی چہلے مین سی اوسیقدر عرصہ مین گذر جاویگی جسمین کہ ایک مقدار آکسیجن کی آکسیجن ۱۶ گنے ہیڈروجن سے بہاری ہے یہ خواص گیسونکا ضروری تعلق ہوا قصبات اور مکانات بود و باش کے ساتھہ رکہتا ہے جو اس خواص آمیزش گیسون سے ہیبت صاف ہوجاتے ہین ذیل کے نقشہ سے مقدار آمیزش گیسون کی معلوم ہوجاتی ہے بمقابلہ ہوا کے جسکی طاقت آمیزش مساوی ایک کے ہے اور اوسکا وزن متناسبہ بہی بطور ایک کے فرض کیا گیا ہے۔

	وزن متناسبہ ہوا	جذر وزن متناسبہ	مقدار آمیزش ہوا
ہیڈروجن	۰٫۰۶۹۲۶	۳٫۷۷۹	۳٫۸۳
نیٹروجن	۰٫۹۷۱۳	۱٫۰۱۵	۱٫۰۱۴
آکسیجن	۱٫۱۰۵۶	۰٫۹۵۱۰	۰٫۹۴۹
کاربون ڈائی اکسائیڈ	۱٫۵۲۹۰	۰٫۸۰۸۷	۰٫۸۱۲

آکسیجن کی پیدا کرتے ہین اور ایک لیٹر آکسیجن کا صفر حرارت سینٹی گریڈ پر اور ۷۶۰ میلی میٹر پارہ پر کمو بہ ۱٫۴۲۹۸ گریم وزنین ہوتا ہے اب ہم سوال کرتے ہین کہ ۱ لیٹر آکسیجن کا وزن کیا ہوگا اگر اوسکا اندازہ ۱۵ درجہ حرارت سینٹی گریڈ اور دباؤ ۷۵۲ میلی میٹر پر کیا جاوے ۱۰ × ۷۶۰ × (۲۷۳ + ۱۵) / ۲۷۳ × ۷۵۲ = ۱٫۰۶۶۱۰ ۱۵ درجہ کی حرارت اور ۷۵۲ میلی میٹر پر ہوگا اسلئے اگر ۱ لیٹر کا وزن صفر حرارت اور ۷۶۰ میلی میٹر پر ۱٫۴۲۹۸ گریم ہے تو ۱ لیٹر کا وزن ۱۵ درجہ حرارت اور ۷۵۲ میلی میٹر پر ۱٫۴۲۹۸ / ۱٫۰۶۶۱۰ = ۱٫۳۴۱۱ گریم بعد اوسکے ہمکو دریافت کرنا ہی کہ کتنے گریم کلوریٹ آف پوٹاشس کی یہہ وزن آکسیجن کا پیدا کریگی چونکہ ۱۲۲٫۶ کلوریٹ کے ۴۸ حصہ آکسیجن کی پیدا کرتے ہین اسلئے ہمکو ضرورت ۱۲۲٫۶ × ۱٫۳۴۱۱ / ۴۸ = ۳٫۴۲۵ گریم کلوریٹ کی ہوگی اسی طریق سے ہم وزن جست اور گندھک کی تیزاب کا حساب کر سکتے ہین جو ایک غبارہ کو ہیڈروجن کے ساتھ پر کرنے کے لئے مطلوب ہو جسمین غبارہ کی گنجائش ۱۵۰ لیٹر مکعب ہو حرارت ۱۱ درجہ سینٹی گریڈ اور دباو ۷۶۳ میلی میٹر پر ہو

بیان آمیزش گیسون کا

دوسرے ظاہرا خاصیت گیسون کی آمیزش ہی گیسین جو آپسمین ملائی جاتی ہین کیمیائی طریق پر مرکب نہین ہو جاتی بلکہ آپسمین طاقت ملجانے کی رکھتی ہین خواہ اونکا وزن مناسب مختلف ہو جب بھاری گیس کو نیچے اور ساکن کہا جاوے اس ضرور ہی خواص کو طاقت آمیزش گیسون کی بولتے ہین مقدار جسمین گیسین آپسمین آمیزش پاتی ہین بہت مختلف ہے مثلاً ایک بوتل ہیڈروجن مین سے جب کھلے کرتے ہین

سے رکھتا ہے مثلاً حجم ایک دباؤ ایک کا حجم دو دباؤ نصف پر ہو جاتا ہے حجم

تین دباؤ ہے تہائی پر دباؤ دو پر ہو جاتا ہے علی ہذا القیاس - پیمانہ کہ جس سے دباؤ

ہوا کا اندازہ کیا جاتا ہے بارامیٹر یا پیمانہ دباؤ ہوا کا کہلاتا ہے سادہ قسم ایک سیدہی

گلاس کی نلی کا بنا ہوا ہوتا ہے جو ایک طرف سے بند ہوتی ہے ۳۳ انچ طول مین

اور اوسپر ایک پیمانہ میلی میٹر کا لگا ہوا ہوتا ہے اس نلی کو سانہہ خشک پارہ کے پر کیجاتا

ہے اور کہلی سرے کو ایک پیالہ مین کہ جسکے اندر پارہ پڑا ہوا ہو الٹا کر رکھتے ہین تب

یہہ دیکہا جاتا ہے کہ پارہ نلی مین نقطہ ۷۶۰ میلی میٹر تک قایم رہتا ہے اور پارہ اس بلندی

تک بسبب دباؤ ہوا بیرونی کے قایم رہتا جبتک دباؤ بڑہتا ہے تو بلندی پارہ کی بہی بڑہتی جاتی

ہے اور جب دباؤ ہوا کا کم ہو جاتا ہے تو بلندی پارہ کی نلی مین کم ہو جاتا ہے تمام

گیسین جو زمین کے سطح پر پیدا ہوتی ہین اس دباؤ کی تابع ہین ان کی مقدار کم

بیش اسی قاعدہ پر ہوتی ہے مقدار ہیڈروجن کے اندازہ کرنے کے لیئے جو مقسم

حرارت

وزن جست اور گندہک کی تیزاب سے جمع کیجاتی ہے یہہ ظاہر ہے نہ صرف

معلوم کرنی ضرور ہوتی ہے بلکہ دباؤ ہوا بہی جبپر کہ اسکو جمع کرنا ہوتا ہے ضرور ہے

اسلیئے تمام مقدار گیسون کی مقابلہ کرنیکے لیئے حرارت صفر سینٹی گریٹ اور دباؤ

۷۶۰ میلی میٹر پارہ پر کرنے ضرور ہے فرض کرو کہ ہم یہہ دریافت کرنا چاہتے ہین کہ کیا

وزن کلوریٹ آف پوٹاشس کا آکسیجن گیس بنانے کے لیئے جو گیس ہولڈر ۱۰

لیٹر کی گنجایش کو پر کرے درکار ہوگا جب حرارت کمرے کی ۱۵ درجہ سینٹی

گریڈ کی ہو اور دباؤ ہوا کا ۷۵۲ میلی میٹر

ہمین معلوم ہے کہ ۱۲۲٫۶ حصہ بحساب وزن کلوریٹ آف پوٹاشس کے ۴۸ حصہ



1
2
3
4
5
6
7
8
9
10



Fig. 9.

پہیلتی ہین پہیلاو وتقیل اور سیال مادہ سی علم کیمیا ہین ہمین سروکار ہوتا ہی لیکن واقفیت اُن قاعدون کی جنکی تابع پہیلاو گیسونکا ہے نہایت ضرور ہی یہہ ٹہیک تجربہ سے ثابت ہوچکا ہے کہ تمام گیسین $\frac{1}{273}$ حصہ اپنے مقدار کا صفر سے ہر درجہ سینٹی گریڈ کے لئے پہیلتے ہین مثلاً

۲۷۳ مقدار ہوا یا ہیڈروجن گیس کے ایک درجہ حرارت پر ۲۷۴ مقدار مین ہوجاتی ہے و دو درجہ پر ۲۷۵ اکو ۳ درجہ پر ۲۷۶ اکو ۴ درجہ پر ۲۷۷ علے ہذالقیاس کسور اعشاریہ مساوی ہی $\frac{1}{273}$ کے صفر ۰٫۰۰۳۶۶ جب ایکدرجہ تک اِسکو گرم کیا جاوے اِسی کسر کو شمار کنندہ گیسونکا بولتے ہین جب مقدار جو ایکہزار مکعب سینٹی میٹر ہیڈروجن کی صفر حرارت پر اندازہ کی ہوئی معلوم کرنی ہو جب اوسکی حرارت ۲۰ تک ہوجاوے تب ہمین یاد رکہنا چاہیئے کہ تبدیل جسم کی بہ تناسب ذیل واقع ہوگی جو ۲۷۳ کو ۲۷۳+۲۰ سے ہے اور باقی عمل اربعہ متناسبہ سے ہوسکتا ہے اور جب کسی گیس کا حجم ۲۰ درجہ حرارت تک معلوم ہو تو صفر مقام تک معلوم کرنے کے لیئے وہی قاعدہ ملحوظ رہتا ہے تناسب حجم گیسونکا دباؤ سے جب گیس کو زیادہ دبایا جاوی تو اوسکا حجم کم ہوجاتا ہے اور جب دباؤ دور کیا جاوی تو پہر وہ اپنے حجم پر پہیلکر آجاتی ہے اور وہی مقدار پیدا کرتی ہے جو اوسکا پیشتر زیادہ دباو کے تہا سخت اور سیال جسم اسطرز پر نہین دبائی جاسکتی گیسین اسلئے ایسے جسم ہین جو قابل دبنے کے ہین سیال کم دب سکتے ہین اور وقت رفع ہونے دباؤ کے اپنی اصلی صورت پر آجاتے ہین قاعدہ تناسب حجم اور دباؤ گیسونکا ایک نہایت آسان ہے اور اس قاعدہ کو میریٹ کا قاعدہ بولتے ہین قاعدہ یہہ ہے کہ حجم گیس کا برعکس تناسب دباؤ

مقام منجمد ہونے پانی پر لگایا جاتا ہے سنہ سہ سو کا مقام جوشش پر کچھہ درجہ مساوی نہین کے مقام جوشش کے اوپر اور کچھہ نیچے ہوتے ہین وہ جو مقام منجمد کے نیچے ہوتے ہین علامت منفی سے پہچانے جاتے ہین فیرن ہائٹ نے اس فاصلہ کو ۱۸۰ مساوی حصہ مین تقسیم کیا ہے اوسنے مقام منجمد ہونے پانیکا ۳۲ درجہ کہ اسوجہہ سے قرار دیا غلط ہے کہ مرکب برف اور نمک مین پارہ ۳۲ درجہ مقام منجمد سے نیچے سکڑ گیا ہے اس پیمانہ کے رو سے منفی درجہ مقام صفر سے نیچے درجون کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اِس پیمانہ کا استعمال انگلستان مین ہے لیکن یہہ ایسا مفید نہین ریاموُر کا پیمانہ روس اور سوئیڈن مین جاری ہے یہہ مثل سینٹی گریڈ کی ہے لیکن فاصلہ درمیان مقام منجمد اور جوشش کے ۸۰ حصو مین مساوی تقسیم کیا گیا ہے نسبت اِن تینون پیمانہ کی مقابلہ سے معلوم ہو جاتی ہے مثلاً ۹ و ۵ و ۴ کی جب فیرن ہائٹ سے درجہ سینٹی گریڈ یا ریاموُر کے درجہ فیرن ہائٹ مین انتقال کئے جاوین واسطے ٹھیک اندازہ کرنیکے کئی احتیاطین کرنی چاہیئن وقت درجہ لگانے اور استعمال کرنے مقیاس الحرارت کے مثلاً کوئی بے قاعدہ صورت سوراخ نلی کی اگر زیادہ ہو تو دیکھہ لینی چاہیئے اور تغیر تبدل مقام منجمد کا بھی وقتاً فوقتاً دیکھنا چاہیئے مختلف پارہ کی مقیاس الحرارت اپنے اندازون مین ذرا فرق بباعث مختلف پہیلاوٴ شیشہ کے دکھلاتے ہین اِسلئے ٹھیک تجربہ کے لئے مقیاس الحرارت کو کام مین لانا چاہیئے

پہیلاوٴ گیسون کا بباعث حرارت

ثقیل اور سیال جسم مساوی ایزادی حرارت سے گیسون کی نسبت کم پہیلتے ہین اور یہہ جسم مختلف طور پر پہیلتے ہین حالانکہ گیسین یکسان پہیلتی ہین یا تقریباً یکسان



Fig. 8.

کیونکہ مقدار اِسکے پہیلنے کی مساوی رہتی ہے سوا اِسکے اندازہ بڑی حرارت کا
بہی پارہ کی مقیاس الحرارت سے ہو سکتا ہے پارہ بہت بڑی حرارت پر جوش
مین آتا ہے اور اچھی خوب سردی پر جم جاتا ہے الکوہال نہایت سردی کے لئے
استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ کسی قسم کی سردی مین یہہ منجمد نہین ہو سکتا مقیاس الحرارت
سوائی صرف تجربات نازک کے لئے علم طبعی مین کام آتا ہے واسطے بنانے مقیاس الحرارت
پارہ کے ایک سپید ہی نلی گلاس کی جسکا سوراخ ہر جگہ مساوی ہو لیجاتی ہے اور
ایک جوف دار گولہ اوسکے ایک سرے پر پہوک کر بنایا جاتا ہے تب اسکو پارہ سے
پر کیا جاتا ہے جس سے جوف دار گولہ بہی پُر ہو جاتا ہے پہر اسکو اوس حرارت تک
جو اندازہ کرنی منظور ہو گرم کیا جاتا ہے کہلا سرا نلی کا بہی پہر بالکل بند کیا جاتا ہے
مقیاس الحرارت کے کچہہ درجہ پر لگائے جاتے ہین تاکہ اسکی پہیلاو اور سکڑنے کو دوسرے
کے ساتہہ مطابقت ہو جاوے اول گولی اور نلی کو باریک کوٹے ہوئے برف
مین رکہا جاتا ہے اور اوس مقام پر نشان لگایا جاتا ہے جہان پارہ نلی مین
آنکر قایم ہوتا ہے دوم گولے اور نلی کو بہاپ مین رکہا جاتا ہے جو کہولتے پانی سے
نکلا ہی ہو احتیاط اِس امر کی اِس اثنا مین کرنی چاہیئے کہ بلندی پیمانہ دبا ہوا کی
بہی دیکہی جاوے اِس احتیاط کا باعث پیچہے بیان کیا جاویگا جب یہہ دونون
مقام قایم ہو جاوین تو باقی پیمانہ لگانا آسان ہے تین پیمانہ جو ایکدوسرے مین منتقل
ہو سکتے ہین حال مین مروج ہین اول سنٹی گریڈ۔ دوم فیرن ہائٹ۔ سیوم ریومر
سنٹی گریڈ کے پیمانہ مین فاصلہ جو درمیان دونون مقام منجمد اور جوش کے واقع ہے
ایک سو مساوی حصہ مین تقسیم کیا جاتا ہے ہر ایک حصہ کو درجہ بولتے ہین صفر

دباؤ مقدار گیسون مین پیدا کرتا ہے

اوّل طرز میٹر اوزان اور اندازہ کی

اس طرز کے کئی فواید اس طرز کے رکہنے سے ہین سب سے بڑا یہہ ہے کہ ہمیشہ یہہ کسور اعشاریہ کے طرز پر رہتا ہے اور تحویل جیسا کہ پورانے انگریزی اوزان مین کرنی پڑتی ہے وہ اسمین نہین کرنی پڑتی دوسرا ضروری نفع جو اس طرز کی استعمال کے لیئے مناسب سمجہا گیا ہے یہہ ہے کہ تمام عام لوگ کُل ملکون کے اس طرز کو پسند کرتے ہین اکائی طول کی اسمین میٹر کہلاتی ہے جو گز سے کچہہ زیادہ ہوتی ہے یعنی ۳۹ء۳۷ انگریزی انچ اس میٹر کے دس سو اور ہزارون مین کی گئی ہے اسیطرح انکا نام ڈیسی میٹر سنیٹی میٹر اور میلی میٹر رکہا گیا ہے اضعاف اس میٹر کے دس سو ہزار ڈیکا میٹر ہیکٹو میٹر اور کیلو میٹر کہلاتے ہین پیمانہ رقبہ ــــ ہا مربع کی یا گنجایش کی آسانی ــــ سے بن سکتے ہین۔ آسانی کے لئے لفظ لیٹر ایک مکعب ڈیسی میٹر کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے ایک مکعب سنیٹی میٹر پانیکا وزن چار درجہ حرارت سنیٹی گریڈ پر مساوی ایک گریم کی ہے جسکی تقسیم دس سو اور ہزار حصو مین مثل میٹر کی ہو سکتی ہے

اندازہ حرارت

مقیاس الحرارت اندازہ تغیر تمہل حرارت کا ہمیشہ پہلاو اور سکڑنے اجسام سے جو انکی اندر حرارت سے ہو کیا جاتا ہے اس غرض کے لئے اجسام سیالی کو استعمال کرتے ہیں اجسام ثقیل کم سکڑتے ہین اور گیسین اسقدر پہیلتی اور سکڑتی ہین کہ ان سے ٹہیک لگنا محال ہے پارہ اور الکوہول یا شراب اسکام کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے خصوصاً پارہ




Fig. 7

عمل مین آکسیجن ہوا کے ساتھہ ملکر پانی پیدا کردیتی ہے پیدا کرنا پانیکا ایک صاف اور
خشک سطح شیشہ کو شعلہ پر رکہنی سے جو فوراً دہندلا ہوجاتا ہے ثابت ہوجاتا ہے
بلکہ پانی سے دا اور خشک سطح پر قطرو مین جمع ہوجاتا ہے ایسے قطرے بہت جمع
ہو سکتے ہین اور تحقیقات سے دریافت ہوا ہے کہ وہ خالص پانی کے ہوتے ہین ہیڈروجن
کے اندر جلتی بتی روشن نہین رہتی نہ حیوان اوسکے اندر زندہ رہ سکتی ہین ہیڈروجن
ایک برتن سے دوسرے برتن مین ڈالی جا سکتی ہے لیکن چونکہ ہوا سے ہلکی ہے اسلیئے
اوپر کیطرف برتن کا مُنہ کرنے سے دوسرے برتن مین چلی جاتی ہے وزن متناسبہ ہیڈروجن
کا جب ہوا کا وزن متناسبہ ایک سمجہا جاوے ۰۶۹۳ء۰ ہے لیکن کئی باعث سے
یہہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہیڈروجن کا وزن متناسبہ ایک تصور کیا جاوے
اور وزن یکسان مقدار دیگر گیسونکا اسکے ساتھہ بجاے نمبر ۳ کے مقابلہ کیا جاوے
ہیڈروجن صورت سیال یا ٹہوس مین کبہی نہین پائیگئی

بیان خواص ظاہری گیسونکا نہ صرف وزن آکسیجن اور ہیڈروجن کی جو معین وزن
کلوریٹ آف پوٹاشن جست یا زنک سے نکلے معلوم کرنا ضرور ہے بلکہ مقدار ہر ایک
گیس کی جو اسطرح سے پیدا ہو بیشتر اسکے کہ ایسے شمار مین اپنے تئین ڈالا جاوی بعض
ضروری ابتدائی معاملات ہین کہ جنسے ہمین آگاہ ہونا چاہیئے

اول اینمین سے فرانسیسی طرز اوزانکا ہے

دوم طریق اندازہ کرنے حرارت کا ہے بنانا اور استعمال مقیاس الحرارت معہ ان
قواعد کے جو پہیلنے گیسون کے یہ سب حرارت کے متعلق ہین

سیوم اندازہ دباو بیرونی ہوا بذریعہ آلہ بارامٹر اور قواعد متعلق بتبدلات جو تبدلات

ہیڈروجن کی بوتل مین سے نکالی جاوے اسبات کو یون دریافت کرتے ہین کہ ایک
نلی شیشہ کی اِس گیس سے پُر کر کے جلتی بتی کے پاس لائی جاتی ہے جو آہستہ سے
جل جاتی ہے

اگر باقی عرق جو بعد نکلنے ہیڈروجن کے بوتل مین رہجاوے جوش دیا جاوے تو سفید
قلم بعد سرد ہونے عرق کے بنجاتی ہے یہہ قلم سفید طوطیا یا سلفیٹ آف زنک کی ہوتی
ہے ایک معدود وزن جست معہ گندہک کی تیزاب اور پانی کے ایک معین وزن ہیڈروجن
کا پیدا کر سکتا ہے اور ویسی ہی ایک معین وزن سفید طوطیا کا بنجاویگا یہہ تجربہ
سے دریافت ہوچکا ہے کہ دو حصہ بحساب وزن ہیڈروجن کے ۶۵،۲ حصہ جست
کی تحلیل کرنے سے بن سکتے ہین اور ویسے ہی ۱۶۱،۲ حصہ سفید طوطیا کے بنجاوینگے
مثلاً ھ۲ س ا۴ + ز = ز س ا۴ + ھ۲ ۔ اِس سے نہ صرف یہہ معلوم ہوتا ہے
کہ گندہک کا تیزاب اور جست سفید طوطیا ہیڈروجن پیدا کرتے ہین بلکہ
اس فعل مین جو اشیاء شامل ہوتے ہین انکے وزن سے بھی آگاہی ہوجاتی ہے
مثلاً ھ۲ سے مراد ۲ × ایک حصہ ہیڈروجن س سے ۳۲ × ۱ حصہ گندہک ا۴
سے ۱۶ × ۴ = ۶۴ حصہ آکسیجن سے اور ھ۲ س ا۴ سے مراد ۹۸ حصہ بحساب وزن
گندہک کے تیزاب سے مراد ہے پس ساوات سے معلوم ہوتا ہے کہ ۹۸ حصہ بحساب وزن
گندہک کے تیزاب کی جست کی ۶۵،۲ حصہ بحساب کی ہمراہ جب ملائے جاتے
ہین تو اون سے سفید طوطیا ۱۶۱،۲ حصہ بحساب وزن بنجاتا ہے اور ۲ حصہ بحساب
وزن ہیڈروجن کے بنجاتے ہین ہیڈروجن ہوا مین جب بتی ہو سکے پاس
لائی جاوے نہایت حرارت لیکن کم روشن شعلہ سے جلتی ہے اور اِس




Fig. 6.




Fig. 5.

نلی کے رکھا جاوے تو نلی مین ہیڈروجن گیس جمع ہو سکتی ہے اور اوسکے خواص معلوم
ہو سکتے ہین پانی کے اندر دو حصہ بحساب ہیڈروجن اور ۱۶ حصہ بحساب آکسیجن ہے
اور اسکی علامت کیمیائی ھ۲ا ہے جب پوٹاشیم یا سوڈیم پانی پر تاثیر کرتی ہین تو نصف
مقدار ہیڈروجن کی آزاد ہو جاتی ہے اور اوسکی جگہ دھات آجاتی ہے مثلاً ھ۲ا + پ
= پ ھ ا + ھ ۲ - آزاد شدہ اس مساوات سے ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ ہر یک حصہ بحساب
وزن ہیڈروجن کے لئے جو آزاد ہوئی ار ۳۹ حصہ بحساب وزن پوٹاشیم کے اتصال
مین داخل ہو جاتی ہین کاسٹک پوٹاش جو پیدا ہو جاتا ہے پانی مین حل ہو جاتا ہی
لیکن اسکا وجود آسانی سے اسکے سخت ذائقہ سے جس سے اسکا نام ہے اور نیز سرخ
لٹمس کاغذ کو نیلا کرنے سے دریافت ہو سکتا ہی ہیڈروجن کے بنانے کے لئے لوہے
کو سرخ گرم کیا جاتا ہے اور پانی مین ڈالا جاتا ہے ہیڈروجن آزاد ہو جاتی ہے اور اکسائیڈ
آف آئرن بنجاتا ہے نہایت سہل طریق بنانے بڑی مقدار ہیڈروجن کا خواص ایسی
دہاتو نپر موقوف ہے جیسے لوہا اور جست جب یہہ گرم ہون تو پانی کے اجزا علیحدہ
علیحدہ کر دیتے ہین یعنے یہہ دہاتین معمولی حرارت پر ہیڈروجن کو پانی مین سے آزاد
کر دیتی ہین اگر کوئی نرم تیزاب موجود ہو اس غرض کے لئے ایک ایسی بوتل لینی چاہیئے
جس مین ایک ڈاٹ سوراخدار مع نلی کے ہو جیسا ذیل کی تصویر مین
تہوڑے سے ٹکڑے جست کے بوتل مین ڈالے جاتے ہین اور مرکب ایک حصہ گندہک
کی تیزاب اور ۹ حصہ پانیکو ملاکر پیک کے ذریعہ سے داخل کیا جاتا ہے بعد
چند لحظونکے بہت جلد جوشش شروع ہو جاتا ہے اور آزاد گیس پانی کے اوپر بوتل
کے اندر جمع ہو جاتا ہے احتیاط کی احتیاط رکھنی چاہیئے کہ تمام ہوا پیشتر جمع ہونے

کے لیئے کثیف ہو جاتی ہے اوزون ہوا مین بہی پائی جاتی ہے اور اسکا وجود ایسے کاغذ کے نیلا ہو جانے سے جو ایڈائیڈ پوٹاشیم اور نشاستہ سے تر ہو معلوم ہو سکتا ہے تاہم یہہ بہی یاد رکہنا چاہیئے کہ ایسی اشیا اور بہی ہین جنسے یہہ اثر کاغذ مین پیدا ہوتا ہے مثلاً نیٹروز ایسڈ

بیان ہیڈروجن کا

علامت ہ وزن ایکٹ وزن ذرّاتی نمبر ایک

ہیڈروجن بیرنگ بے بو بے ذائقہ گیس ہے سب اشیاء دنیا مین سے جو معلوم ہین ہلکی ہے یہہ اگنا ہوا سے ہلکی ہے گیسون کو آتش فشان مین کم مقدار اور بہت مقدار مین آکسیجن سے ملکر پانی کیصورت مین پائی جاتی ہے اور مرکب مثل پانی کی اجزاء علیحدہ کرنے سے یہہ گیس طیار کیجاتی ہے ½ حصہ پانیکا ہیڈروجن سے بنا ہوا ہے اور یہہ گیس فعل بعض دہاتو نکے ذریعہ سے اس سے پیدا کیجا سکتی ہے دہاتین پانیکے اجزا علیحدہ کر دیتی ہین اور خود آکسیجن سے ملکر آکسائیڈ پیدا کرتے ہین ہیڈروجن نکلجاتی ہے کہاری دہاتین مثل پوٹاشیم اور سوڈیم کی پانیکے اجزا معمولی حرارت پر علیحدہ کر دیتی ہین لوہا اوسوقت جب سرخ حرارت تک گرم کیا جاوے سونا اور چاندی پانی پر کسیصورت مین تاثیر نہین کرتے

جب ایک چہوٹا سا ٹکڑا پوٹاشیم کا پانیکے اندر ڈالا جاتا ہے تو اوسی لحظ تفرقہ اجزا پانی کا شروع ہو جاتا ہے ہیڈرایٹ آف پوٹاش بنجاتا ہے اور ہیڈروجن آزاد ہو جاتی ہے حرارت اوسوقت اسقدر پیدا ہو جاتی ہے کہ ہیڈروجن جلنے لگتی ہے اگر پوٹاشیم یا اسی بہتر سوڈیم کو ایک تار جست کی باندہ کر نیچے پانیکے پاس ایک




Fig. 4.

بیان اوزون کا

خالص آکسیجن مین ایک عجوبہ تبدیل واقع ہوتی ہے جب مسلسل ڈسچارج بجلی کے اوسکے
اندر سے گزاری جاوین اسمین تب بوے عجیب پائی جاتی ہے اور یہہ اوڈین کو
آیوڈائیڈ آف پوٹاشیم مین سے نکال دیتی ہے اور اوسسے آکسیڈیشن وقوع مین آتا
ہے جو عام آکسیجن سے نہین ہوتا ہے الاٹرا ایک تبدیل آکسیجن کی اوزون کہلاتی
ہے اگر ایک شعلہ بجلی کے ڈسچارج کا آکسیجن کے اندر سے گزارا جاوی تو گیس اپنی
مقدار مین ایک بارہوان حصہ کم ہوجاتی ہی اور کچہہ اوزون مین تبدیل ہوجاتی ہے یہہ
کسیطرح ممکن نہین ہے کہ ہم عام آکسیجن کو اوزون مین تبدیل کر دین اگر کوئی شی ایسی
جو اوزون کو جذب کرتی جب وہ بن رہی ہو جیسا ایڈ ایڈ آف پوٹاشیم تو تمام آکسیجن
اوزون مین تبدیل ہوسکتی ہے عجوبہ بو جو بجلی کی کل چلانے سے پیدا ہوتی ہے وجود
اوزون سے پائی جاتی ہے - اور اگر ایک کاغذ جو عرق ایڈ ایڈ آف پوٹاشیم اور نشاستہ
مین تر کیا ہوا ہو سر کنڈکٹر بجلی پر رکہا جاوی تو آزاد ہوتی آیوڈین سے نیلا
ہوجاتا ہے اور مرکب آیوڈین اور نشاستہ کا پیدا ہوجاتا ہے اوزون اور کئی
طرح سے بہی بن سکتی ہے مثلاً جب ایک بتی فاسفرس کی بوتل پانی کے اندر لٹکائی
جاوی یا جب اجزا پانی کے فعل بجلی سے علیحدہ کیئے جاوین یا فعل گندہک کی
تیزاب سے اور پر منگنیٹ آف پوٹاش کے اوزون کثیف کی ہوئی آکسیجن ہے مقدار
کثافت کی جو آکسیجن مین واقع ہوتی ہے اور نیز مقدار اوزون کی جب معلوم ہوجاوے
تو وزن متناسبہ اوزون کا معلوم ہوجاتا ہی یہہ دریافت ہوچکا ہے کہ اوزون
آکسیجن سے ڈیڑہ گنا وزنی ہے یعنے تین مقدار آکسیجن کی دو مقدار اوزون بنانے

پوٹاشیم ۱ء ۳۹ یا پ

کلورین ۵ء ۳۵ یا کل

آکسیجن ۴۸ یا ۱۶ + ۳ = ۱۳۱

علامت کلوریٹ آف پوٹاشس کی اسلیئے پ کل ا۳ ہے - حروف کا ایکدوسرے کے پاس پڑا ہونے سے یہہ مراد ہے کہ عناصر باتناسب بحساب وزن جو اون سے ظاہر ہوتا ہے ملے ہوئی ہین - ہندسہ ۳ کا جو ا کے پاس تحریر ہے ظاہر کرتا ہے کہ وزن اتصال آکسیجن کا ۱۶ تین مرتبہ لینا چاہیئے حاصل جمع اوزان اتصال اجزاء مرکبہ کا وزن اتصال مرکب کا کہلاتا ہے اس مثال مین یہہ ۶ء ۱۲۲ ہے

علے ہذا القیاس ہر ایک ۶۳ عناصر مین سے اپنی الگ الگ خاص علامت اور عدد رکہتا ہے جس سے تناسب بحساب وزن ظاہر ہوتا ہے - جن سے یہہ اتصال پاتا ہے دلایل کہ کیون کیمیاگرون نے یہہ خاص اعداد اوزان اتصال یا تناسب عناصر مقرر کئے اور قواعد جو ان اتصال پر ضبط رکہتی ہوئے دریافت ہوئے بعد ازان جب علم کیمیا کی استعداد بڑہ جاویگی بیان ہونگی

کثافت یا وزن مقرر حجم آکسیجن بمقابلہ مساوی حجم ہیڈروجن کے ۱۶ اور ہوا سے ۱۰۵۶ء۱ دریافت ہوا - ہیڈروجن سب اشیا سے ہلکی ہے اور اسکی کثافت مساوی ایک کے تصور کی گئی ہے وزن متناسبہ آکسیجن کا بمقابلہ وزن مساوی حجم ہوا کے جسکو ایک مانا گیا ہے دریافت ہوا - ایک لیٹر آکسیجن گیس کا وزن صفر سنٹی گریڈ - اور دباؤ ۷۶۰ میلی میٹر پارہ پر ۴۲۹۸ء۱ گرام ہے

جب اِس نمک کو گرم کیا جاتا ہے تو تمام آکسیجن بطور گیس کے خارج ہو جاتے ہین ۱۲۲ء۶ اجزا
سے ۴۸ حصہ آکسیجن کے ملتے ہین اور ۷۴ء۶ حصہ سخت مرکب کلورین اور پوٹاشیم
کے جسکو کلورائیڈ آف پوٹاشیم بولتے ہین باقی رہتے ہین
اِسلیئے وزن آکسیجن گیس کا جو مقرر وزن کلوریٹ آف پوٹاش سے نکل سکتی ہے
اور بر عکس اِسکے حساب ہو سکتا ہے

تاکہ بناوٹ اشیا سہولیت سے ظاہر کیجاوے اور عناصر کے نام پورے پورے تحریر
کرنے پڑین کیمیا گر مختصر علامت استعمال کرتے ہین۔ اصول جن علامتون کے مختصر
بیان کیئے جاتے ہین بجاے تمام نام تحریر کرنے کے صرف ایک یا دو حرف ابتدائی نام
عنصر مین سے عنصر کے لئے استعمال کیئے جاتے ہین۔ کبھی یہہ انگریزی نام مین سے لیئے
جاتے ہین۔ لاطینی اور کبھی یونانی نام سے بھی لیئے جاتے ہین مثلاً ک ل۔ کلورین کے
لیئے۔ پ پوٹاشیم کے لیئے۔ ا۔ اکسیجن کے لیئے
اِن حروف سے سواے اِسکے اور مطلب بھی پایا جاتا ہے۔ نہ یہہ صرف عناصر کے لیئے
آتے ہین بلکہ یہہ تمام مقرر اعداد کے لیئے ہین۔ جن سے تناسب بحساب وزن ظاہر ہوتا
ہے جس تناسب مین اکثر عناصر آپسمین اتصال پاتے ہوئے دریافت ہوئے ہین مثلاً
ک ل سے کوئی وزن کلورین کا ظاہر نہین ہوتا ہے بلکہ اِس سے ہمیشہ ٹھیک ۳۵ء۵
حصہ بحساب وزن ظاہر ہوتے ہین۔ پ سے کوئی وزن پوٹاشیم کا ظاہر نہین ہوتا بلکہ
ہمیشہ ۳۹ء۱ حصہ اور ا سے ہمیشہ ۱۶ حصہ بحساب وزن آکسیجن کے ظاہر ہوتے
ہین اسلیئے ظاہر ہے کہ ہم علامتون سے نہ صرف خواص بلکہ مقداری بناوٹ کیمیاوی اشیا
کے ظاہر کر سکتے ہین۔ مثلاً کلوریٹ آف پوٹاش کے اندر

کا ہوتے ہین - چونکہ انکے اندر آزاد آکسیجن نہین ہوتی ہے اور اسوجہ سے
عمل آکسیڈیشن کا بند ہو جاتا ہے - یہہ باعث موت علاوہ کسی مہلک اثر گیسون
کے ہوتا ہے
باقی ترکیبین آکسیجن کو بڑی مقدار مین بنانے کی - سفید کرنے والے سفوف
اور گندہک کی تیزآب اور بیریم ڈائی آکسائیڈ کے متعلق ذکر کی جاویگی -
جب بناوٹ کسی شی کی اجزاء عناصر مرکب کے علیحدہ کرنے سے دریافت کیجاتی ہے
تو کیمیائی امتحان اوس شی کا ہو جاتا ہے اور اگر تناسب بحساب وزن - جس مین کہ ہر
ایک چیز موجود ہے دریافت کیا جاوے تو امتحان مقدار اوس شی کا ہو جاتا ہے - جب اجزا
اتصال کنندہ کو باہم ملانے سے بناوٹ دریافت کی جاتی ہے تو ایسے امتحان کو
دریافت کرنا بناوٹ کا اتصال سے بولتے ہین - اگر کلوریٹ آف پوٹاش کا امتحان کرین
تو ہمین معلوم ہوتا ہے خواہی کسی جگہ سے اس نمک کو لیوین کہ اسمین ہمیشہ بدون تغیر کے
یکسان بناوٹ ہوتی ہے - یہہ ہی حال ہر ایک محدود کیمیائی مرکب پر صادق آتا ہے -
بے شک اگر ایسا ہوتا تو علم کیمیا بطور علم کے قایم نہ رہ سکتا - پوٹاشیم کلوریٹ تین عناصر سے
بنا ہوا ہے کلورین اور پوٹاشیم اور آکسیجن سے - اور ذیل کے تناسب مین بحساب وزن
کے یہہ عنصر ملے ہوئے ہین

کلورین	۳۵ ء ۵ بحساب وزن
پوٹاشیم	۳۹ ء ۱
آکسیجن	۴۸ ء ۰
کلوراٹیڈ آف پوٹاشیم	۱۲۲ ء ۶

اور بوسیلہ سبز رنگین مادہ پودون کے یہہ عمل پورا ہوتا ہے
آفتاب کی روشنی مین موجودگی اس سبز مادہ کی طاقت متفرق کرنے کاربان ایسڈ کے
ہے کاربان کو پودے واسطی اپنے بڑہنے کے جذب کر لیتے ہین اور آکسیجن آزاد
ہو جاتی ہے اور بعد ازان حیوانون کی پرورش کے لئے عمل تنفس مین کام آتی
ہے فعل دم کشی مین جانور آکسیجن ہوا کی پیتے ہین - اور دم چہوڑنے کے وقت
کاربانک ایسڈ گیس خارج کرتے ہین اسلئے حیوانی زندگی کے لئے آکسیجن گیس ضروری ہے
اور سابق مین اسوجہہ سے اس گیس کو - گیس زندگی کی بولتے تہے - تبدیل کیمیاوی
جو آکسیجن بدن مین پیدا کرتی ہے حقیقتاً ویسی ہی ہے جو وقت جلنے ایک ٹکڑہ
کویلہ کے آکسیجن کے اندر واقع ہوتی ہے - اور اوسکا اظہار تجربہ سے ہو سکتا ہے
اگر کچہہ صاف لایم واٹر یا چونہ کا پانی ایک بوتل کے اندر ڈالا جاوے جسمین کویلہ جلایا
گیا تہا تو چونہ کا پانی دودہیا سا ہو جاویگا کیونکہ مرکب لایم اور کاربانک ایسڈ کا یعنی
کہریا مٹی بنجاتی ہے - یہہ ایسڈ جلنے سے پیدا ہوتا ہے - اور اگر وہ ہوا جو شش
کے اندر رہے پہر گلاس کی نلی کی راہ سے کچہہ لایم واٹر مین ڈالی جاوے تو کتنا نت
پیدا ہونے کہریا مٹی کے پیدا ہو جاویگی جس سے ثابت ہو جاویگا کہ کاربانک ایسڈ
گیس شش مین سے خارج ہوتی ہے یہہ کاربانک ایسڈ آکسیڈیشن اجزا جسم سے
پیدا ہوتا ہے اور اس آکسیڈیشن سے حرارت جسم کی جو حرارت پاس کی بیجان اشیا
کی حرارت سے زیادہ ہوتی ہے قایم رہتی ہے - جب یہہ عمل کیمیاوی رک جاتا ہے
اور تب حرارت پاس کی اشیا کی حرارت کے برابر تک گہٹکر ہو جاتی ہے
کاربانک ایسڈ نٹروجن اور بعض دیگر گیسین جب سانس لے جاوین تو باعث موت

پیدا ہوتی ہے۔ جب اجسام آکسیجن کے ساتھ ملنے سے حرارت اور روشنی پیدا کرتے
ہین تو اوسکو جلتی ہوئی بولتے ہین تمام اجسام جو ہوا کے اندر جلتے ہین آکسیجن گیس
کے اندر زیادہ دمک سے جلتے ہین اور بہت اشیا مثل آیرن کی جو ہوا مین آسانی سے
نہین جلتے۔ آکسیجن مین جلائی جا سکتی ہے ایک سرخ گرم ٹکڑہ لکڑی کا جب بوتل آکسیجن
گیس مین ڈالا جاوے تو شعلہ کی طرح جلنے لگتا ہے۔ گندہک جو ہوا کے اندر زردی مایل
نیلے شعلے سے جلتی ہے آکسیجن گیس کے اندر عمدہ نافرمانی روشنی پیدا کرتی ہے اور
ایک چھوٹا سا ٹکڑہ فاسفرس کا جلا کر جب آکسیجن کے اندر ڈالا جاوے تو خوب دمکدار روشنی
سے جلتا ہے۔ اگر ان برتنوں کو جنمین یہہ تجربے کئے گئے ہین بعد مین دیکھا جاوے
تو معلوم ہو جاویگا کہ اشیاء جو آکسیجن مین جلنے سے پیدا ہوئے۔ خواص ترشی یا
ایسڈ رکھتے ہین اور اونمین طاقت نیلی نباتاتی رنگ کو سرخ کرنے کی پائی جاتی ہے
مثلاً لٹمس کو اور اسیوجہ سے لووزیر نے آکسیجن کا نام تیزاب بنانے والا رکھا
ایک نہایت باریک لوہے کی تار کا آکسیجن کے اندر بآسانی جلایا جا سکتا ہے اگر تار
کے سرے پر جلتا ہوا سافر لگا ہوا ہو اور پھر ان تارونکو گیس کی بوتل مین ڈالدین
آکسائڈ آف آیرن جو جلنے سے پیدا ہوتا ہے پگھلی ہوئی صورت مین نیچے گرتا ہے
بہت سے دیگر اشیا واسطے طیار کرنے آکسیجن کے کام مین لائے جاتے ہین اگر بڑی
مقدار ایسے گیس کی مطلوب ہو تو انجنی کو جو کثرت سے ملتی ہے لوہے کی بوتل مین
ڈالکر سرخ حرارت تک گرم کیا جاتا ہے ۱۰۰ حصہ مین سے ۱۲،۳ حصہ بحساب وزن اس
گیس کے پیدا ہوتے ہین۔ ایک دلچسپ تفرقہ جس سے آکسیجن آزاد ہوتی روشنی
آفتاب کی اثر سے اوپر کاربانک ایسڈ گیس کے ہے جو ہوا کے اندر رہتی ہے




Fig. 3.

بسموتھ	ب س	۲۱۰	کرومیئم	ک ر	۵۲،۴
بوران	ب	۱۱	کوبالٹ	ک د	۵۸،۷
برومین	ب ر	۸۰	کاپر	ک حر	۶۳،۵
کڈمیئم	ک د	۱۱۲	ڈیڈی میم	ڈ	۹۵
اربیئم	ع	۱۱۲،۶	پلاٹی نم	پ ل	۱۹۷،۵
فلورین	ف ل	۱۹	پوٹاشیم	پ	۳۹،۱
گولڈ	گ	۱۹۷	روڈیم	رو	۱۰۴،۴
ہیڈروجن	ھ	۱	روبڈیم	رو	۸۵،۳۴
انڈیئم	۰	۱۱۳	روتھینیم	رو	۱۰۴،۴
آوڈین	آ	۱۲۷	سیلنیم	س ر	۷۹،۵
ارڈیم		۱۹۸	سلور	س ل	۱۰۸
آرن	آ ر	۵۶	سلیکان	س ی	۲۸
لن ہتانم	ل ا	۹۲	سوڈیم	س د	۲۳
لیڈ	ل	۲۰۷	سٹرانشیم	س ر	۸۷،۵
لیتھی ام	ل ی	۷	سلفر	س س	۳۲
میگنشیم	م	۲۴	ٹن ٹلم	ٹ	۱۸۲
مینگنیز	م ن	۵۵	ٹلوریم	ٹ ی	۱۲۹
مرکری	م ر	۲۰۰	ہتلیم	ت ل	۲۰۴
مولبڈینم	م د	۹۶	ہتھوریم	ت ھ	۲۳۱،۵

ہے اور اڑتالیس دہاتون سے ہمین آگاہی ہے اور صرف ۱۵ غیر دہاتی عناصر معلوم ہین

ان ۶۳ عناصر سے اسباب واسطے بنانے کارخانہ اس علم کے مہیا ہوتا ہے ہر ایک قسم کا مادہ جسکا امتحان ہوا ہے۔ ان عناصر سے بنا ہوا ہے۔ خواہی ملکر مرکب اون سے بنے ہوئے ہین۔ خواہی حالت جدائی یا آزادی مین ہون

علم کیمیا کی غرض یہہ ہے کہ خواص عناصر اور اونکے مرکبون کے بطور امتحان تجربہ معلوم کرے اور وہ قاعدہ دریافت کرے جن سے وہ ایکدوسرے سے ملتے ہین۔ علم کیمیاء کے اصول کو فنون اور کارخانون مین برتنا نہایت ضروری اور دلچسپ ہے۔ اور تمیزداری کی ترقی مین علم کمسٹری سے بڑی تاثیر ہوئی ہے۔ اور سرفرازی اور نفع نوع انسان اس سے بہت ہوا ہے۔ اس امر کے نظیرین بےشمار ہین جن سے نئی صناعین حرفت کاری کی عمدہ استعمال اصول کیمیاء کے سبب پیدا ہو گئی ہین اور کوئی شی عام استعمال کی نہین ہے جنکے پیدا کرنے مین کچھہ استعمال اصول کیمیاء کا نہایت ضروری نہ ہوا ہو ذیل کی پوری فہرست عنصرون کی جو حال کے زمانہ تک معلوم ہوئے ہین

نام عناصر	علامت عناصر	وزن ذراتی		نام عناصر	علامت عناصر	وزن ذراتی
ایلومینیم	ال	۲۷٫۳		تی ثی یم	ث	۱۳۳
انٹی مینی	ان	۱۲۲		کالشیم	ک ا	۴۰
آرسنک	ار	۷۵		کاربان	ک	۱۲
بیریم	ب ی	۱۳۷		سیریم	ث ے	۹۲
برلیئم	ب ا	۹٫۳		کلورین	ک ل	۳۵٫۵


اور کچھہ مختلف حاصل نہین ہو سکتا حالانکہ جب یہہ دونون جسم باہم گرم کئے جاتے
ہین تو ایک مرکب پیدا ہوتا ہے جس مین سے دونون اصلی عنصر جب چاہین علیحدہ
ہو سکتے ہین پانی ایک مرکب جسم ہے اور اسکو دو عنصر گیسون مین پہوڑ سکتے ہین
یعنے ہیڈروجن اور آکسیجن عام نمک کہانے کا مرکب ایک گیس کلورین سے ہمراہ
دہات سوڈیم کے ہے اور لایم ـ پتہون ـ مٹی ـ چینی اور موم نظیرین مرکب اجسام
کی ہین ـ فاسفرس ـ چارکول ـ لوہا ـ پارہ ـ اور سونا ـ اشیاء مفرد مین سے ہین
ذیل کے تجربہ سے مرکب کے دو مفرد اشیا مین جدا جدا ہونے کی کیفیت بخوبی ظاہر
ہوتی ہے ـ تہوڑی سی مقدار سرخ سفوف ریڈ مرکری اکسایڈ کی ایک نلی مین ڈالکر
گیس کی شمع مین گرم کی جاتی ہے ـ جب یہہ گرم ہوتی ہے تو اکسایڈ بتدریج متفرق
ہوتا ہے ـ ایک خاکی تلچہٹ چہوٹے چہوٹے ذرون دہات پارہ کا سرد حصہ نلی گلاس
پر جمع ہوتا ہے اور نلی کے اندر بیرنگ گیس بہر جاتی ہے جسکا وجود اسطرح سے ثابت
ہوتا ہے کہ سرخ گرم لکڑی کو اسکے اندر ڈالنے سے آگ لگ جاتی ہے گرم کرتے رہین
تو تمام سرخ سفوف دو عنصر مین الگ الگ ہو جاتا ہے یعنے مرکری اور اکسیجن جو باہم
وزن مین ٹہیک اوتنے ہی ہین جتنا کہ ریڈ اکسایڈ مرکری مین تہا جس سے کہ وے
حاصل ہوئے عنصرون کو واسطے سہولیت بیان کے دو جماعتون مین تقسیم کیا
ہوا ہے ـ دہاتین اور غیر دہاتی اشیاء ـ دہاتون مین سونا ـ لوہا ـ سکہ پارہ
قلعی وغیرہ عنصر ہین ـ غیر دہاتی عناصر مین وہ اشیاء جو معمولی حرارت پر ہوائی
صورت رکہتے ہین ـ مثلاً اکسیجن اور ہیڈروجن مع چند سخت یا ثقیل اشیاء
کے مثلاً گندہک چارکول وغیرہ ـ تعداد دہاتون کی غیر دہاتی عناصر سے بکثرت

دونون جانب درمیانی نشان سے حرکت کریگا - ایک ترازو مذکورہ بالا ایک حصہ ملیگرام کا ظاہر کر سکتا ہے یا ایک لاکھوان حصہ شی وزن کردہ شدہ کا تمام ناز کیمیای ترازو گلاس کے خانو ںمین رکہے ہوئے ہوتے ہین تاکر جہوکی ہواکی وزن کرنے کی وقت صحت وزن مین خلل انداز ہون اور نیز گرد اور تری سے یہہ آزار محفوظ رہین -

غرض کیمیاگر کی یہہ ہوتی ہے کہ خواص تمام اشیاء کی بلحاظ اونکے باہمی فعل کے جو وہ اجسام پیدا کرنے مین رکہتے ہین او جو اجسام اصل سے بالکل مختلف ہین معلوم کرے تاکہ وہ اپنی غرض کو پورا پورا حاصل کر سکے کیمیاگر کو تجربہ کرنے کی حاجت پڑتی ہے - یعنے ایسی اشیا کو جو وہ دیکہتا رہا ایسی صورتون اور حالتون مین او رکہنا پڑتا ہے جو قدرتی نہین ہوتی ہین اور ان صورتون کو وہ ضبط اور بدل سکتا ہے اسیوجہ سے کمسٹری کو علم تجربہ بولتے ہین اسیطرح تمام اشیاء کو دیکہنے جو اوسکے قابو مین ہین خواہ وہ سخت سیال یا ہوائی ہون خواہ وہ زمین سمندر اور ہوا کے اندر ہون خواہ حیوانات یا نباتات سے متعلق ہون - کیمیاگر اونکے دو جماعت بناتے ہین

اول مرکب اشیا - وہی جسکو وہ دو یا زیادہ بالکل جدا جدا اشیاء مین علیحدہ علیحدہ کر سکے اور دوم عناصر یا خود اشیاء یعنے وہی اشیاء جنکو وہ پہر جدا جدا نہین کر سکتا اور جس مین سے کچہہ بہی اصل سے بالکل مختلف حاصل نہین ہو سکتا ہے

مرکب اشیاء دو یا زیادہ عناصر کی کیمیای طور پر ملنے سے بنا ہوا ہوتا ہے - مثلاً گندہک اور تانبا دو عنصر ہین - اور ہر ایک سے علیحدہ علیحدہ سوائے گندہک اور تانبے



A
A
D
D
G
E
E
C
B
F




Fig. 1.

جلنے ہی کے اندر واقع ہوتا ہے تبدیل صورت اور نہ زایل ہونا مادہ کا واقع ہوتا
ہے - صداقت اس اول اور بڑے اصول کی بتدریج علم کیمیا مین ثابت ہوئی
ہے اور دریافت اسکی کہ اوزان اشیار کی جو ایک دوسرے پر عمل کرتے
ہین ویسے ہی بعد مین رہتی ہے کہ جیسا قبل تبدیل کیمیار کے ہونیکے تہی - واسطے
دریافت صحیح وزن اشیار کے ایک اوزار جسکا نام ترازوے کیمیار ہے
استعمال کیا جاتا ہے شکل نمبر (۲) مین اسکی تفصیل ہے - اسمین ایک سوراخ دار
ڈنڈی ہوتی ہے جو مرکز پر ہلتی ہے جہان ایک مثلثی چاقو کا پہل اسمین لگا ہوا ہوتا ہے
اور یہہ سنگ لشیم کے سطح پر جو پیتل کے ستون سے لگی ہوئی ہوتی ہے قایم ہوتا
ہے ہر ایک سرے ڈنڈی سے ہلکی پیتل کی پلڑی لگی ہوئی ہوتی ہین اور ہر
ایک پلڑا بذریعہ سطح سنگ لشیم کے - پہل چاقو پر جو سروں لکڑی سے
لگے ہوئے ہوتے ہین لٹکا ہوا ہوتا ہے اس ترکیب آرام اور قیام سے جہانتک
ممکن ہے رگڑ کم ہو جاتی ہے اور اوزار نہایت نازک بنجاتا ہے تاکہ سنگ لشیم
کے پہل اور سطح ہمیشہ کے استعمال سے بگڑ نہ جاوین ڈنڈی اور سرے
(دال ڈال) پیتل کے یا (ی ی) بند سے جب ترازو سے کام نہ لیا
جاتا ہو اوٹہائے رہتے ہین تاکہ لشم کے سطحین آپسمین چہونے نہ پاوین اور
دستہ (ف) کو گہمانے سے ڈنڈی اور پلڑون کی خلاصی ہو جاتی ہے
شی جسکو تولنا منظور ہو ایک پلڑے مین ڈالیجاوے اور تب وزن ایک بعد
دوسرے کے دوسرے پلڑی مین ڈالا جاتا ہے تاوقتیکہ ترازو ٹہیک قیام
مین آجاوے اور یہہ یون معلوم ہوتا ہے جب سوئی (ج) برابر فاصلہ تک

لیئے ایک سیدہی گلاس کی نلی - پونا انچ چوڑی دس انچ لمبی دونون سرون پر کاک سے بند لینے چاہیئے اوپر کے سر یکے کاک کو اندر سے ایک خمدار نلی گذرتی ہے اور نیچے کے درمیان سے کئی سوراخ ہوتے ہین ایک چھوٹا سا ٹکڑا بتی کا یا جلتی لکڑی کا ایک نیچے کے سوراخ کے ساتھہ باندھا جاتا ہے ایک خمدار نلی جسکے اندر لکڑی کا سٹک سوڈا کی بہری ہوئی ہون ساتھہ سوراخ وار کاک کے پہلی نلی سے وصل کیا جاتا ہے اِس کل کو ایک بازو ترازو کے ساتھہ لٹکایا جاتا ہے جب اُسکو اسطرح درست کر لیا جاوے اور ٹہیک اوسکا پاسنگ دوسری جانب ترازو مین وزن ڈالکر کر لیا جاتا ہی سرا خمدار نلی کا جب طیار کیئے گئے انڈیا ربڑ کے ساتھہ ایک سوراخ سے جو اوپر ایک برتن کے جو پانی سے پُر ہے اِس برتن کے پیندی مین ٹیپ یا ٹوٹی لگی ہوئی ہوتی ہے جسکے راہ سے پانی بہہ نکلتا ہے اور جسے ٹوٹی کو کہولنے سے پانی بہتا ہے ہوا اندر سارے آلہ کے اون سوراخون سے جو سوراخدار کاک مین مین آتی ہے اِس کاک کو تب اوتارا جاتا ہے بتی جلائی جاتی ہے اور کاک بتی پر لگا دیئے جاتے ہین آلہ مین دو چار منٹ بتی جلنے کے بعد نلی کو جدا کیا جاتا ہی اور گلاس کی نلی لٹکتی رہتی ہے تب معلوم ہو جاتا ہے کہ اِس آلہ کا وزن قبل جلنے بتی کے جو تہا اسی سے زیادہ ہو گیا مگر وزن کاسٹک سوڈا مین اشیا جلنے اجزا بتی یا لکڑی سے جو کاربان اور ہیڈروجن ساتھہ آکسیجن ہو کے ملنے سے پیدا ہوئے جذب ہو گئے یعنے کاربانک الیڈ اور پانی تمام صورتین فعل کیمیا کے دیکہنے سے یہہ اچھی طرح ثابت ہو جاتا ہے کہ کمی مادہ مین واقع نہین ہوتی کہ مادہ لازوال ہے اور فعل کیمیا مین جیسا

کو ذرا سا گرم کرین تو یہہ جلد ہی پگہلنے لگیگا اور مجموعہ کے دیکہنے سے معلوم ہوا کہ
دونون تانبا اور گندہک بطور اپنی اپنی حیثیت کے نہ معلوم ہوجاوینگے اور
پہر نہایت قوی خوردبین سے اونکی پہچان نہو سکیگی اور بجاے اونکے ایک سیاہ
مجموعہ بنجاویگا جس مین ایسے خواص ہین جو مختلف اون خواص سے ہین جو گندہک
اور تانبے کے ہین یہان تبدیل کیمیا واقع ہوئی تانبا اور گندہک کیمیائی طور پر
لگگئے ایک مرکب بنانے کے لئے جس مین سے دونون اشیاء ٹہیک مقدار
مین حاصل ہو سکتے ہین جو اوسکے بنانے مین صرف ہوئی جب ایک بتی ہوا مین
جلتی ہے تو تبدیل کیمیائی شروع ہو جاتی ہے اور اگرچہ بتی بتدریج اوڑتی جاتی
ہے اجزاء جنسے وہ بنی ہوئی ہے زایل یا نیست و نابود نہین ہوتی وہ ایسی
صورت مین چلی جاتی ہین جنمین وہ نظر نہین آسکتے لاکن اونکا وجود اور دلایل
سے دریافت ہو سکتا ہے مثلاً اگر ہم ایک بتی کو ایک صاف بوتل مین جو ہوا سے
پر ہو تہوڑے سے لحظونکے لئے جلاوین اور بعد اوسکے اندر صاف چونے کا
پانی یا لائیم واٹر ڈالین تو معلوم ہوجاویگا کہ لائیم واٹر جو صاف ہوا مین شفاف رہتا ہے
یکلخت دودہ سا ہوجاتا ہے جس سے وجود ایک نانظر آنے والی ہوائی جسم کا جو جلانے
بتی سے پیدا ہو ثابت ہوتا ہے جس مین خواص مختلف صاف ہوا کی پائے جاتے
ہین ظاہرا کمی مادے کی وقت جلنے بتی کے واقع ہوتی ہے اس سادہ تجربہ سے
ثابت کرنا بہت آسان ہے کہ یہہ بات واقع مین نہین بلکہ اوسے برخلاف ترقی
وزن مین ہوجاتی ہے یہہ ایزادی اجزاء چربی یا موم کی کیمیائی طور پر ایک نانظر آنے
والی گیس آکسیجن کے ساتہہ جو ہوا مین موجود ہے ملنے سے واقع ہوتی ہے اس غرض کے

ترجمہ کتاب علم کیمیا

دیباچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فعل کیمیا سے وہ تاثیر مراد ہے کہ جو وقوع مین آتی ہے جب دو یا زیادہ عنصر ایک دوسرے
پر ایسا اثر کرین کہ اوس سے ایک تیسری شی پیدا ہو جاوے جو اصل سے اپنے
خواص مین مختلف ہو - یا جب ایک شی ایسی صورت مین آپڑے کہ اوس سے
دو یا زیادہ جسم ایسے پیدا ہون جو اصلی سے خواص مین مختلف ہون - مثلاً
اگر سفوف شدہ گندھک اور باریک ریگ تانبے کی خوب ملائی جاوے
رنگ گندھک اور ویسا ہی تانبے کا اوڑ جاویگا - اور مرکب کا رنگ ظاہراً
یکسان سبز سا معلوم ہوگا بیشک مدد خوردبین سے ذرہ تانبے کے ذرون
گندھک کے نزدیک پڑے ہوئے نظر آوینگے پانی کے ذریعہ سے گندھک
دھوئی جا سکتی ہے اور بھاری تانبا پیچھے رہ جاتا ہے - اس مقام پر کوئی فعل
کیمیا واقع نہوا صرف گندھک اور تانبا ملے ہوئے تھے اگر اس مرکب آلاتی

LIBRARY
DEC 10 1969
UNIVERSITY OF TORONTO

QD
33
K514
1879

تجری عیون العلم من بیت العلوم کما تری
سالت عیون الماء فی الفنجاب من اجبالها

الحمد للہ کہ بعون حکمت حکیم علی الاطلاق و تائید قدرت صانع آفاق
نسخہ مفید جمیع اکابر و اصاغر اعنی ترجمہ

کتاب علم کیمیا

المعروف بہ کیمسٹری راسکو صاحب بہادر

جسکو ڈاکٹر سید امیر شاہ صاحب [illegible] معلم علم طبعی فیلو پنجاب
یونیورسٹی کالج و مدرس علم طبعی و فن قابلہ میڈیکل سکول لاہور نے
سنٹ پنجاب یونیورسٹی کالج کے لئے منظوری سے بحکم واجب الاذعان جناب

ڈاکٹر جی ڈبلیو لیٹنر صاحب بہادر

رجسٹرار و بانی مبانی بیت العلوم پنجاب مہتمم وداران امتحان انٹرنس و
پروفیشنسی ہائی پروفیشنسی ان آرٹس کے لئے انگریزی سے اردو زبان میں ترجمہ کیا

بحسن اہتمام کارپردازان مطبع انجمن لاہور
بماہ مارچ ۱۸۷۹ء مطبوع ہوئی

QD Kitab 'ilm-i kimiya
33
K519
1879

P&A Sci.

PLEASE DO NOT REMOVE
CARDS OR SLIPS FROM THIS POCKET

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY